"گوشو گنگا کو اک مرکز پہ لانے کے لیے ایک نیا سنگم بناؤں گا زمانے کے لیے"

سچ کی آواز

SACH ki AWAZ • सच की आवाज़

خوش آمدید 2019!

اہل وطن کو نئے سال کی پرخلوص مبارکباد

@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily

Published from New Delhi

www.sachkiawaz.com

نئی دہلی • جلد: 1 • شمارہ: 139 • قیمت: 3.00₹ منگل، یکم جنوری 2019 مطابق 24 ربیع الثانی 1440ھ • بے باک صحافت کا علمبردار • TUESDAY 01 JANUARY 2019 Vol.:1 • Issue: 139 (City) • Pages 12 New Delhi • ₹3.00

حکومت کا منصوبہ فیل

راجیہ سبھا میں تین طلاق بل نہیں ہوسکا پیش

نئی دھلی، (پی این این)

تین طلاق بل کو جانچ کرنے کے لیے سلیکٹ کمیٹی میں بھیجا جانے کے مطالبے پر اپوزیشن کے شدید ہنگامے کی وجہ سے آج اس بل کو راجیہ سبھا میں بحث کے لیے پیش نہیں کیا جا سکا اور ایوان کی کارروائی بدھ تک کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

کانگریس کی قیادت میں تقریباً پورا اپوزیشن اس معاملے کو سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجنے کے لیے اڑا رہا، حکومت نے الزام لگایا ہے کہ اپوزیشن مسلم خواتین سے متعلق اس بل کو جان بوجھ کر لٹکانا چاہتا ہے۔ دھر کانگریس کا کہنا ہے کہ یہ مسلم خواتین کے وقار سے جڑا انتہائی اہم بل ہے۔ اسے سلیکٹ کمیٹی میں بھیج کر بحث کرانا ضروری ہے۔

غور طلب ہے کہ لوک سبھا میں اس بل کو پاس کیا جا چکا ہے اور قانون بنانے کے لیے اب اسے راجیہ سبھا میں پاس کرانا ضروری ہے۔ آج اس معاملے تین زبردست اختلاف کا ثبوت دیتے ہوئے اپوزیشن نے سلیکٹ کمیٹی کو بھیجنے پر زور دیا۔ اس دوران اے آئی ایم ایم کے کن کاملا جی ہی پر پیشہ بنائے جانے کے خلاف واک آؤٹ کر گئے۔

حزب اختلاف کے رہنما غلام نبی آزاد نے کہا کہ اپوزیشن کے 90 فیصد اراکین اس بل کو سلیکٹ کمیٹی کو بھیجنے کے حق میں ہیں۔ تمام اپوزیشن پارٹیاں ایوان کی کارروائی چلانا چاہتی ہیں تین طلاق بل پر اپوزیشن کی طرف سے دیئے گئے نوٹس پر بحث ہونی چاہئے کیونکہ اس حکومت نے 1993 سے جاری روایات کو توڑا ہے اور بل کو قائمہ کمیٹی یا سلیکٹ کمیٹی کی تحقیقات کے بغیر ہی منظور کرانے کی روایت شروع کی کوشش کی ہے۔

غلام نبی آزاد نے کہا کہ یہ بل کروڑوں لوگوں کی زندگی پر شدید یا منفی طور پر اثر انداز ہونے والا ہے، اس لئے اسے سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجنا ضروری ہے۔

سرکار ہمارے گھروں میں گھس رہی ہے

سری نگر، (پی این این)

پی ڈی پی کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ لوک سبھا میں منظور طلاق ثلاثہ بل مسلمانوں پر بڑے گوشت اور چمڑے کے کاروخانوں پر پابندی عائد ہونے کے بعد دوسرا انتقامی عمل ہے۔

سری نگر میں پی ڈی پی ہائی کلچر ریک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محبوبہ نے کہا کہ طلاق ثلاثہ بل کی مخالفین مسلمانوں کی خاطر سازشت پر حملہ ہے اور اسے مسلمان خواتین مزید اقتصادی بدحالی کا شکار ہوں گی۔ انہیں نے کہا کہ اپنے شوہر سے علاحدگی کے بعد بچوں کی پرورش و برداشت ایک عورت کے سامنے سب سے بڑا مسئلہ بن جاتا ہے۔ انہیں نے کہا کہ پی ڈی پی ہر بل منظور کرنے کے ہمارے گھروں میں داخل ہونے کے درپے ہے۔

مودی مخالف لالو، مہاگٹھ بندھن کے ریفری

پٹنہ، (پی این این)

راشٹریہ جنتا دل کے سربراہ لالو پرساد یادو رانچی کے اسپتال میں زیر گرفتی مہا گٹھ بندھن کے فیصل کے ریفری بنے ہوئے ہیں۔ گٹھ بندھن میں شامل جماعتوں کے لیڈروں کی مسلسل آمد سے پتا چلتا ہے کہ سیٹ کی تقسیم کے معاملے میں ترجمہ کھوں کا حامل لالو کے پاس ہے۔ یہی ہر جماعت مہا گٹھ بندھن کے لیڈروں نے رانچی کا دورہ تیز کر دیا ہے۔

لالو پرساد یادو چارہ گھپلے معاملہ میں سزا یافتہ ہیں۔ وہ رانچی کے بنگلہ نمبر ایک میں سزا کاٹ رہے ہیں۔ ان کی طبیعت ناساز ہے جس کی وجہ سے انہیں رانچی کے ریمس میں رکھا گیا ہے۔ لوگ لالو پرساد کی صحت کا حال جاننے جاتے ہیں لیکن مقصد سیاست ہوتا ہے۔

لالو سے ملنے والے لیڈروں میں سب سے زیادہ کانگریس ہیں۔ سابق کانگریس ریاستی صدر کوکب قادری سابق وزیر سجاد انصاری، اشلیش سنگھ کئی بار لالو کے دربار میں دستک دے چکے ہیں۔ اس کے علاوہ کانگریس کے کئی بڑے لیڈر جس میں ڈاکٹر شکیل احمد اور اگ دیو سنگھ کا رانچی دورہ ہو چکا ہے۔

سابق مرکزی وزیر سبودھ کانت سہائے وقتاً فوقتاً لالو سے ملنے رمس پہنچ جاتے ہیں۔ ابھی دو دن قبل اپندر کشواہا اور مکیش ساہنی کو لے کر تیجسوی یادو نے لالو سے ملاقات کی۔ جیل ضابطے کے تحت لالو سے ہر ہفتہ کو صرف تین لوگوں سے ملاقات کی اجازت ہے، اگر تین کی بندش نہیں ہوتی تو اشلیش سنگھ شرد یادو بھی اسی مقصد سے دہلی سے رانچی پہنچے تھے، ان دونوں کی ملاقات بھی طے تھی۔ ظاہر ہے کہ ہندی بیلٹ میں تین ریاستوں میں بی جے پی کو اقتدار سے بے دخل کرنے کے لیے اگر کانگریس لالو کے بغیر بہار میں کامیاب نہیں ہو سکتی تو مہا گٹھ بندھن میں کون آئے گا۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ کانگریس بیٹھیں رہتی ہیں اور کہاں سے بنتی ہیں یہ سب رانچی سے طے ہو رہا ہے۔

لالو کی سیاسی اہمیت کے پیچھے ان کی بے پناہ عوامی مقبولیت ہے۔ مہا گٹھ بندھن کو ان کے ساتھ یادو اقلیت ووٹوں کی صف بندی کی امید ہے۔ لالو پرساد نے بی جے پی اور مودی کے خلاف ایک طاقتور چہرہ بن کر ہی ابھرے ہیں۔ اسی وجہ سے جیل میں بھی ان کا اثر و رسوخ لینے کے لیڈروں کا آنا جانا جاری ہے۔ رانچی پہنچے جنتا رام مانجھی رانچی پہنچ رہے ہیں مان کے ساتھ بھی کوئی نہ کوئی لیڈر رہ سکتا ہے۔ جنہوں ریاستوں میں بی جے پی کا قلعہ گرانے کے بعد کانگریس بہار میں بھی اگلی قیادت میں ہی بہار میں دنگا لڑنا چاہتی ہے۔

گزشتہ لوک سبھا انتخاب میں ارکان پارلیمنٹ کی تعداد کی بنیاد پر بہار میں کانگریس، آر جے ڈی کی سیاسی حیثیت میں کوئی زیادہ فرق نہیں رہ گیا ہے۔ ایم پی ہونے پر لالو کے اور خاندان سے الگ راہ پکڑنے کے بعد آر جے ڈی کھاتے میں صرف 3 ایم پی ہے ہوئے ہیں اور کانگریس کے پاس 2۔ این سی پی کے سابق لیڈر ورکن پارلیمنٹ طارق انور کے استعفی دینے اور کانگریس میں آنے کے بعد سے بہار میں کانگریس مضبوط ہوئی ہے۔

کانگریس کے سامنے جنتا دل یو بھی مثال کے طور پر ہے جس کے صرف 2 رکن پارلیمنٹ ہیں لیکن اس نے 22 ارکان والی بی جے پی سے برابری کی بنیاد پر سمجھوتہ کیا ہے۔

سجن کمار کی عدالت میں خود سپردگی

نئی دھلی، (پی این این)

سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کے قتل کے بعد بھڑکنے والے سکھ مخالف فسادات کے ایک واقعہ میں عمر قید کی سزا پانے والے سابق ایم پی سجن کمار نے پیر کے روز کرکڑ دما عدالت میں آج خود سپردگی کر دی۔ سجن کمار نے میٹروپولیٹن مجسٹریٹ ادیتی گرگ کی عدالت میں خود سپردگی کی۔ ج آدیتی گرگ نے انہیں منڈی جیل بھیجنے کا حکم دیا۔ واضح ہو کہ دہلی ہائی کورٹ نے 17 دسمبر کو سکھ مخالف فسادات میں پانچ افراد کے قتل کے معاملے میں 73 سالہ سجن کمار سمیت دیگر کئی لوگوں کو سزا سنائی تھی۔ سجن کمار نے غاندنی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے دہلی ہائی کورٹ سے خود سپردگی کرنے کی تاریخ ایک ماہ بڑھانے کی درخواست دائر کی تھی جسے عدالت نے مسترد کر دیا تھا۔

سی بی آئی کا دعویٰ اگستا معاملہ میں ہوئی لین دین

نئی دھلی، (پی این این)

اگستا ویسٹ لینڈ ڈیل میں بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے سی بی آئی ان ہندوستانیوں تک پہنچنے کے قریب ہے، جنہوں نے اس سودے میں رشوت لی تھی۔ سی بی آئی کا دعویٰ ہے کہ اس نے ان دستاویزوں کو برآمد کر لیا ہے، جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگستا نے کرچین مسیحل اور گوئیڈو ہاشکے کو 54 ملین پاؤنڈ یعنی 431 کروڑ روپے کی رقم ہندوستان میں ادا کرنے کے لئے دی تھی۔

کمپنی نے کل 58 ملین پاؤنڈ دئے تھے، جن میں سے 54 ملین پاؤنڈ کی رقم ہندوستانیوں کو دی جانی تھی۔

ذرائع کے مطابق مسیحل اور ہاشکے نے 8 مئی 2011 کو ممبئی میں جو ایگریمنٹ تیار کیا گیا تھا، اس میں 58 ملین پاؤنڈ کی رقم کا ذکر تھا۔ دستی میں یہ مسئلہ دونوں طرف کے مالکوں کے بیچ رقم کی تقسیم کو لے کر سمجھوتہ کرنے کے لئے بنائی گئی تھی۔ ایک طرف مسیحل اور اس کی ٹیم تھے، جبکہ دوسری طرف ہاشکے، کاولو گیر وسا اور تیاگی برادرس تھے۔ اس سے پہلے دونوں طرف کے مالکوں کے بیچ تنازع تھا۔ اس کی اصل وجہ یہی تھی کہ ہاشکے اس بات سے خوش نہیں تھا کہ مسیحل نے 42 ملین پاؤنڈ کی رقم اپنے لئے رکھ لی ہے، جبکہ انہیں 30 ملین ہی مل رہی تھی۔ آخر میں اس بات پر سمجھوتہ ہوا کہ مسیحل کو 30 ملین پاؤنڈ ملیں گے، جبکہ ہاشکے اور دوسرے کے بیچ 28 ملین پاؤنڈ کی رقم میں سے تقسیم ہونا تھا۔

سی بی آئی کے مطابق فضائیہ کے سابق چیف ایس نی تیاگی اور ان کے رشتے داروں سندیپ، تجیو اور راجیو کو 10.5 ملین پاؤنڈ دئے جانے تھے، جس میں سے 3 ملین پاؤنڈ کی رقم انہیں ادا کی گئی تھی۔

تین پاور فل نسخے جو خوشگوار لمحوں کو طول دیں

مردوں کے لئے اپسراء ایڈ واجد نوابی آئل معجون مغلظ موصلی

۹۰ برسوں سے جاری روایتی اقدار کا بھروسہ

ازدواجی زندگی کی خوشیاں واپس لائیں۔

Dehlvi Natural

DELHI DISTRIBUTOR - DEHLVI AGENCIES: 7840057598, 8376857879;
Wellness Centre: Dehlvi Regima Hijamah & Skin Care Centre, Shaheen Bagh, Okhla : 8447345583
UP DISTRIBUTOR (WEST) - FRIENDS STORES & AGENCIES: 9359626325, 8307169592;
Agencies - MORADABAD - 9058123605 & 7417521545; AMROHA - 9319091737; RAMPUR - 9259924282; SAMBHAL - 9758267766; BAREILLY - 9997585575; MEERUT : 9917425828; SAHARANPUR : 9412097854; BIJNORE : 9411042952; MUZAFFARNAGAR : 8273551391;
RAJASTHAN DISTRIBUTOR - New Rabbani Medical Stores, Jaipur : 9314509626

حریم انٹرنیشنل ٹور اینڈ ٹریولس

हरीम इन्टरनेशनल टूर एण्ड ट्रेवल्स

मक्का، مدینہ کے روحانی موسم میں

حج / हज — ₹ 45000/- — 15 دن / दिन — عمرہ اکانامی / उमरा इकॉनॉमी पैकेज

عمرہ / उमरा — حج / उमरा

₹ 56000/- — 17 دن / दिन — عمرہ ڈیلکس / उमरा डीलक्स

₹ 52000/- — 15 دن / दिन — عمرہ سیمی ڈیلکس / उमरा सेमी डीलक्स

₹ 65000/- — 20 دن / दिन — عمرہ گولڈن / उमरा गोल्डन पैकेज

₹ 61000/- — 17 دن / दिन — عمرہ سلور / उमरा सिलवर पैकेज

ہمارا نمائندہ بننے کے لیے رجسٹریشن کرائیں

ویزا، ایئر ٹکٹ، ناشتا، دو وقت کھانا، فری زیارات، لانڈری، اکانامی پیکج کے علاوہ تمام فلائٹ دہلی سے ڈائریکٹ

فری عمرہ اسکیم رابطہ کریں

ہمارے نمائندے

DEOBAND	RAJUPUR	MORADABAD	MEERUT	KHATAULI-MZN	ROORKEE	SAHARANPUR	HARDWAR	MURADNAGAR
Rizwan Salmani	Mohd. Aslam	Umair Ahmad	Shoaib Usmani	H.Aziz-ur-rahman	Qari Nasim	M. Faisal Siddiqi	Qari Aamir	Abdul Baqi
9897189743	9897961245	8439224693	9358350894	9897265001	9410149498	9997078008	9012670566	9359528768

DELHI/OKHLA	NEHTOR	NAKUD/BEHAT	JALALABAD	JANSATH	AMROHA	THANABHAWAN	NOIDA	LONI/GZB
Mufti Talha Banni	Qari Usman	Mahtram (Babbu)	Shueb Khan	Abdul Haseeb	Q. Misbahuddin	Qari Ajmal	M. Salman	Abul Hasan
9012032136	9012453245	9358967570	9557651996	9897624054	9259286930	8958526198	8750405804	7859954912

Under Taken By Rashid Company®

Hareem International Tour & Travels

حریم انٹرنیشنل ٹور اینڈ ٹریولس

7906076804 , 8860127177
9837535500 , 8077845054

Office: Director : Akhlad Mehmood Usmani

Abulmali Street, Deoband, Distt. Saharanpur U.P. India - E-mail: akhladusmani@gmail.com

پہلے جانو پھر مانو Kazima

ایک پروڈکٹ خریدنے پر ایک 15g کولڈ کریم فری

کازیما برانڈ کے پروڈکٹ کولڈ کریم باڈی لوشن، ہیئر آئیل، شیمپو، کنڈیشنر، ہیئر سیرم، فیسواش، سکرب اور ایلو ویرا جیل وغیرہ!

سیلس پرتنیدھی سمپرک کرے

ڈسٹریبیوٹر اور دکانداران سیل پر انعامی یوجنا کا لابھ اٹھائیے!

Trade Enquiry :- +91-9643799943

Available on :- amazon Flipkart

Our Certificates

www.kazimaperfumers.com , sales@kazimaperfumers.com

/kazimacosmatics Like us /KAZIMACosmatics

پلازمہ کمپٹیٹیو ایڈز کی جانب سے

تمام اہل وطن کو نئے سال 2019 کی پرخلوص مبارکباد

رضوان خان

M:9868326979

منجانب رضوان خان

ڈائریکٹر پلازمہ کوچنگ سینٹر

B3, 326 Adjacent Union Bank of India Okhla

تمام اہل وطن کو نیا سال 2019 کی مبارک باد

اجے ماکن
سابق مرکزی وزیر
صدر دھلی پردیش کانگریس کمیٹی

بھائی مہربان
صدر بھوجپوری چمبر
صدر دھلی پردیش کانگریس کمیٹی
9810024415

نیہل مہربان
نوجوان لیڈر

سونیا اور راہل نے دفاعی سودوں میں کبھی دخل اندازی نہیں کی: انٹونی

نئی دھلی، (یو این آئی)

کانگریس نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر آگستا ویسٹ لینڈ ہیلی کاپٹر معاملے میں سچ کو چھپانے اور جھوٹ بولنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ کانگریس کی قیادت نے دفاعی خرید معاملوں میں نہ تو کبھی دلچسپی دکھائی اور نہ ہی دخل اندازی کی۔ سابق وزیر دفاع اے کے انٹونی نے پیر کو یہاں پارلیمنٹ میں منعقد پریس کانفرنس میں کہا کہ کانگریس کے صدر راہل گاندھی اور اس وقت کی کانگریس صدر سونیا گاندھی نے دفاعی سودوں کے سلسلے میں کبھی کوئی دلچسپی نہیں دکھائی اور نہ ہی ان میں کوئی دخل اندازی کی ہے۔

"گونگا کو آواز دینے کے لیے" "ایک باشعور سماج کو آواز دینے کے لیے"
سچ کی آواز
SACH ki AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
میرا دیس
www.sachkiawaz.com

بھیس چوکیدار کا، کام چوروں کا

بینکوں کو ایک سال میں 41 ہزار کروڑ کی چپت: راہل گاندھی

نئی دھلی (پی این این) کانگریس صدر راہل گاندھی نے بد عنوانی کے ایشو پر ایک بار پھر وزیر اعظم مودی کو نشانہ بنایا ہے۔ 2017-18 کے مالی سال میں گھپلوں کے تحت بینکوں کو 41 ہزار کروڑ سے زائد کی رقم نتوانی پڑی ۔اسی بنیاد پر راہل گاندھی نے مودی کو کٹہرے میں کھڑا کیا ہے۔ راہل گاندھی نے ٹوئٹ کیا ہے کہ 'چوکیدار کا بھیس ،چوروں کا کام۔

بینکوں کے 41,167 کروڑ سوچے سمجھے دوستوں کے نام راہل گاندھی نے اپنے ٹوئٹ میں 41,167 کروڑ کی رقم سے ہونے والے مالی منصوبوں کا بھی حوالہ دیا ہے ۔انہوں نے لکھا کہ 41,167 میں متبرکا پورے ایک سال تک چلتا ۔تین ریاستوں کے کسانوں کا قرضہ معاف ہو جاتا ۔چالیس ایس ٹھل جاتے ۔ایک اخبار میں شائع رپورٹ کے مطابق 18-2017 میں گھپلہ اور جعلسازی کے ذریعہ بینکوں کو 41,167.67 کروڑ کا چونا لگایا گیا ۔گزشتہ سال یہ اعداد 23.933 کروڑ روپے تھا۔ 18-2017 کے مقابلے 2018 یعنی موجودہ سال میں بینکنگ فراڈ کے معاملے میں 72 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

آر بی آئی کے تحت جاری اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ کچھ برسوں میں بینکنگ فراڈ کے معاملہ میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے ۔اسے روکنے کے لئے مسلسل قدم اٹھائے جا رہے ہیں لیکن ناکامی ہو رہی ہے ۔مختلف طریقوں سے جعلسازی جاری ہے ۔واضح ہو کہ مودی حکومت میں بد عنوانی کو لے کر کانگریس صدر راہل گاندھی نے سخت تیور اپنا لیے ہیں ۔خاص کر بینکنگ سیکٹر میں بدعنوانی اور رافیل معاملہ میں تارج کو لے کر مودی حکومت کو زیادہ نشانہ پر لے رہے ہیں۔

مایاوتی سالگرہ پر کرسکتی ہیں مہا گٹھ بندھن کا اعلان

لکھنؤ (ایجنسیاں) اتر پردیش میں مہا گٹھ بندھن کو سماج وادی پارٹی صدر اکھلیش یادو کو خبروں میں بنائے رکھتے ہیں، جبکہ بہوجن سماج پارٹی اس مسئلہ پر اپنے کو پریشان نہیں دکھانا چاہتی ۔اس کے پیچھے شاید بی ایس پی سپریمو مایاوتی کی سوچی سمجھی پالیسی ہے ۔وہ یہ دکھانا چاہتی ہیں کہ گٹھ بندھن کی زیادہ ضرورت سماج وادی پارٹی کو ہے۔مایا وتی مستقبل میں کیا کریں گی ۔یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا۔ادھر سیاسی حلقوں میں ایسے قیاس لگائے جا رہے ہیں کہ مایاوتی اپنی سالگرہ کے موقع پر اتحاد کو لے کر کوئی پیغام دے سکتی ہیں۔

دراصل ،بہوجن سماج پارٹی کے ایجنڈے میں مایاوتی کی سالگرہ کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے ۔مایاوتی کی سالگرہ

15 جنوری کو ہوتی ہے ۔اس بار ان کی سالگرہ پر دوسری سیاسی پارٹیوں کی نگاہیں بھی رہیں گی کیونکہ ایسی خبر ہے کہ وہ اس دن عظیم اتحاد کا اعلان کرسکتی ہیں ۔حالانکہ ابھی یہ بات پتہ نہیں ہے کہ مایاوتی اپنی سالگرہ کے موقع پر اتحاد کو لے کر کوئی پیغام دے سکتی ہیں ۔مایاوتی اتحاد کو لے کر ہمیشہ سے یہ کہتی رہی ہیں کہ قابل احترام صورت میں ہی وہ معاہدہ کریں گی ۔اب دیکھنا یہ ہوگا کہ مایاوتی سالگرہ کے موقع پر اتحاد کو لے کر کیا پیغام دیتی ہیں سیاسی ماہرین کی مانیں تو سالگرہ کے موقع پر مایا وتی ابھی کچھ اعلان کرنے والی نہیں ہیں کیونکہ ابھی کوئی بھی میٹنگ نہیں ہوئی ،جس میں سیٹوں پر کوئی بات ہوئی ہو ۔انہوں نے کہا کہ ابھی کون کہاں سے لڑے گا ،یہ بھی پتا نہیں ہے ۔بی ایس پی ۔ایس پی اتحاد کو لے کر بحث ہی چل رہی ہے لیکن دونوں پارٹیوں کی طرف سے اس پر صورت حال ابھی پوری طرح سے واضح نہیں کیا گیا ہے ۔کون کتنی سیٹوں پر الیکشن لڑے گا ،یہ بھی نہیں ۔اگر اتحاد ہوا تو بی ایس پی ،ایس پی کے علاوہ اور کون کن پارٹیاں ساتھ ہوں گی ،اتحاد میں کانگریس کی کیا پوزیشن ہوگی ،ان سب موضوعات پر بحث ہونا ابھی باقی ہے۔

مذہبی معاملات میں دخل اندازی غلط: ڈپٹی اسپیکر

چنئی (ایجنسیاں) حکومت تین طلاق بل کو پاس کروانے کے لئے پرزور لگا رہی ہے ،وہیں اپوزیشن اسے پاس نہ ہونے دینے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے ۔آج تین طلاق بل راجیہ سبھا میں پیش کیا جائے گا ۔وہیں ،اب اس معاملہ میں اب لوک سبھا کے ڈپٹی اسپیکر تھمبی دورائی کا بیان آیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی معاملوں میں حکومت کی دخل اندازی ٹھیک نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ

اے آئی اے ڈی ایم کے (آل انڈیا انا درک) کی ذمہ داری تھی کہ وہ اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کریں ۔دورائی نے آگے کہا کہ ان کی پارٹی راجیہ سبھا میں تین طلاق بل کی مخالفت کرے گی۔

چنئی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے تھمبی دورائی نے کہا مذہبی معاملوں میں دخل دینا حکومت کے لئے ٹھیک نہیں ہے ۔اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کرنا ان کی پارٹی کا مقصد ہے ،اس لئے ہم بل کی ڈٹ کر مخالفت کریں گے ،جو ہمارے مسلم بھائیوں کے لئے نقصان دہ ہوگا ۔

پاکستانی سرحد ایکشن ٹیم کا حملہ ناکام، 2 حملہ آور ہلاک

بارمولہ (یو این آئی) فوج نے پاکستانی سرحدی ایکشن ٹیم کی طرف سے بارہ مولہ میں لائن آف کنٹرول پر حملے کو ناکام بنا کر دو حملہ آوروں کو ہلاک کرنے کا دعوی کیا ہے۔فوج کی پیشکو کرنے اپنے آفیشل ٹویٹر ہینڈل پر ایک ٹویٹ میں کہا 'بارہ مولہ کے نوگام سیکٹر میں پاکستانی سرحدی ایکشن ٹیم کے حملے کا منہ توڑ جواب دیا گیا۔

فوج نے 30 دسمبر کو بھارتی فوج کی اگلی چوکی پر حملے کی پاکستانی کوشش کو ناکام بنا دیا۔کم از کم دو پاکستانی فوجیوں کو ہلاک جبکہ بھاری مقدار میں جنگی ساز وسامان برآمد کیا گیا'۔اس دوران بھارتی فوج کے ایک ترجمان نے یہاں جاری بیان میں کہا کہ پاکستانی سرحدی ایکشن ٹیم کی طرف سے سوموار کی صبح نوگام سیکٹر میں اگلی چوکیوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی جس کو فوج نے ناکام بنا دیا۔

بھاگوت کے جلسے میں چلے لات-گھونسے

دھنباد (ایجنسیاں) جھارکھنڈ کے دھنباد میں ایک جلسے میں شامل ہونے کے لیے آر ایس ایس سربراہ موہن بھاگوت پہنچے تھے ۔منعقد ہوئی اس تقریب کا ایک شرمناک ویڈیو سامنے آیا ہے جس میں تقریب میں موجود کارکنان ایک دوسرے پر جم کر لات-گھونسے برسا رہے ہیں۔ جب یہ سب ہو رہا تھا، اس وقت موہن بھاگوت پروگرام سے جا چکے تھے لیکن ریاست کے وزیر اعلیٰ رگھووراس موجود تھے۔

ذرائع کے مطابق 'کریزا بھارتی' کے قومی کنونشن میں حصہ لینے کے لیے آر

ایس ایس سربراہ جھارکھنڈ کے دھنباد پہنچے تھے۔ان کے ساتھ ریاست کے وزیر اعلیٰ رگھووراس بھی تھے ۔پروگرام ختم ہونے کے بعد دونوں لوگ جیسے ہی موقع سے روانہ ہوئے ،کارکنان کسی بات کو لے کر آپس میں نمبرد آزما ہو گئے ۔اس دوران خوب لات-گھونسے چلے اور گالیاں دی گئیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ جس جیپ پر آر ایس ایس سربراہ موہن بھاگوت اور وزیر اعلیٰ رگھووراس سوار ہی لے رہے تھے اسی جیپ کا ڈرائیور اس مار پیٹ میں شامل تھا۔

موقع پر موجود کارکنان نے اس ہنگامے کو کسی طرح سے ختم کرایا۔انھوں نے اس واقعہ کو چھوٹا واقعہ بتاتے ہوئے کہا کہ بڑی تقاریب میں اس طرح کی بات تو ہوتی ہی رہتی ہے۔

موت کے ایک سال بعد تیلگی بری

ناسک (یو این آئی) کروڑوں روپے کے اسٹامپ پیپر گھپلہ معاملہ کے اہم ملزم عبدالکریم تیلگی سمیت تمام آٹھ ملزمین کو آج ناسک کی ایک عدالت نے بری کر دیا۔ یہ فیصلہ تیلگی کی موت کے ایک سال سے زیادہ وقت کے بعد آیا ہے۔

میٹیانس کی جان لیوا بیماری سے متاثر تیلگی کی 26 اکتوبر 2017 کو بنگلور کے ایک سرکاری اسپتال میں موت ہوگئی تھی۔ منتظم جج پی آر دیشمکھ نے اس معاملے میں فیصلہ سناتے ہوئے شبوتوں کے فقدان میں تیلگی سمیت تمام آٹھ ملزمین کو بری کر دیا۔ تیلگی کو نومبر 2001 میں راجستھان کے اجمیر سے گرفتار کیا گیا تھا۔ اس کو گھپلہ کے الزام میں سال 2006 میں تیس سال کی سزا دی گئی تھی۔ اس پر 202 کروڑ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا تھا۔ عدالت نے تیلگی کے علاوہ برج کشور تیواری ، رام بھاو پوار، محمد سرور، پرمود ڈہاکے ،کیان دیو وارے اور داس مورے کو بھی بری کر دیا۔ اس معاملے میں ریلوے سیکورٹی فورس کے افسر اور ملازم بھی ملوث تھے۔

مودی پر فلم بنانے کی تیاری 'چور ہے چوکیدار' فلم کا نام

احمد آباد (ایجنسیاں) گجرات سے رکن اسمبلی جگنیش میوانی نے کہا ہے کہ وہ پی ایم مودی پر ایک فلم بنانا چاہتے ہیں ۔انٹیا ٹوڈے کے مطابق جگنیش نے آگے کہا کہ اس فلم کا نام 'چوکیدار ہی چور ہے' ہوگا ۔ساتھ ہی میوانی نے کہا کہ بنی بندی ،بی ایس ٹی سمیت زراعت سے متعلق دوسرے معاملات کی وجہ سے عوام کا وزیر اعظم نریندر مودی کے اوپر سے اعتبار ہٹ گیا ۔پی ایم مودی کو 'دہاتی کاری پروحان منتری' بتاتے ہوئے میوانی نے کہا کہ وہ پی ایم کے جھوٹے وعدے کو بتانا چاہتے ہیں۔

دیپکا ککڑ نے اپنے نام کیا بگ باس کا خطاب

ممبئی (ایجنسیاں) سال 2010 میں ٹی وی سیریل 'سسرال سرکا' میں کلیدی کردار ادا کرنے والی دیپکا ککڑ نے اس سال کے 'بگ باس شو' کا خطاب جیت لیا ہے ۔دیپکا نے 'سسرال سرکا' کے علاوہ 'اگنی جنم' موہنے بلیا ہی کی جز اور نیر بھرے تیرے نینا' ویبی میں بھی کام کر چکی ہیں لیکن 'سسرال سرکا' میں جو انہوں نے ہندوستانی سہو کا کردار ادا کیا تھا اس کو لوگوں نے بہت پسند کیا اور یہی کردار ان کو بگ باس کا خطاب جتانے میں مددگار ثابت ہوا۔

بگ باس کے فائنل میں دیپکا نے ہندوستانی قومی کرکٹ ٹیم کے منائذ کلازی شری سنت کو شکست دی ۔ویسے بگ باس کے پورے سیریل میں شری سنت اور دیپکا کا ساتھ رہے اور ان کا رشتہ بھائی بہن والا تھا جو انہوں نے آخر تک نبھایا۔اس سال کے بگ باس شو میں شری سنت نمبر دو پر رہے اور بہار کے دیپک ٹھاکر دوسرے نمبر پر رہے لیکن انہوں نے خود کو آخری مقابلہ سے الگ کر لیا تھا۔

رسوئی گیس کی قیمتوں میں کمی

نئی دھلی (ایجنسیاں) بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی اور امریکی ڈالر کے مقابلے روپے کے مضبوط ہونے سے مسلسل دوسرے مہینے رسوئی گیس سلنڈر کی قیمت میں کمی کی گئی ہے۔ بغیر سبسڈی والا رسوئی گیس سلنڈر 120.50 روپے اور سبسڈی والا 5.91 روپے سستا ہوا ہے۔ ملک کی معروف تیل مارکیٹنگ کمپنی انڈین آئل کارپوریشن کی جانب سے پیر کے روز یہ اطلاع دی گئی۔ نئی قیمتیں یکم جنوری سے نافذ ہوں گی۔ قیمتوں میں کمی کے بعد غیر سبسڈی والا گیس سلنڈر 809.50 روپے کے مقابلے میں 689 روپے کا ہو جائے گا۔

رافیل پر پارلیمنٹ میں بحث کیلئے کانگریس تیار

نئی دھلی (پی این این) کانگریس نے ایک بار پھر رافیل کا معاملہ اٹھایا اور کہا کہ اس گھپلہ پر وہ 2 جنوری کو بحث میں حصہ لینے کو تیار ہے ۔اس پر سرکار نے کہا کہ وہ تو پہلے سے ہی بحث کی بات کر رہی ہے لیکن کانگریس بھاگتی رہی ہے ۔غور طلب ہے کہ کانگریس 11 دسمبر سے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں رافیل کے معاملہ کو اٹھاتی رہی ہے اور اس معاملہ کی جانچ جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی سے کرانے کا مطالبہ کرتی رہی ہے۔

سچ کی آواز
SACH ki AWAZ
Title Code: DELURD03216
مالک، پرنٹر، پبلشر اور ایڈیٹر
سید فیصل علی نے سائی پرنٹک پریس پی ایل-8868، نیو جامعہ نگر دہلی-110096 میں چھپوا کر دہلی-94، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، اوکھلا، نئی دہلی-110025 سے شائع کیا۔
ٹی سی ایم ایڈیٹوریل بورڈ: سید فیصل علی
*خبروں کے انتخاب اور ایڈیٹنگ کے لیے ایڈیٹر ذمہ دار ہیں۔ اشتہارات سے متعلق کسی بھی قانونی دائرہ کے تنازعہ کا فیصلہ دہلی کورٹ کے تحت ہوگا۔
Owner, Printer, Publisher and Editor Syed Faisal Ali, printed at Sai Printing Press, B-868, New Ashok Nagar, Delhi - 110096 and published from L-94, Abul Fazal Enclave, Jamia Nagar, Okhla, New Delhi-110025.
*CEO,Editor-in-Chief Syed Faisal Ali
*Responsible for selection and editing of news. All disputes arise are subject to New Delhi Jurisdiction.
OFFICE: Editorial & Marketing:
Probitas News Network Pvt. Ltd.
C-125, First Floor, Sector-2, Noida - 201 301.
Contact: 0120-4365786
E-mail: Pnnewsnetwork@gmail.com

"اٹھ کاکہ کہ کہنے کے لیے سچ کی آواز ایک ہی کام ہی کہ اٹھنے کے لیے"
سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज
Published from New Delhi
دلّی نامہ
www.sachkiawaz.com

لاجپت نگر میوروہار سیکشن پر میٹروسروس کا افتتاح

نئی دھلی(پی این این) ہاؤسنگ اور شہری امور کے وزیرمملکت ہردیپ سنگھ پوری اور دھلی کے نائب وزیراعلیٰ منیش سسودیا نے پنک لائن کے لاجپت نگر سے میور وہار پاکٹ۔سیکشن پر آج میٹروسروس کا افتتاح کیا۔دونوں لیڈروں نے دھلی میٹرو کے ہیڈکوارٹرمیوربھون میں منعقد پروگرام میں رموٹ کے ذریعہ اس سیکشن پر میٹروٹرین کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

اس موقع پر مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ مجھے بہت خوشی ہورہی ہے کہ اس سال چھٹی بار مہنگرو کو ہری جھنڈی دکھا رہا ہوں۔اس کے ساتھ اب ڈی ایم آر سی کے 327 اسٹیشن ہوجائیں گے۔

دھلی کے نائب وزیراعلیٰ منیش سسودیا نے کہا کہ پنک لائن میٹرو کا یہ کوریڈور کی شوعات کے لیئے میں دلی میٹرو ریل کارپوریشن کے انجینئروں کو مبارکباد دیتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ یہ اس سال چھٹی بار ہے جب میٹرو کا افتتاح کیا جارہا ہے جو کہ بہت خوشی والی بات ہے۔

ساتھ ہی انہوں نے میٹروکرایہ کو لے کرکہی کہا کہ میرا اصرار ہے کہ میٹرو کا کرایہ کم کیا جائے۔کرایہ بہت مہنگا ہے۔میرا خیال ہے کہ جس طرح سے سول انجینئر میٹرو کو کمفن بنا سکتے ہیں، ویسے ہی اکونامک انجینئر بھی بندوبست ہو،جس سے کرایہ کم کیا جائے۔

دلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) کے جنیرل ڈائریکٹر منگو منگلے نے کہا کہ لاجپت نگر اور میور وہار پاکیٹ-1 کوریڈور کا آغاز ڈی ایم آر سی کے لئے اس سال کا چھٹا افتتاح ہے۔

لاجپت نگر سے میور وہار پاکیٹ-1 میٹرو کی شوعات کو ممکن بنانے کے لئے دلی میٹرو ریل کارپوریشن کے ملازمین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔میٹرو کی پنک یعنی گلابی لائن کی اس توسیع پر پانچ اسٹیشن ہیں جن میں لاجپت نگر، دفو پوری، آشرم، حضرت نظام الدین، میور وہار فیز-1 اور میور وہار پاکیٹ-1 شامل ہیں۔ان میں سے میور وہار فیز-1 اور میور وہار پاکیٹ-1 ایلیویٹیڈ اسٹیشن ہیں جبکہ لاجپت نگر، دفو پوری، آشرم، حضرت نظام الدین اسٹیشن زمین میں ہیں۔

آج سے شروع یہ نیا کوریڈور 59 کلومیٹر لمبی پنک لائن کا حصہ ہے جو کملس پارک سے شیڈو وہار تک پھیلا ہوا ہے۔یہ دلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) کے نیٹ ورک کا تیسرا مرحلہ ہے۔

قابل ذکر ہے کہ دلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) نے سال 2002 میں میٹروسروس شروع کی تھی۔فی الحال اس کا نیٹ ورک 317 کلومیٹر میں پھیلا ہوا ہے جس پر 231 اسٹیشن ہیں۔

سسودیا نے کی دہلی میٹروکرایہ کم کرنے کی اپیل

جودلوں کو جیت لے وہی فاتح زمانہ ہے:عارف محمد خان

اسلامک سینٹر کی انتخابی رابطہ مہم ،سیویئرٹیم کی حمایت میں دریا گنج میں جلسہ کا انعقاد

نئی دھلی (انور حسین حجضوی) انڈیا اسلامک کلچرل سینٹر کے پانچ سالہ انتخابات کی رابطہ مہم اپنے انتہائی مرحلے میں ہے۔اسلامک سینٹر کے الیکشن میں اس مرتبہ ایک بار پھر سینٹر کے صدر عہدے کے امیدوار سراج الدین قریشی اور ان کے پینل کا مقابلہ صدر عہدے کے امیدوار عارف محمد خان اور ان کے سیویئر گروپ کے درمیان ہے،جس کو یہ کہا جاتا ہے تو غلط نہ ہوگا کہ سیویئر گروپ کو بڑی تعداد میں مسلم برادری کی حمایت حاصل نظر آرہی ہے۔

سینٹر کے الیکشن کیلئے سیویئر گروپ کے امیدواروں کی حمایت میں سینٹر کے ممبران حافظ مطلوب کریم ، جاوید خان ، خلیل احمد اور حامی اورلیس خان کی جانب سے ایک انتخابی جلسہ کا انعقاد دریا گنج پرویز مشرف کی حویلی کے قریب کیا گیا۔

جس میں جلسہ کے آرگنائزرس نے سیویئر گروپ کے صدر عہدے کے امیدوار عارف محمد خان اور ان کی ٹیم کے مختلف عہدوں کے امیدواروں کو ووٹ دینے کی اپیل کی۔خلیل احمد نے سینٹر میں ہو رہے گھوٹا لوں اور نقصان کی رپورٹ پیش کی۔

جلسہ میں خلیل الزماں انصاری نے سیویئر گروپ کے امیدواروں کا تعارف کرایا اور ان کو فاتح بنانے کی اپیل کی۔ سابق اہم پلی محمد ادیب نے کہا کہ سیویئر گروپ نے الیکشن کیلئے پینل نہیں بنایا بلکہ ایک ٹیم بنائی ہے یہ وہ لوگ ہیں جو انڈیا اسلامک کلچرل سینٹر میں بورسی ناانصافیوں کے خلاف آواز بلند کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ عارف محمد خان کی یہ بیازہ ہیں اگر یہ فتح ہوتے ہیں تو یقیناً سینٹر ترقی کرے گا اور اپنے اصل اغراض و مقاصد کو پائے گا۔

عارف محمد خان نے کہا کہ آج کا وقت ملک فتح کرنے کا نہیں بلکہ دلوں کو فتح کر نے کا ہے جو دلوں کو جیت لے وہی فاتح زمانہ ہے۔آج کی سینٹر کی کمی کی پریشانی یہ ہے کہ انہیں کام کی سمجھ نہیں ہے۔

عارف محمد خان نے کہا کہ سینٹر کے قانون میں 5 سیشن ہیں جن میں اہم یہ کہ سینٹر کا کام اسلامی تعلیمات کے تئیں غلط فہمیوں کو ختم کرنا، اخلاقی قدروں پر زور دہ ،ایسی سوسائٹی قائم کرنا،مسلم ممالک میں جوان کے ثقافتی اقدار ہی ان کے بارے میں ہندوستانی مسلمانوں کو اور ہندوستانی اقدار کے بارے میں ان ملکوں کو بتانا ہے۔

یہ سب سیمناروں ،سیمپوزیم وغیرہ سے پیدا ہوں۔تحقیقی مقالے چھاپے جائیں نیوز لیٹر شائع ہوں لیکن یہ سب کچھ سینٹر ممبران نہیں ہوتا۔عارف محمد خان نے چیلنج کیا کہ اگر ان کا موں میں ایک بھی کام 15 برسوں میں ایک بھی کام ہوا ہو میں امیدواری سے نام واپس لے لوں گا۔

اس موقع پر نائب صدر عہدے کے امیدوار ایس ایم یاسین قریشی ، بورڈ آف ٹرسٹی کے امیدوار محمد فخرالدین ، مدثر حیات ، رئیس احمد ، چودھری ضیاء الاسلام اور ایگزیکیٹو کمیٹی کے امیدوار عظیم حفیظ ، محترمہ فرخ ناز اور نجمہ راحمہ نے بھی خطاب کیا اور یقین دلایا کہ سیویئر ٹیم کا مقصد قوم کی وراثت انڈیا اسلامک کلچرل سینٹر کا تحفظ کرنا ہے۔

اس موقع پر جلسہ کے آرگنائزر حافظ مطلوب کریم ، جاوید خان ، حامی اورلیس خان اور خلیل احمد نے سینٹر کے ارکان سے اپیل کی کہ سینٹر کے تحفظ کیلئے وہ سیویئر ٹیم کی حمایت کریں کیوں کہ ایک شخص جو 15 سال سے سینٹر میں موجود ہیں وہ سینٹر کی فلاح اور ترقی ہی اب تک صرف ہیں۔

اس موقع پر ڈاکٹر ذوالی محسن ، ذوالفقار علی محسن ، چین بھائی ، اطہر لدھیانوی ، حامی اسعد میاں ، حامی محبوب کریم ، دلی پوچھ ویلفیئر ایسوسی ایشن کی ٹیم کے ارکان اور فیصل بند شہر سمیت دلی بھر کے سینٹر کے ارکان موجود تھے۔

پرائیوٹ کمپنیوں کا عمل انسانی اقدار پر مبنی: منظور عالم

نئی دھلی(بیوان آنھی) نوئیڈا کی پرائیوٹ کمپنیوں نے مسلم ملازمین کے نماز جمعہ پڑھنے کیلئے اپنی کمپنیوں کے دروازے کھول کر ہندوستان میں ہندو مسلم بھائی چارہ کو برقرار رکھنے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے اور یہاں طاقتیں پرخاموش طانچہ ہے جو ملک میں مذہب کے نام پر نفرت پھیلا رہی ہیں۔آل انڈیا ملی کونسل کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر محمد منظور عالم نے آج یہاں ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں ہندو مسلم بھائی چارہ برسوں سے قائم ہے اور یہی یہاں کی خوبصورتی اور عالمی شناخت ہے۔

دنیا میں بھر میں اسی لئے ہندوستان کو جانا جاتا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ کچھ طاقتیں اس بھائی چارہ کو ختم کرنا چاہتی ہیں۔نوئیڈا سیکٹر 58 کے پارک میں تھے لیکن یوپی کی یوگی سکومت کو یہ برداشت نہیں ہوسکا۔پہلے کمپنیوں کو نوٹس جاری کیا گیا اور اس کے بعد جمعہ کے دن پورے پارک کو پانی سے بھر دیا گیا۔

لیکن وہاں کی پرائیوٹ کمپنیوں نے حکومت کی اس حقتصانہ پالیسی کا بہت ہی خوبصورت اور شریت جواب دیا ہے کہ عوام نفرت کی جگہ محبت چاہتے ہیں۔ڈاکٹر محمد منظور عالم نے اس موقع پر میڈیا کے اس کردار پر بھی سوال اٹھایا کہ اس طرح کی مثبت خبروں کو ملک کے میڈیا پاہ مزید زیادہ عام نہیں کرتے ہیں۔

چند کے سوا سبھی ایسی مثبت اور اہم خبروں پر پردہ ڈال دیتے ہیں اور صرف منفی خبروں کو فروغ دیتے جبکہ ایسی مثبت خبروں کو عام کرنا زیادہ ضروری ہے جن سے عوام کے درمیان ایک بہتر پیغام جائے ۔ہندو مسلم بھائی چارہ کو فروغ ملے گا اور فرقہ پرست طاقتیں اپنے مشن میں کامیاب نہ ہوسکیں۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کی ہنگامی میٹنگ

پارلیمنٹ میں الزام کی تردید اور جمعیت کے نام ایک تحریری بیان ارسال کرنے کا مولانا بدرالدین سے مطالبہ

نئی دھلی (وثیق داؤد) اہل حدیث انٹیلکس اپلائی دہلی میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کے ذمہ داران وارکین ، اعیان جماعت اور ذمہ داران مدارس اہلحدیث کی ایک اہم ہنگامی نشست زیرصدارت مولانا اصغرعلی امام مہدی سلفی حفظہ اللہ منعقد ہوئی جس میں پارلیمنٹ کے حالیہ اجلاس میں طلاق ثلاثہ کے بل پر بحث کے دوران مولانا بدرالدین اجمل (ممبر پارلیمنٹ) کے سلطنت پروشت گردی کے اکھوسناک وقابل مذمت الزام سے پیدا شدہ صورت حال اور مسلمانوں بالخصوص سلفیوں کے اضطراب و بےچینی کا جائزہ لیا گیا اور موجودہ دور میں اتحاد ملت ،قومی یکجہتی ،پرامن بقاءباہم کی اہمیت وضرورت پرزور دیا گیا اور اس بات کی تاکید کی گئی کہ افراد و قائدین ملت اللہ کی رسی کتاب وسنت کو تھام کر اپنے قول وعمل سے اتحاد و اتفاق اور اخوت وبھائی چارہ کا مظاہرہ کریں۔

پروگرام میں شریک دانشوران نے کہا کہ دہشت گردی عصر حاضر کا سب سے بڑا ناسور ہے اور کتاب وسنت کی روشنی میں ایک مردود و مذموم عمل ہے۔ خواہ اس کا ارتکاب کوئی بھی کرے اور کہیں بھی انجام دے لیکن افراد کی غیر ذمہ دارانہ حرکتوں اور دہشت گردی کے مذموم عمل میں ملوث ہونے کی وجہ سے اس کے مذہب یا مسلک کو موردالزام ٹھہرانا درست نہیں ہے۔اس لیے کہ دہشت گردوں کا کوئی بھی مذہب یا مسلک نہیں ہوتا۔ دہشت گردی کی روک تھام اور مذمت ایک دینی وانسانی فریضہ ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند نے اپنے عقیدہ ومنہج کی رو سے ملک میں سب سے پہلے دہشت گردی پھر داعش کی سنگینی کو محسوس کرتے ہوئے اس کے خلاف آواز اٹھائی اور اردو،انگریزی، ہندی اور دیگر زبانوں میں اتنامی فتوی جاری کر کے اور سیمینار وسیمپوزیم منعقد کر کے اس کی بیخ کنی کی کوششوں میں بھرپور حصہ لیا جس کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ذمہ داران نے پارلیامنٹ ہاؤس میں مولانا بدرالدین اجمل کے غیر ذمہ دارانہ اور بے بنیاد بیان کی بلا تفریق مسلک ذمہ داران ودانشوران ملت نے بروقت مذمت وتردید کی اور اس پر اپنے غم وغصہ کا اظہار کیا۔

اسی طرح پارلیامنٹ میں موجود مسلم وغیر مسلم اراکین اور لوک سبھا کی براہ راست نشر ہونے والی کارروائی دیکھنے والے لوگوں نے اپنی حیرت واستعجاب کا اظہار کیا اور اسے فرقہ وارانہ منافرت اور مسلکی تناؤ پیدا کرنے والا بیان قرار دیا۔ اور یہی ملک عزیز کی شان اور امتیاز ہے۔

کارسوار بدمعاشوں نے کیا ٹرک ڈرائیور کا اغوا

نئی دہلی (پی این این)

دارالحکومت میں بدمعاشوں کی سرگرمی کم ہونے کا نام نہیں لے رہی ہے۔ تازہ معاملہ مغربی ضلع کے موتی نگر علاقے کا ہے۔ یہاں کار سوار بدمعاشوں نے بجلی کی کمر ہونے پر ٹرک ڈرائیور اور ہیلپر کو اغوا کرکے یرغمال بنالیا۔اس کے بعد دونوں کی جم کر پٹائی کی۔بعد میں متاثرین کے مالک نے آکر کار کے مرمت کی یقین دہانی کرائی، تب جاکر بدمعاشوں نے متاثرین کو چھوڑا۔ادھر ہسپتال جانے کے بعد متاثرین نے معاملے کی اطلاع پولیس کو دی۔ پولیس کیس درج کرلیا ہے اور ملزمان کی تلاش کر رہی ہے۔معلومات کے مطابق پرمود (45) خاندان کے ساتھ نجف گڑھ میں رہتا ہے۔

مختصر مختصر

معروف شاعروخطیب ظفرجنگ پوری کا انتقال

نئی دھلی(پی این این) نیو فرینڈس کالونی کی جامع مسجد میں تقریباً 40 سال تک منصب امامت پر فائز رہنے والے معروف شاعر مولانا سید عبدالعزیز ظفر جنگ پوری تقریباً ۱۱ ماہ کی علالت کے بعد 107 سال کی عمر میں ایک پرائیویٹ اسپتال میں انتقال ہوگیا۔جن کی شخصیت علمی ،ادبی اور مذہبی حلقوں میں قلم کی لہر دوڑ گئی۔مولانا مرحوم جہاں ایک اچھے عالم دین تھے وہیں کہنہ مشق اور صاحب دیوان شاعر بھی تھے۔یوں تو انہوں نے تمام شعری اصناف میں طبع آزمائی فرمائی لیکن نعت گوئی سے خاص دلچسپی رکھتے تھے۔نو نیس قبرستان حضرت نظام الدین میں ہوئی۔ان کے انتقال پر مولانا فرقان ،مولانا حفظ الرحمٰن ،مولانا عالم مفتی سخاوت ،مولانا ارشاد وسیم شیروانی ،نیم قریشی مولانا صالحین ، ورہ دہلوی ،عبدالبصار قریشی ،مولوی شاکر کے علاوہ دیگر سیاسی ،سماجی ،ادبی اور مذہبی شخصیات نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

'آپ' کارکنان پر مارپیٹ کا الزام

نئی دھلی(پی این این) دلی حکومت کے خلاف گزشتہ ڈھائی ماہ سے مظاہرہ کر رہے دلی ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ڈی ٹی سی) میں کانٹریک پر کام کرنے والے ملازمین نے عام آدمی پارٹی (آپ) کے کارکنوں پر ان سے مار پیٹ کا الزام لگایا ہے۔ان ملازمین کی یونین کے صدر دلمیکی جھانے اس واقعہ کو شرمناک بتایا۔انہوں نے کہا کہ ڈی ٹی سی ملازم گزشتہ 1 7 دن سے اپنے مطالبات کو لے کر دلی حکومت کے خلاف دھرنا مظاہرہ کر رہے ہیں۔جھانے الزام لگایا کہ ڈی ٹی سی ہیڈکوارٹر پر مظاہرہ کر رہے ملازمین کو روکنے کے لئے 'آپ' کے 45-50 کارکنوں نے ان پر ڈنڈے اور لوہے کی راڈ سے حملہ کردیا جس میں ڈی ٹی سی کے تین ملازم زخمی ہوئے۔ان میں دیپک کمار ،رشید ذبی ہوگئے۔قابل ذکر ہے کہ مظاہرین یکساں کام یکساں تنخواہ، کنٹریک ملازمین کی کام کی مستقل کی مثالت جیسے مطالبات کو لے کر مظاہرہ کر رہے ہیں۔

بابری مسجد معاملے میں تحمل سے کام لیں مسلمان: مولانا محمد ہارون

فرقہ پرست لیڈروں کے اشتعال انگیز بیانات سے مشتعل نہ ہونے کی اپیل

نئی دھلی(پی این این) سپریم کورٹ میں بابری مسجد معاملے کی سماعت 4 جنوری سے شروع ہونے والی ہے۔ہمیں امید ہے کہ ملک کی سب سے بڑی عدالت سے انصاف ملے گا۔اور مسلمانان ہندکوان کی سانس لیں کے مذکورہ باتیں ایک پریس بیان میں مسجد فیروز شاہی (سبھ کلاں) بستی حضرت نظام الدین دہلی کے امام خطیب مولانا محمد ہارون نے کہیں۔

انھوں نے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ بابری مسجد کے تعلق سے فرقہ پرست لیڈران طرح طرح سے بیانات دے رہے ہیں،مسلمانوں مشتعل کرنے کی مسلمانوں سڑکوں پر لایا جائے اور فرقہ پرستی کی آگ بھڑکائی جائے۔



مولانا مسلمانوں سے خصوصی طور پر صبر وتحمل کے ساتھ رہنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ یہ سب 2019 کے عام انتخابات کے پیش نظر کیا جارہا ہے۔ملک فضا کو خراب کرنے کے لئے بابری مسجد معاملہ کا اٹھانے کی سیاست ہورہی ہے مسلمان اپنے صبر وتحمل اس سیاست کو ناکام بنادیں۔اور عدالت عظمیٰ پر بھروسہ اور اللہ پر یقین کامل رکھیں دو ملک کی سب سے بڑی اقلیت کے حقوق کی تحفظ اور ملک میں امن وسکون کو سلامت رکھے گا۔

عمران حسین کے ہاتھوں لال دروازہ کلیان سمیتی کے دفتر کا افتتاح

نئی دھلی (انور حسین حجضوی) علاقہ امن وامان کے قیام اور لوگوں کے مسائل کے حل کیلئے پرانی دلی کے بلیماران حلقہ میں لال دروازہ سرکی والان کلیان سمیتی کے دفتر کا افتتاح دہلی کے وذیر خوراک ورسد اور بلیماران کے رکن اسمبلی عمران حسین نے زبان کے چیئرمین ومیونسپل کونسلر محمد صادق کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

اس موقع پر منعقدہ افتتاحی تقریب میں کمیٹی کے صدر منظور احمد، کمیٹی کے رکن محمد نبیل ،سکریٹری فرحان الدین ،سلیم، محمد انوار، گندو اور دیگر ارکان نے وزیر موصوف اور چیئرمین کا پھولوں سے استقبال کیا۔ کمیٹی کے ذمہ داران نے کمیٹی کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ اس کمیٹی کی تشکیل کا مقصد علاقہ کی امن اور بھائی چارے کے قیام اور اہل علاقہ کی پریشانیاں حل کرنا ہے۔

اس موقع پر وذیر عمران حسین نے لال دروازہ کلیان سمیتی کے ذمہ داران اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان قائم کرنے اور بھائی کے فروغ کے لئے یہ ایک اچھا قدم ہے۔کمیٹی کی سوچ

کمیٹی بھی اور بھائی چارے کے فروغ ہے،جس میں کمیٹی کے شانہ بشانہ کھڑا ہوں ۔ انہوں نے کمیٹی کے ذمہ داران اور اہل علاقہ کو یقین دلایا کہ کمیٹی کو جب کبھی بھی میری ضرورت محسوس ہوگی تو میں آدھی رات کو بھی آپ کی خدمات کیلئے حاضر ہوں۔

چیئرمین اور بلیماران کے کونسلر محمد صادق نے کہا کہ یہ آپ لوگوں کی محبت ہے سے ہی وہ پہلے میونسپل کونسلر اور پھر رسی ایس پی زبان کے چیئرمین بنے ہیں ۔ انہوں نے کہا ہر شہری امن وچین کے ساتھ جینا چاہتا ہے۔اس امن وچین اور بھائی چارے کو قائم رکھنے کیلئے لال دروازہ کلیان کمیٹی نے جو قدم اٹھایا ہے ہم اس کے ساتھ ہیں۔چیئرمین محمد صادق نے کمیٹی کے ذمہ داران اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں دسہرہ کی مبارک باد بھی پیش کی۔

افتتاحی تقریب میں ایڈوکیٹ محمد عبدالسلام ،وارڈ 88 کے آپ کے صدر چودھری ریاض الدین ،ٹرانزٹ پولیس ماسٹر محمد یوسف ،محمد عابد نیاز ،منصور عالم وغیرہ بھی بطور خاص شرکت کی۔

'عوام کی خدمت ہی میر انصب العین ہے'

پھاٹک تیلیمان کے 7 کنڑوں میں ترقیاتی کاموں کے افتتاح پر عاصم احمد خان کا خطاب

نئی دھلی (پی این این) دلی کے سابق وزیر اور میاؤں کے ممبر اسمبلی عاصم احمد خان کی جانب سے ٹیلیمان اسمبلی حلقہ کے مختلف علاقوں میں جشنی پیمانے پر ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے۔جن کو آگے بڑھاتے ہوئے آج ایل عاصم خان نے آج پرانی دہلی کے پھاٹک تیلیمان سات کنڑوں، کنڑوں میں ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔

عاصم خان نے کنڑ نمبر 180، 181، 3208، 3187، 3188، 3179 اور 3173 میں بند فوور، نئے بیت الخلاء، وال بلاسٹ اور مرمت کے کاموں کا افتتاح ۔اس موقع پر کمن اسمبلی کا متالی لوگوں نے زبردست استقبال کیا اور ان کے کاموں کی تعریف کی۔ عاصم خان نے کہا کہ عوام کی خدمت ہی میرا نصب العین ہے جہاں تک بھی ترقیاتی کاموں کی ضرورت ہے وہاں کام کرائے جائیں گے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

انھوں نے کہا کہ ترقیاتی کام ہی ان کا مقصد ہے اسی سے عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ عاصم خاں نے کہا کہ اس سال ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے گئے ہیں اور آنے والے نے سال میں مزید تیزی کے ساتھ کام ہوں گے۔اس موقع پر عرفان خاں، روی نے کہا کہ عام آدمی پارٹی نے عوام سے جو وعدے کئے تھے ان پر کھری اتری ہے پارٹی کا ایک ایک کارکن عوام کی خدمت میں سرگرم نظر آتا ہے۔آنے والے الیکشن میں یہی کارکن پارٹی کو مضبوطی دیں گے اور آپ کے امیدواروں کو جیت دلائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ علیمالحق وعدھان جھالی نے کہا کہ عام آدمی پارٹی وعدھان جھا کے صدر عرفان خان روی اور دیگر عہدیداران موجود تھے۔

حکومت زبردستی طلاق ثلاثہ قانون تھوپنا چاہتی ہے: عمران اعجاز

انڈین یونین مسلم لیگ دہلی پردیش کی کلاں محل جامع مسجد میں نشست

نئی دھلی (پی این این) انڈین یونین مسلم لیگ دہلی پردیش کا کلاں محل جامع مسجد میں ماہانہ نشست ہوئی ۔جس میں پارٹی کے پردیش صدر مولانا ناصر احمد حسینی انتشمیری ،عمران اعجاز جنرل سکریٹری ،معین الدین قریشی ،معین الدین انصاری نائب صدر نورالنسس شیخ فضل حسن ،مفتی فیروز الدین مظاہری سکریٹری ،عبدالحمید انصاری خزانچی ،آصف انصاری ،محمد زاہد نائب خزانچی ،مدثر الحق ،شبیر الدین ،محمد توحید ،لائیب خان ،ایم ایس ایف کنوینر قومی سکریٹری خرم عمر ،انیس ،محمد غازی ،محمد اظہر اور نبیل احمد وغیرہ شامل ہوئے۔

اس میٹنگ میں طلاق ثلاثہ بل اور اس بل سے متعلق مولانا بدرالدین اجمل کے بیان پر چرچہ ہوئی ۔ پارٹی صدر مولانا نثار احمد حسینی انتشمیری نے مولانا کے بیان پر کہا کہ مولانا جھوٹا بیان ہرگز ہرگز درست نہیں ہے۔سلفی مسلک ہرگز دہشت گردنہیں ہے،بیان پر الزام ہے۔حسینی

ت مسلک بات کرنی چاہیے، دہشت گردی سے جوڑنا صحیح نہیں ہے۔یہ وقت اور حالات ایسے تھیں کہ اس طرح کی بات کی جاتی پارٹی ان کے بیان کی سخت مذمت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے نازک حالات میں جب مسلمانوں کو طاقت کی ضرورت ہے۔اختلافی مسئلہ شریعت کی بنیاد پر ہوتا ہے،یہ مسلمانوں کا مسئلہ ہے۔کسی بھی مسلک یا مذہب میں کچھ لوگ خراب ہوسکتے ہیں، لیکن عوامی طور پر اس طرح کے بیانات سے مسلمان اور اسلام دونوں کی بدنامی ہوگی۔

پارٹی کے جنرل سکریٹری عمران اعجاز نے کہا کہ کانگریس سیت تمام اپوزیشن جماعتیں اس بل کے خلاف ہیں۔انہوں نے کہا جب تمام پارٹیاں اسے سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کرنا چاہتی ہیں تو پھر حکومت ان کیوں نہیں لیتی ہے۔حقیقت یہ ہے کہ اس بل کے ذریعے بی جے پی مسلمانوں کو پریشان کرنا چاہتی ہے،اس کی نیت ٹھیک نہیں ہے۔

انہوں نے راجیہ سبھا ممبران پارلیمنٹ سے اپیل کی ہیکہ وہ مسلمانوں کے استحصال کی مخالفت کریں۔

ندین یونین مسلم لیگ کے راجیہ سبھا ممبر پی وی عبدالوہاب نے مودی پر چہ سنیچال رکھا۔اسی طرح لوک سبھا میں یونین کے ممبر پی وی بشیر احمد اور سناتی کٹی نے اس بل کی مخالفت کی تھی ۔حکومت زبردستی طلاق ثلاثہ کا قانون تھوپنا چاہتی ہے، جو قومی اتحاد اور سیکولرازم کے لئے خطرہ ہے۔

دیوریا جیل پٹائی معاملہ:

عتیق کا بریلی ضلع جیل میں ٹرانسفر، جانچ کمیٹی تشکیل

دیوریا(پواین آئی)

اترپردیش کے دیوریا ضلع میں 26 دسمبر کو کاروباری کے ساتھ مارپیٹ اور زبردستی اس سے سادے کاغذ پر دستخط کرانے کے معاملے میں ایک جانچ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ امت کشور نے پیر کو پی این آئی کو بتایا کہ لکھنؤ کے ایک کاروباری مہوت جیسوال نے الزام لگایا ہے کہ دیوریا ضلع جیل میں بند سابق رکن پارلیمان عتیق احمد کی ہدایت پر اس کے گرگوں نے اس کا لکھنؤ سے اغوا کر کے دیوریا ضلع جیل میں اس کے ساتھ مارپیٹ کر سادے کاغذوں پر اس سے دستخط کرائے ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے بتایا کہ اس معاملے کی اطلاع ملنے کے بعد اتوار کی دیر رات ضلع انتظامیہ نے ضلع جیل کا اچانک معائینہ کیا اس معاملے کی جانچ کے لئے ایس ڈی ایم راکیش کمار جیل کے قیادت میں چار رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ ایس ڈی ایم اس معاملے کی جانچ کا آغاز بھی کر دیا ہے۔

وہیں اس پورے معاملے کی نوٹس لیتے ہوئے چیرکمیتیشن احمد کو رائے بریلی جیل بھیجے

جانے کا حکم دیا گیا ہے۔ سرکاری ترجمان نے پیر کو بتایا کہ وزات داخلہ کے جوائنٹ سکریٹری سوریہ پرکاش سنگھ نگر نے اڈیشنل ڈی جی (ڈی ایل) کو آج ایک خط لکھ کر عتیق احمد کو دیوریا جیل بھیجے جانے کی ہدایت دی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اتوار کی رات ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ امت کشور اور پولیس سپرنٹنڈنٹ این کولانچی کی قیادت میں سینکڑوں سیکورٹی اہلکار کے ساتھ جیل پر اچانک چھاپہ ماری کر کے کونے کونے کی باریکی سے تلاشی لی۔ افسران نے جیل کے بیرک نمبر ساتھ جس میں عتیق احمد قید میں کا بھی باریکی سے معائینہ کرایا ہے۔

ذرائع نے بتایا کہ معائنے کے دوران جیل میں لگے سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج میں چھیڑ چھاڑ کی بات سامنے آرہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ملاقاتیوں کے لئے بنے ریکارڈ میں بھی چھیڑ چھاڑ کی بات سامنے آرہی ہے۔ ادھر جیل سپرنٹنڈنٹ ڈی کے پانڈے نے کہا کہ لکھنؤ کے رہنے والے مہوت جیسوال 26 دسمبر کو یہاں 11 بجے دن میں ملنے آئے تھے۔ لیکن جیل کے اندر مارپیٹ کے واقعہ اور زبردتی سادے کاغذ پر دستخط کرانے کی بات انہوں نے تو نہیں بتائی ہے اور نہ ہی کسی جیل کے کسی دوسرے شخص کو اس بارے میں کوئی علم ہے۔

دنیا میں کوئی بھی قوم تعلیم کے بغیر بلند مقام حاصل نہیں کرسکتی: واحد حسین

مادھیمک شکشا پریشد کے عہدیدران کا اتفاق رائے سے ہوا انتخاب

سنبھل(سعد نعمانی)

مادھیمک شکشا پریشد کی میٹنگ میں اساتذہ سے اپنے حقوق کیلئے پُرعزم رہنے تلقین کی گئی ہے پریشد کے عہدیدران نے کہا کہ ہماری ایکتا ہی ہمارے حقوق کے حصول کی ضامن ہے۔ سنبھل سکیم رئیس منوکامنا انٹر کالج میں ہوئی میٹنگ میں مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سبھی اساتذہ سے متحد رہیں میٹنگ میں نئے لال درما اور سدھیر یادو مہمان خصوصی کے طور پر شریک رہے۔

اپنی سالانہ میٹنگ کے موقع پر پریشد کے عہدیدران نے کہا کہ اساتذہ نئی نسل کا مستقبل ہیں ان کی راہیں کانٹوں بھری ہوگئی ہیں مگر ہمارے ملک کی نگاہیں اساتذہ پر لگی ہوئی ہیں اس لئے اساتذہ اپنی فرض کی ادائیگی کو ایمانداری کے ساتھ نبھانا چاہئے۔ پریشد کے سابق صدر واحد حسین نے تعلیم کی اہمیت روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دنیا میں کوئی بھی قوم تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کرسکتی۔

اس سالے سماج میں تعلیم کے تئیں بیداری لانے کی ضرورت ہے انھوں نے پریشد کے عہدیدران سے اپیل کی کہ وہ ہر وقت متحد رہیں کیونکہ ان کی ایکتا میں ہی اساتذہ کی آواز بن طاقت ہے اس موقع پر مادھیمک ریشد کے نئے عہدیدران کا انتخاب اتفاق رائے سے عمل میں آیا

ڈاکٹر راجارام سنگھ کو ضلع صدر، منوج کمار رستوگی کو سکریٹری جنکا اشوانی کمار ورما کو خازن بنایا گیا۔

ضلع کی سبھی شاخوں نے اتفاق رائے سے ہوئے انتخاب پر رضا مندی ظاہر کی۔ ڈاکٹر بھجے وارشے، لکھپت سنگھ یادو، واحد حسین، نریندر سنگھ چوہان، کوثر حسین، نیم چند، جگناتھ سنگھ، سوربھ کانت شرما، منیش شرما، ریم راج تیاگی نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

اتحاد سے ہی ملک میں ترقی ممکن: رام داس

بجنور(پی این این)

ری پبلک پارٹی آف انڈیا کے قومی صدر اور مرکزی وزیر رام داس اٹھاولے نے کہا ہے کہ ہمارا ملک قومی یکجتی کا گہوارہ ہے اور ملک میں اتحاد ہوگا تو ترقی بھی ہوگی۔ آر پی آئی کے قومی صدر ضلع کے قصبہ جھالو میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے ایک جلسے کو خطاب کر رہے تھے۔

قصبہ جھالو کے نگر پالیکا پریشد کے چیئر مین شہزاد کی صدارت اور نگر پالیکا پریشد کے ای او کی نظامت میں منعقدہ جلسے کو خطاب کرتے ہوئے رام داس اٹھاولے نے کہا کہ دنیا میں ہمارا ایک ایسا ملک ہے جہاں پر سب سے زیادہ بھائی چارہ پایا جاتا ہے اور سبھی لوگ ایک دوسری کی خوشی اور غم میں شریک ہوتے ہیں۔

ملک کی اس گنگا جمنی تہذیب کو برقرار رکھنے کے لئے ہم سب کو آگے آنا ہوگا۔ انھوں نے آگے کہا کہ جھالو نگر پالیکا پریشد بہت خوبصورت قصبہ ہے اور یہاں کے لوگ بہت اچھے ہیں اور یہاں کے چیئر مین شہزاد احمد ان کے کافی پرانے دوست ہیں۔ اس لئے وہ اس قصبے کی ترقی کے لئے اپنا پیش قیمتی تعاون جاری رکھیں گے تاکہ اس قصبے کی ترقی میں چار چاند لگ جائے جلسے کے بعد چیئر مین شہزاد احمد نے آنے والے سبھی لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔

سوار کے نگر پنچایت مسواسی میں ویشیہ سماج کی تشکیل

رام پور (مجاہدخاں)

بنگلہ دیش میں کل ہوئے پارلیمانی انتخابات میں وزیر اعظم شیخ حسینہ کی عوامی لیگ پارٹی والے اتحاد کو زبردست اکثریت حاصل ہوئی ہے اور اس نے 298 میں سے 287 سیٹیں جیت لی ہیں۔ مقامی ٹیلی ویژن چینل نے انتخابی کمیشن کے حوالے سے آج بتایا کہ دیگر دو اپوزیشن پارٹیوں کنزرویٹیو جاتیہ پارٹی اور جی این پی کو محض 20 اور اور چھ سیٹیں ملی ہیں۔ اب محترمہ حسینہ مسلسل تیسری بار وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالیں گی۔ حالانکہ اپوزیشن پارٹیوں نے ان پر دھاندلی کا الزام لگایا ہے۔ کل ملک میں مختلف مقامات پر ہوئے تشدد میں کم سے کم 17 افراد ہلاک ہو گئے تھے۔

بنگلہ دیش میں اتوار کو ختم ہوئے پارلیمانی انتخابات کے کچھ گھنٹے بعد ہی اپوزیشن پارٹیوں نے کارگزار حکومت اور انتخابی کمیشن سے ملک میں دوبارہ انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا۔ جاتیہ اوئیکا مورچہ (نیشنل یونی فرنٹ) اپوزیشن اتحاد کے لیڈر کمال حسین نے اتوار شام ختم ہوئے انتخابات کو مشکلہ خیز قرار دیتے ہوئے انتخابی کمیشن سے اسے منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔ بنگلہ دیش میں انتخابات کے دوران ہوئے تشدد کے مختلف واقعات میں کم از کم 16 لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ پولیس ہیڈ کوارٹر سے ابتدائی اطلاع کی بنیاد پر پورے ملک میں انتخابی تشدد کے واقعات میں 17 لوگوں کی ہلاکت کی اطلاع دی ہے۔ سینئر سنن نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی انتخابات کے نتائج کو پوری طرح سے مسترد کر دیا۔ انھوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ کہ غیر جانبدار کارگزار حکومت کی نگرانی میں دوبارہ انتخابات کرائے جائیں۔ سینئر سنن نے کہا کہ ہم نے ماضی کی سبھی غلطیوں کو فراموش کرتے ہوئے وزیر اعظم اور انتخابی کمیشن کی نیتوں پر انتخابی عمل میں حصہ لیا تھا لیکن انتخابات میں اوئیکا مورچہ کے لیڈروں اور کارکنوں پر حملے کیے گئے۔ انتخابی تشدد میں 17 امیدوار، 14000 کارکنان زخمی ہوئے اور 11000 کارکنوں کو گرفتار کیا گیا نیز 18 لیڈروں کو جیل سے انتخاب لڑنے پر مجبور ہونا پڑا۔ پریس کانفرنس میں اپوزیشن کے لیڈروں نے کہا کہ وہ جیتو کو انتخابات کے تعلق سے اپنا باقاعدہ ردعمل ظاہر کریں گے اور آئندہ کی لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔

خالدہ ضیا کا خطرے میں مستقبل

ڈھاکہ (بی این این) شیخ حسینہ چوتھی بار وزیر اعظم بننے کے لئے الیکشن لڑ رہی تھیں جبکہ ڈھاکہ جیل میں قید ان کی اہم حریف اور بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کی سربراہ خالدہ ضیا کا مستقبل خطرے میں نظر آ رہا ہے۔ الیکشن کمیشن کے ایک ترجمان نے بتایا کہ 8 گھنٹے تک چلنے والے ووٹنگ عمل اپنے طے پروگرام کے مطابق اختتام تک پہنچا ہے۔ حالانکہ اپوزیشن جماعت کی طرف سے عائد کئے گئے دھاندلی کے الزامات کی بھی الیکشن کمیشن نے جانچ شروع کر دی ہے۔

مشرف مرتضیٰ نے انتخابات میں حاصل کی فتح

بنگلہ دیش (ایجنسیاں)

بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیم کے کپتان مشرف مرتضیٰ نے عام انتخابات میں اکثریتی ووٹوں سے کامیابی حاصل کی ہے۔ وہ عوامی لیگ کے ٹکٹ پر نریل۔ دوہیت سے انتخابی میدان میں اترے تھے۔ انہوں نے اپنے قریب ترین حریف کو 2 لاکھ 66 ہزار سے زائد ووٹوں سے شکست دی۔ رپورٹ کے مطابق، مرتضیٰ کو 274-418 ووٹ ملے جبکہ دوسرے نمبر پر رہنے والے اپوزیشن امیدوار جتیا اوکیا پارٹی کے امیدوار کو صرف 8006 ووٹ ملے۔

افغانستان میں صدارتی انتخابات تکنیکی مسائل کے سبب ملتوی

کابل (بی این این)

افغانستان میں ابھی جلد صدارتی انتخابات نہیں ہونے والے ہیں کیونکہ کچھ تکنیکی کمیوں کی وجہ سے افغانستان الیکشن کمیشن نے آئندہ اپریل میں ہونے والے صدارتی انتخاب ملتوی کر دیئے ہیں۔ افغان الیکشن کمشن کے نائب ترجمان عبدالعزیز ابراہیمی نے میڈیا کو بتایا ہے کہ یہ التوا آئوٹریس ہونے والی پارلیمانی انتخابات کے دوران سامنے آنے والے تکنیکی مسائل کے باعث طاقتی کئے گئے ہیں اور ان کے انعقاد میں مزید کمی ہا دگ سکتے ہیں۔

تکنیکی مسائل کے تعلق سے انہوں نے بتایا" ووٹر فہرستوں کی تصدیق اور بائیکا کو بائیو میٹرک نظام کی تربیت فراہم کرنے کیلئے مزید وقت درکار ہے"۔ افغانستان کے الیکشن کمشن نے صدارتی انتخاب کیلئے کسی نئی تاریخ کا اعلان نہیں کیا ہے۔ اکتوبر میں ہونے والے پارلیمانی انتخابات کا عمل اُس وقت تاخیر کا شکار ہو گیا تھا جب بائیو میٹرک نظام کی تربیت حاصل کرنے والے عملے کے چشمہ ارکان پولنگ سٹیشنوں میں حاضر نہ ہوئے اور بے شمار رجسٹرڈ ووٹرا پنے نام ووٹر فہرستوں میں تلاش کرنے میں ناکام رہے۔ سیکڑوں پولنگ سٹیشنوں میں کام کی گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہونے کے باعث پولنگ اگلے روز بھی جاری رہی۔

اس کے علاوہ انتخابات کے نتائج کے حوالے سے بہت سی شکایات موصول ہوئیں۔ اس سے قبل 2014 میں ہونے والا صدارتی انتخاب بھی تنازعات کا شکار رہے تھے اور اُس میں دھاندلی کے شدید الزامات سامنے آئے تھے۔ اس انتخاب میں دونوں کلیدی اُمیدواروں اشرف غنی اور عبداللہ عبداللہ میں شدید مقابلہ ہوا اور پھر دوبارہ ووٹنگ کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ تاہم دوبارہ ووٹنگ کے نتائج سامنے آنے سے قبل ہی عبداللہ عبداللہ نے دھچ بیانے پر دھاندلی کے الزامات عائد کر دیئے اور ملک بھر میں احتجاج شروع کرنے کی دھمکی دی۔

تاہم اُس وقت کے امریکی وزیر خارجہ جان کیری نے دونوں اُمیدواروں کو اتحادی حکومت تشکیل دینے پر راضی کر لیا جس میں اشرف غنی نے ملک کی صدارت کا منصب سنبھالا جبکہ عبداللہ عبداللہ کیلئے چیف ایگزیکٹو کی نئی پوزیشن تخلیق کی گئی۔ خیال تھا کہ یہ انتظام دو برس کیلئے ہوگا۔ تاہم آج بھی جاری ہے۔ توقع ہے کہ صدارتی انتخاب کے انعقاد میں تاخیر سے افغانستان میں 17 برس سے جاری خانہ جنگی کو ختم کرنے کے سلسلے میں امریکہ کو مزید وقت مل جائے گا۔ افغانستان کیلئے امریکہ کے خصوصی ایلچی گزشتہ ستمبر میں عہدہ سنبھالنے کے بعد سے افغانستان اور طالبے کے دیگر ممالک کا متعدد بار دورہ کر چکے ہیں۔

2018 میں اسرائیلی حملوں میں 295 فلسطینی شہید، 29 ہزار زخمی

مقبوضہ بیت المقدس (پی این این)

فلسطین میں انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے ادارے "اوچا" کی طرف سے جاری کردہ سالانہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ رواں سال کے دوران اسرائیلی فوج کی منظم ریاستی دہشت گردی کے نتیجے میں 295 فلسطینی شہری شہید اور 20 ہزار زخمی ہوئے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق "اوچا" کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سنہ 2014ء کے بعد ایک سال میں فلسطینی شہداؤں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے۔ خیال رہے کہ انسانی حقوق کا ادارہ "اوچا" 2005ء سے فلسطین میں انسانی حقوق کی صورت حال پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں سال کے دوران شہید ہونے والے 61 فی صد فلسطینیوں کا تعلق غزہ کی پٹی سے ہے اور ان کی کل تعداد 180 ہے جب کہ 79 فی صد زخمی تعلق 23 ہزار غزہ کی پٹی کے رہائشی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق شہداء میں 57 شہید اور 7 ہزار زخمی 18 سال سے کم عمر کے ہیں۔ سال 2018ء کے دوران یہودی آباد کاروں کی جانب سے فلسطینیوں کے حق اور املاک کو تباہ کرنے کے 265 واقعات کا اندراج کیا گیا۔ سنہ کی نسبت یہ تعداد 69 فی صد زیادہ ہے۔ رواں سال یہودی آباد کاروں کے حملوں میں 115 زخمی ہوئے۔ غرب اردن میں 7900 پھل دار اور قیمتی درخت اکھاڑ دیے گئے جب کہ 450 گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا۔

کابل حکومت سے نہیں کی جائے گی کوئی بات چیت: افغان طالبان

کابل (ایجنسیاں)

افغان طالبان نے ایک مرتبہ پھر زور دے کر کہا ہے کہ وہ کابل حکومت کے ساتھ براہ راست امن مذاکرات نہیں کرنا چاہتے۔ بتایا گیا ہے کہ کابل حکام نے طالبان کو اگلے ماہ بات چیت کی دعوت دی تھی۔ خبر رساں ادارے رویٹرز کے مطابق افغان طالبان کے ایک سینئر رہنما نے کہا ہے کہ دو جنوری 2019ء میں سعودی عرب میں امریکی نمائندوں سے تبادلات کریں گے مگر کابل حکام سے نہیں، "ہم نے تمام فریقین پر واضح کر دیا تھا کہ کابل حکومت سے کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔" طالبان قائدین کی فیصلہ ساز کونسل کے اس رکن نے مزید بتایا کہ اگلے برس سعودی عرب میں ہونے والے امن مذاکرات میں ان موضوعات کو حل کرنے کی کوشش کی جائے گی، جو ابھی بات چیت میں شامل رہ گئے تھے۔ اس موقع پر طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے بھی کابل حکومت سے بات چیت نہ کرنے کے فیصلے کی تصدیق کی ہے۔

ادھر بس طالبان کے نمائندوں کی امریکی خصوصی مندوب ذلمے خلیل زاد سے ملاقاتوں کے شروع ہونے کے بعد سے اس مسئلے کا سفارتی حل تلاش کرنے کی کوششوں میں تیزی آئی ہے۔ ابھی تک اس طرح کے تین اجلاس ہو چکے ہیں، جس میں افغانستان سے بیس لاقوی دستوں کا انخلاء اور 2019ء میں فائر بندی جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جا چکا ہے۔ امریکا کی جانب سے ابھی حال ہی میں افغانستان میں تعینات فوجیوں کی تعداد کم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ طالبان کا اصرار ہے کہ امریکا کے ساتھ معاہدہ ہونے کے بعد ہی بات چیت آگے بڑھے گی۔

افغانستان میں فوجی آپریشن 30 طالبان جنگجو ہلاک

داخی کنڑی (پی این این)

افغانستان کے صوبے دائی کنڈی میں فوجی آپریشن میں طالبان کے 30 جنگجو مارے گئے۔ افغان حکام کے مطابق افغان فوج نے صوبے دائی کنڈی کے ضلع پاتو میں طالبان کے خلاف کارروائی کی، جس میں طالبان کے 30 جنگجو مارے گئے، جبکہ آپریشن میں جنگجوں کے قبضے سے کئی غیر محفوظ علاقوں کو بھی چھڑا لیا گیا ہے۔ طالبان کی جانب سے اس کارروائی پر ابھی تک کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔

ترکی نے داعش کے 30 مشتبہ شدت پسندوں کو کیا گرفتار

انقرہ (ڈنھوا)

ترکی پولیس نے راجدھانی انقرہ سے داعش کے 30 مشتبہ شدت پسندوں کو گرفتار کیا ہے۔ ترکی کی خبر رساں ایجنسی اناڈولو نے اتوار کو یہ اطلاع دی ہے۔ ایجنسی نے ایک پولیس اہلکار کے حوالے سے یہ اطلاع دی کہ گرفتار کئے گئے سبھی مشتبہ افراد غیر ملکی ہیں۔

ان سبھی راجدھانی انقرہ میں سال نو کے موقع پر حملوں کا منصوبہ بنانے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس نے چھاپے میں غیر قانونی دستاویزات برآمد کی ہیں۔ پولیس نے حالانکہ اس بارے میں کوئی دیگر معلومات فراہم نہیں کی ہیں۔ ترکی پولیس نے جمعہ کو داعش کے 52 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا تھا۔ یہ بھی عراق کے شہری تھے۔

مختصر مختصر

بارودی سُرنگ پھٹنے سے 4 ہلاک، 4 زخمی

صنعاء (پی این این)

یمن کی مقرنی گورنری تھریں حوثیوں کی طرف سے بچھائی گئی بارودی سرنگ پھٹنے سے کم سے کم 4 شہری ہلاک جاں بحق اور 4 زخمی ہو گئے۔ یہ واقعہ الظاء شہر کے المرسلہ علاقے میں پیش آیا۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ کسان اس وقت بارودی سرنگ کا نشانہ بنے جب وہ ایک کھیت کی دیوار کاشت کاری میں مصروف تھے۔ زخمی ہونے والے تمام کاشت کاروں کو اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ حوثی باغیوں کی طرف سے ملک کے مختلف شہروں میں جگہ جگہ بارودی سرنگیں بچھائی گئی ہیں۔

عراق کی وزیر تعلیم کا داعش سے تعلق، حکومت پریشان

بغداد (ایجنسیاں)

عراق میں دہشت گردی کا شکار افراد کے دفاع کی کمیٹی کے سربراہ ڈاکٹر نافع عیسیٰ کا کہنا ہے کہ خاتون وزیر تعلیم شیما والیالی اُس وقت داعش کی سپورٹ کرنے والوں میں تھیں جب تنظیم نے موصل شہر پر قبضہ کر رکھا تھا۔ اس انکشاف کے بعد حکومت کو پریشانی کا سامنا ہے۔ ڈاکٹر نافع کے مطابق والیالی کے بھتیجے نے موصل میں سیکورٹی فورسز کے داخل ہونے پر خودکو دھماکے سے اڑا لیا تھا۔ ڈاکٹر نافع نے واضح کیا کہ صدقہ معلومات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ والیالی داعش تنظیم کے ایک معروف کمانڈر کی سگی بہن ہے اور اس حوالے سے خاتون وزیر کی جانب سے پیش کیا گیا جواز درست نہیں۔

یاد رہے کہ شیما والیالی کی ہمدرد ایلینا اتحاد کی جانب سے عمل میں آئی تھی۔ اس اتحاد میں ہادی العامری کی زیر قیادت الفتح گروپ اور سابق وزیر اعظم نوری المالکی کے زیر قیادت اسٹیٹ آف لاء گروپ بھی شامل ہے۔

عمران خان کی غلط پالیسیوں سے عوام پریشان: بلاول

اسلام آباد (یو این آئی)

پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری نے سوبہ سندھ کے حوالے سے وزیر اعظم عمران خان کے تبصرے پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے عوام عمران حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے رو رہے ہیں۔ پاکستان کے روزنامہ ڈان کی ایک رپورٹ کے مطابق مسٹر بھٹو زرداری نے اتوار کو ٹویٹ کیا کہ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے سندھ کے عوام پریشان ہیں۔

وہ پاکستان تحریک انصاف حکومت کو گرادیں گے۔ قابل ذکر ہے کہ وزیر اعظم عمران خان نے جمعہ کے روز مشی لانڈرنگ کے معاملوں میں شامل افراد کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کرنے کا اعلان کیا تھا۔ مسٹر خان نے بغیر کسی کام لیے کہا تھا کہ ابھی کارروائی شروع بھی نہیں ہوئی ہے لیکن سندھ سے رونے کی آوازیں آ رہی ہیں۔ پی پی پی کے صدر نے ٹویٹ کیا، ہاں پاکل! سندھ سے زور زور سے رونے کی آوازیں آ رہی ہیں۔

سب سے زیادہ ٹیس پیدا کرنے کے باوجود سندھ کو ٹیس نہیں مل رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ گیس، بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے پورے پاکستان سے عوام کی چیخیں بلند ہو رہی ہیں۔ مسٹر بھٹو زرداری نے کہا، زراعت اور تجارت تباہ ہونے کی وجہ سے صوبہ سندھ کے لوگ کافی تکلیف میں ہیں۔

ای سی ایل میں 172 نام ڈالنے پر چیف جسٹس برہم

اسلام آباد (پی این این)

چیف جسٹس پاکستان میاں ثاقب نثار نے 172 افراد کے نام ای سی ایل میں ڈالنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ وزیر کو فوری پیش ہونے کا حکم جاری کر دیا، انہوں نے ریمارکس دیئے کہ جواب گزاروں کو ہے آئی ٹی کی رپورٹ پر جواب داخل کرنے کا کہا، حکومت نے ان کے نام ای سی ایل میں ڈال دیئے۔ چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نمایاں سیاستدانوں کے نام ای سی ایل میں ڈال دیے گئے۔

الحدیدہ میں از سر نو تعیناتی میں سویڈن معاہدے کا احترام کیا جائے: کمائرٹ

صنعا (ایجنسیاں)

یمن کے مغربی صوبے الحدیدہ میں جنگ بندی کی نگراں کی کرنے والی اقوام متحدہ کی کمیٹی کے سربراہ جنرل پیٹرک کمائرٹ کا کہنا ہے کہ صوبے میں از سر نو تعیناتی صرف اس صورت معتبر ہوگی جب تمام فریق اور اقوام متحدہ اس کی نگرانی کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ عمل اسٹاک ہوم میں طے پائے گئے سمجھوتے کے مطابق ہے۔ کمائرٹ کا یہ موقف حوثیوں کی جانب سے الحدیدہ بندرگاہ کو متاثر ساحلی پولیس فورس کے حوالے کرنے کے اعلان کے بعد سامنے آیا۔

دوسری جانب یمنی حکومت نے اس پیش رفت کی تردید کرتے ہوئے باغی حوثی باغیوں پر اپنے ہموا عناصر کو ساحلی پولیس فورس کی وردیاں پہنا دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ کمائرٹ کے مطابق اعتماد سازی کے اقدامات اور معاہدے پر عمل درامد بیک وقت ہونا چاہیے۔ انہوں نے انسانی امداد پیش کرنے کے لیے الحدیدہ اور صنعاء کے درمیان ہائی وے کو بطور گزرگاہ نہ کھولے جانے پر مایوسی کا اظہار کیا۔

میڈیا رپورٹوں میں بتایا گیا ہے کہ حوثی ملیشیا نے انسانی امدادی قافلوں کے لیے مرگزی راستے سے بارودی سرنگیں بچھانے سے انکار کر دیا۔ اس طرح الحدیدہ شہر میں داخلے کے راستے مسلسل دوسرے روز انسانی امداد کے سامنے بند رہے۔ حوثی ملیشیا نے تین فریقی کمائرٹکی جانب سے منظور کیے جانے والے سمجھوتے پر عمل درامد نہیں کیا اور مذکورہ راستہ نہیں کھولا۔ حوثی باغیوں نے الحدیدہ شہر کے جنوبی اور مشرقی حصوں میں رہائشی علاقوں میں یمنی فوج کے ٹھکانوں پر گولہ باری سے سمجھوتے کی خلاف ورزیاں کیں۔

ایرانی طلبہ کا احتجاج حکومت مخالف مظاہروں میں تبدیل

تہران (پی این این)

ایرانی دارالحکومت تہران میں آزاد یونیورسٹی کے طلبہ کا احتجاج شہریوں کی بڑی تعداد کے شامل ہونے کے بعد حکومت مخالف بھرپور مظاہروں کی صورت اختیار کر گیا۔ سوشل میڈیا پر پھیلی ویڈیوز کے مطابق مظاہرین نے اس موقع پر "ملاؤں کی بھوپور مردہ باد" کے نعرے بھی لگائے۔ مظاہروں کا آغاز دارالحکومت کے وسط میں انقلاب اسکوائر سے ہوا۔ مظاہرہ کرنے والے طلبہ نے یونیورسٹی کی بس الٹنے کے حادثے میں 10 ساتھیوں کی ہلاکت کے سبب آزاد یونیورسٹی کے عہدے داروں بالخصوص یونیورسٹی کے سربراہ علی اکبر ولایتی (سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے مشیر) ان سب کی برطرفی کا مطالبہ کیا۔

سعودی عرب میں سوشل میڈیا پر نیا ہیش ٹیگ 'نقاب میری جوتی کے نیچے'

سعودی عرب (ایجنسیاں)

سوشل میڈیا پر متحرک سعودی خواتین چہرے کے نقاب کے حوالے سے "#نقاب میری جوتی کے نیچے" یا "#underniqab "the hashtag my foot بھی استعمال کر رہی ہیں۔ بعض خواتین نے اپنی ایسی تصاویر بھی پوسٹ کی ہیں، جن میں وہ اپنے چہرے کے نقاب کو لیرانی دکھائی دے رہیں اور یہ تاثر دیتی ہیں کہ انہیں یہ چہرا چھپانا پڑتا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ سعودی عرب میں ایسے کوئی ضوابط یا قانونی قوانین موجود نہیں ہیں کہ جن سے یہ خاہر ہو کہ خواتین کے لیے کسی انداز کے پہناوے درست ہیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ سعودی پولیس اور عدلیہ خواتین کے لباس کو شریعت کے تناظر میں دیکھتی ہے۔ سعودی عرب میں قرآنی شریعت، قانون کا سب سے اعلیٰ ماخذ قرار دیا جاتا ہے۔ حالیہ ایام کے دوران سعودی خواتین نے خاص طور پر ٹوئٹر پر اپنے ایسے واقعات بیان کیے ہیں، جن کے مطابق انہیں چہرے کے نقاب کو پہننے پر مجبور کیا جاتا ہے اور بسا اوقات سخت ردعمل کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔

☆سعودی خواتین نے سوشل میڈیا پر چہرے کے نقاب کی پابندی کے خاتمے کی مہم میں شدت پیدا کر دی ہے۔ کئی ایسی خواتین کا موقف ہے کہ انہیں جبراً چہرے کا نقاب کرنا پڑتا ہے۔

ان واقعات میں کئی خواتین نے چہرے کے نقاب کو پہننے کے عمل کو دم گھٹنے سے بھی تعبیر کیا ہے۔ کئی خواتین نے نقاب کے ساتھ ایک جملہ بھی تحریر کیا کہ "اس کے وجہ سے زندگی تنگ ہو کر رہ گئی ہے"۔ دوسری جانب اس سے بھی انکار ممکن نہیں کہ سبھی سعودی خواتین نقاب پہننے کے خلاف جاری احتجاجی مہم کا حصہ نہیں ہیں۔

اس تناظر میں چہرے کے نقاب کو نہ کرنے والی اور اس کی حامی خواتین نے ان عورتوں کے خلاف # "بے ادب یا" "disrespectful" hashtag مہم بھی سوشل میڈیا پر جو ابا شروع کر رکھی ہے۔ سعودی خواتین کا ایک حلقہ نقاب کے ساتھ ساتھ حجاب کے خلاف بھی مہم جاری رکھے ہوئے ہے۔ ان خواتین کا موقف ہے کہ سعودی اخلاقی تقاضوں کی روشنی میں حجاب سے بہت کم بھی لباس پہنا جا سکتا ہے۔ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے جن 2018ء کے مہینے مارچ میں کہا تھا کہ خواتین نقاب یا عبایہ کے علاوہ دوسرے مناسب لباس پہننے کا فیصلہ کر سکتی ہیں۔ شہزادہ محمد کے اس بیان کے جواب میں سعودی عرب کی پولس کا موقف ہے کہ ابھی کچھ بھی تبدیلی نہیں ہوا ہے۔ ابھی تک اس چہرے کے نقاب کے خلاف سوشل میڈیا پر جاری احتجاجی کمپین یا مہم کے حوالے سے سعودی حکومت کا ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔

آملی لاریجانی گارڈین کونسل کے چیئرمین مقرر

تہران (پی این این)

ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے جوڈیشل کونسل کے چیئرمین صادق آملی لاریجانی کو گارڈین کونسل کا نیا چیئرمین مقرر کیا ہے۔ قائد انقلاب اسلامی ویب سائٹ کے مطابق سپریم لیڈر نے حال ہی میں یہ اہم عہدہ آملی لاریجانی کو دینے کا اعلان کیا۔ خیال رہے کہ ایرانی مجلس تشخیص مصلحت نظام یا گارڈین کونسل سیاست سیوہ اور حکومت کے مختلف اداروں کے درمیان پائے جانے والے تنازعات کے حل میں اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ ایران کے سابق صدر علی اکبر ہاشمی رفسنجانی 2017ء کے اوائل میں اپنی وفات تک گارڈین کونسل کے سربراہ رہے۔

نتین یاہو کا برازیل سے بیت المقدس کو اسرائیلی دارالحکومت تسلیم کرنے کا مطالبہ

تل ابیب (ایجنسیاں)

اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے برازیل پر متنوضہ بیت المقدس کو صیہونی ریاست کا دارالحکومت تسلیم کرنے اور ایران سفارت خانہ تل ابیب سے القدس منتقل کرنے پر زور دیا ہے۔ نیتن یاہو کا کہنا ہے کہ برازیل کا القدس کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ برازیل کی صحافی تنظیم ایو اویل کے مطابق نیتن یاہو نے ریودی جنیرو میں یہودی گروپ کے ساتھ ملاقات میں کہا۔ خیال رہے کہ نیتن یاہو ایک ایسے وقت میں ریودی جنیرو پہنچے جہاں نو منتخب صدر بائیر یسونارو کل یکم جنوری کو عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ ادھر اسرائیلی اخبارات کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم نے برازیل روانگی سے قبل ایک بیان میں کہا تھا کہ وہ نئے برازلین صدر سے ملاقات میں ان پر القدس کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کرانے کے لیے دباؤ ڈالیں گے۔ گذشتہ ماہ یسونارو نے ٹویٹر پر ایک ٹویٹ میں کہا تھا کہ وہ صدر منتخب ہو کر القدس کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کر لیں گے۔

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
www.sachkiawaz.com

جسم فروشی کے ریکٹ کا پردہ فاش

علاقائی پارٹی کی خاتون سرغنہ سمیت 2 عیاش افراد گرفتار

پٹنہ (پی این این)

راجدھانی کے قدم کنواں تھانے کی پولیس نے ایک بڑے سیکس ریکٹ کا پردہ فاش کیا۔ پولیس ٹیم نے اس سلسلے میں ایک نئی علاقائی پارٹی کی لیڈر کے اڈے پر دبش دی، جہاں دور دراز علاقوں سے لڑکیوں کو بلا کر جسم فروشی کرائی جارہی تھی۔ شراب کا بھی انتظام تھا اور حفاظت کے لئے اس نے بندوق رکھی تھی۔ وہ آئندہ انتخاب میں بھی امیدواری پیش کرنیکی ہیں۔

پولیس نے ایک سیاسی جماعت کے لیڈر کے بھائی منوج کو بھی دوست امت (نوادہ) کے ساتھ فلیٹ سے گرفتار کیا ہے۔ جسم فروشی کے دلدل میں پھنسی چار لڑکیوں کو سرغنہ کے چنگل سے بحفاظت نکالا گیا۔ پولیس نے فلیٹ سے نابالغ دعاست کی دو موبیتیاں بھی برآمد کی ہیں، جن کی قیمت بین الاقوامی مارکیٹ میں لاکھوں میں بتائی جارہی ہے۔ گروہ کے تار موتی اسمگلروں سے بھی جوڑے جارہے ہیں۔

پٹنہ کے ٹاؤن ڈی ایس پی سریش کمار نے کہا کہ کہ سرغنہ سمیت دو گرا بکوں کو گرفتار کیا گیا۔ چار لڑکیوں کو بچایا گیا ہے۔ موبیتوں کے بارے میں جانکاری لینے کے لئے بہار میڈیم کے ماہرین سے رابطہ کیا جارہا ہے۔ فلیٹ اشوک کھنڈیلیا کے نام پر کرائے پر لیا گیا تھا۔

فلیٹ کھنڈیلیا کا رہنے والا تاجر اشوک کھنڈیلیا کے نام سے کرائے پر لیا گیا تھا۔ اشوک نے کئی لوگوں سے قرض لے رکھا تھا۔ اس فلیٹ میں علاقائی پارٹی کی خاتون لیڈر تقریباً 2 ماہ سے جسم فروشی کا دھندہ چلا رہی تھی۔ فلیٹ کے مالک دہلی میں رہتے ہیں۔ پولیس نے ان سے فون پر بات کی، تب اشوک کے بارے میں پتہ چلا۔ اس معاملے کھنڈیلیا پولیس سے بھی رابطہ کیا گیا۔

یہاں ہر اتوار کو فلیٹ میں موج مستی کے لئے دوسرے اضلاع و ریاستوں سے لڑکیاں منگوائی جاتی تھیں۔ سرغنہ سے چھڑائی گئیں لڑکیوں کی عمر 20 سے 25 سال کے درمیان ہے۔ جھڑی گرا بکوں کے لئے شراب کا بھی بندوبست کرنی تھی۔ منوج کے کمرے سے دعاجاپل شراب منبادا ہوئی۔

حراست میں لئے جانے کے بعد سرغنہ نے پولیس کو دھمکی دی۔ وردی اتروانے اور دیکھ لینے کی بھی دھمکی دی ڈالی۔ جب پولیس نے اس کے موبائل کی ٹیلری کھولی تو وہ حیرت میں پڑ گیا۔ سرغنہ کی تصاویر بڑے لیڈروں کے ساتھ تھیں۔

وہاٹس اپ چیٹ سے معلوم ہوا کہ سفید پوش لوگوں سے اس کے گہرے رشتے ہیں۔ حالانکہ پولیس کے پاس کافی ثبوت تھے، اس لئے خاتون کی دال نہیں گل سکی۔

چپس کمپنی میں بھیانک آتشزدگی، ایک کی موت، 7 لاپتہ

مظفر پور (پی این این)

مظفر پور کے بوچہا میں ایک چپس فیکٹری میں آگ لگنے سے 20 سے زیادہ مزدور جھلس گئے۔ انتظامیہ نے ایک مزدور کے زندہ جلنے کی تصدیق کی ہے جبکہ سات مزدوروں کا پتہ نہیں چل پا رہا ہے۔

جانکاری کے مطابق 6 مزدوروں کو سنگین حالت میں میڈیکل کالج میں داخل کرائے گئے ہیں۔ آگ لگنے کے وقت 50 سے زیادہ لوگ اندر تھے۔ مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ موقع پر انتظامی امور کے افسران کے ساتھ ہی ایف ایس ایل کی ٹیم بھی موجود ہے۔

پٹنہ اور مظفر پور میں سب سے خراب آلودگی

پٹنہ (پی این این)

راجدھانی کی ہوا میں آلودگی کی سطح مسلسل خطرناک سطح پر ہے۔ یہ عام لوگوں کو ڈرانے کے لئے نہیں کہہ رہے ہیں بلکہ حقیقت بھی یہی ہے۔ اس کے علاوہ مظفر پور کی ہوا اور بھی خراب ہو رہی ہے۔ اس میں گاڑیوں کا دھواں بھی بڑی وجہ ہے۔

آج پٹنہ میں ہوا کا معیار انڈیکس پی ایم 2.5 (پرٹکولر میٹر) 414 مائیکروگرام فی گھن میٹر ریکارڈ کیا گیا۔ یہ سطح معمول سے سات فیصد خراب ہے۔ مظفر پور کی ہوا پٹنہ سے بھی زیادہ خراب رہی، جہاں پی ایم 2.5 کی سطح 422 مائیکروگرام فی گھن میٹر رہا۔

پٹنہ میں اس سے پہلے 21 دسمبر کو ویشالی میں سب سے خراب آلودگی درج کیا گیا تھا۔ تب پی ایم 2.5 کی سطح 463 مائیکروگرام فی گھن میٹر پہنچ گیا تھا۔ 24 دسمبر کو 394 فی گھن میٹر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ہفتہ کو پٹنہ کے ہوا کا معیار انڈیکس میں پی ایم 2.5 کی سطح 375 اور جمعہ کو 353 مائیکروگرام فی گھن میٹر پہنچ گیا تھا، لیکن اتوار کو اچانک ایک بار پھر پی ایم 2.5 میں بے حد تغیر دیکھا گیا۔

ہوا کی آلودگی خراب ہونے کے پیچھے خاص وجہ ہمالیہ سے آنے والی ہوا میں گنگا کا علاقہ شہر میں بھاری ٹریفک، ڈاٹروں سے نکلا دھواں، کھلے میں کچرا گرانا اور زراعت کے باقیات کو جلا نا کہا جا رہا ہے۔

مشرقی سنہہ بھوم ضلع کے 387 اسکول بند ہونے کا امکان

جمشید پور (پی این این)

مشرقی سنہہ بھوم ضلع میں اسکول بند ہونے کی تصدیق کا کام پورا ہو گیا ہے۔ مختلف بلاک مراکز نے ضلع کے محکمہ تعلیم کو تصدیق شدہ رپورٹ سونپ دی ہے۔ تصدیق شدہ رپورٹ کے مطابق 387 اسکولوں کے بند کرنے کی تجویز ہے۔ اس رپورٹ کو بیجی آیوگ کی سائٹ پر محکمہ تعلیم نے اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

اس پر آخری مہر ضلع تعلیم کمیٹی کے ذریعہ جو فہرست ضلع محکمہ تعلیم کو اپ لوڈ کرنا تھی تھی، اس میں دوسرے مرحلے میں 612 اسکولوں کو بند کرنے کی تجویز تھی۔ اس فہرست کو تصدیق کرانے کے بعد تعداد 387 تک پہنچ گئی۔

ان سارے اسکولوں میں طلباء کی تعداد میں 30 سے 60 تک ہے۔ اپ لوڈ کی گئی فہرست کے مطابق گھاٹ شلا میں سب سے زیادہ 59 اور دھال بھوم گڑھ میں سب سے کم 05 اسکول بند کرنے کی تجویز ہے۔

بڑ فلو کے اثرات: پٹنہ چڑیا گھر کے بعد آرٹ کالج میں مر گئے 4 کوّے اور ایک کتا

پٹنہ: (پی این این)

بہار میں ایک مرتبہ پھر برڈ فلو کی دہشت ہے۔ تازہ معاملہ پٹنہ آرٹ کالج میں چار کوّوں کی موت کا ہے۔ ان مردہ کوّوں میں سے ایک کوّا کھانے سے کالج احاطے میں ایک کتے کی بھی موت ہو گئی۔ واقعہ کے بعد کالج میں ہنگامہ ہو گیا ہے۔

بہار میں برڈ فلو چڑیوں کے مرنے کی خبریں مسلسل آ رہی ہیں۔ پٹنہ کے مٹھے گانھی چڑیا گھر میں سات مووروں کی موت کے بعد اب پٹنہ آرٹ کالج میں چڑیوں کی موت نے راجدھانی میں برڈ فلو کا امکان زیادہ ہو گیا ہے۔ پٹنہ چڑیا گھر کو غیر معینہ مدت کے لئے بند کر دیا گیا ہے۔

تحقیق کے لئے ضلع انتظامیہ کی ٹیم برڈ فلو سے ہو رہی جانوروں کی موت سے لوگوں میں ڈر پیدا ہو گیا ہے۔ آرٹ کالج میں آج ضلع انتظامیہ کی ٹیم نے مردہ چڑیوں کے سیمپل جمع کئے۔ چونہ اور بلیچنگ پاؤڈر کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ 30 چڑیوں کے سیمپل تفتیش کے لئے کولکاتہ بھیجے گئے ہیں۔ تفتیشی رپورٹ آنے کے بعد ہی پتہ لگے گا کہ چڑیوں میں برڈ فلو ہے یہ نہیں۔ جانوروں کے انتظام کے شعبے کے 10 کلومیٹر کی دوری میں سیمپل لے رہا ہے۔

سڑک حادثہ: 2 نوجوانوں کی موت، ایک زخمی

بکسر (یو این آئی)

بہار میں بکسر ضلع کے ایناڑی تھانہ علاقہ کے ایناڑی۔ بکسر امام ہائیوے پر بدھ رات سڑک حادثہ میں دو نوجوان کی موت اور ایک دیگر زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ ضلع کے دھنوئی تھانہ علاقہ کے گنگا پور گاؤں کے اوسیر رام (37) اپنے دو دوستوں کو کھر رام (37) اور کیمور ضلع کے چوبے پور گاؤں کے دنیش رام (35) کے ساتھ بکسر میں دلہوسنہ کے میں شامل ہونے کے بعد گاؤں لوٹ رہا تھا تبھی ایناڑی بلاک کے نزدیک نامعلوم گاڑی نے اس کی موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔

اس حادثہ میں کو کھر رام اور دنیش رام کی موت ہو گئی جبکہ اوسیر رام شدید طور پر زخمی ہو گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ زخمی کو بکسر صدر اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے جہاں اس کی حالت نازک بنی ہوئی ہے۔ لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دی گئی ہیں۔

مختصر مختصر

شراب اسمگلر گرفتار

پٹنہ (پی این این)

پٹنہ پولیس کو بڑی کامیابی ملی۔ اس نے بہار کے بدنام شراب اسمگلر جینت رائے کو گرفتار کر لیا۔ اس پر بہار میں شراب اسمگلنگ کے تین درجن سے زیادہ معاملے درج بتائے جارہے ہیں۔ سنے سال کی پارٹی میں جام چھلکانے کی پورا انتظام کرایا تھا۔ اس کے لئے شراب کی بڑی کھیپ راجدھانی پٹنہ پہنچ چکی تھی۔ لیکن پولیس کو اس کی بھنک لگ گئی۔ سنے سال میں جام چھلکانے کے ارادے سے راجدھانی پہنچے شراب اسمگلر جینت رائے کو پولیس نے پٹنہ کے چوک تھانہ علاقے سے گرفتار کر لیا۔ پولیس کافی دنوں سے اسے گرفتار کرنے کی کوشش کر رہی تھی، لیکن ہر مرتبہ وہ چکمہ دے کر فرار ہو جاتا تھا۔ آج پولیس کو اطلاع ملی کہ جینت پٹنہ سٹی کے چوک علاقے میں ہے۔ وہ شراب کی بڑی ڈیل کرنے کے لئے آیا ہے۔ اس اطلاع پر پولیس نے کارروائی کی۔ چوک تھانہ انچارج متھلیش کمار نے اپنی ٹیم کے ساتھ کارروائی کر کے اسے گرفتار کر لیا۔

نکسلی وشنو یوپادو 2 گرفتار

گیا (یو این آئی)

بہار میں نکسل متاثرہ گیا ضلع کے گروا تھانہ علاقہ کے کھیری گاؤں سے پولیس نے ممنوعہ تنظیم کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (ماؤ نواز) کے نکسلی وشنو دیو یادو کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ اطلاع کی بنیاد پر وشنو دیو یادو کے کھیری گاؤں واقع گھر میں کل رات چھاپے ماری کی گئی۔ اس دوران وشنو کو گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ گرفتار نکسلی کی پولیس کو متعدد معاملات میں تلاش تھی۔ پولیس اس سے تفتیش کر رہی ہے۔

چوک کا نام تبدیل کرنے پر 2 فرقوں کے درمیان کشیدگی

دربھنگہ (ایجنسیاں)

دربھنگہ شہر میں یونیورسٹی تھانہ علاقہ کے کاٹھی سرائے محلہ کے نام باڑ و چوک کا نام کچھ شرارتی عناصر کی جانب سے زیر سرخ رنگ پوت کر سبز بجرنگ بلی چوک کر دیئے جانے کو لے کر بڑی کل تنج دو فرقوں کے درمیان کشیدگی ہو گئی۔

خاص فرقہ کے لوگوں نے چوک کے درمیان میں نائر بلا کر اس کی مخالفت کی۔ موقع پر پہنچی پولیس نے صورتحال کو کنٹرول کرتے ہوئے سبز بجرنگ بلی چوک کو بھی تمام بھگوں کو سفید رنگ پوت کر مٹا دیا۔ تب کہیں جا کر مشتعل لوگ پرسکون ہوئے۔

ناراض لوگ اس مانگ کو لے کر بضد رہے کہ چوک کے ٹھیک سامنے واقع ہارڈ ویئر کی دکان کا سی سی ٹی وی کیمرہ دیکھا جائے تاکہ شرارتی عناصر کی شناخت کی جا سکے۔

موقع پر یونیورسٹی و صدر تھانہ کی پولیس کے ساتھ وارڈ کونسلر چیترا رانی اور سوشن یادو سماج کے معزز لوگ وہاں کیمپ کر رہے ہیں۔ حالات قابو میں ہیں۔ تھانہ انچارج نے بتایا کہ سینئر عہدیداران کی ہدایت کے مطابق کارروائی کی جا رہی ہے۔

حسیناؤں نے دکھائے فیشن کے حسین جلوے

رانچی (پی این این)

انٹرنیٹ کا زمانہ 2019 میں سال کے آخری سنڈے کے دن زیر دست بھیڑ اندر پڑی۔ لوگوں نے سنڈے کو فن ڈے بنا دیا۔ دیر رات تک لوگوں نے مختلف پروگراموں کا لطف اٹھایا۔ خصوصی طور پر متعینہ کرنے والی رانچی کا فیس آف ایئر کیپٹیشن تھا۔ جس کے تحت لڑکوں میں مسٹر گجو جوان اور لڑکیوں میں مس سوئی کڑی کا انتخاب ہونا تھا۔

اس مقابلے کے جج کے طور پر رینا شہدیو، اوریتی سنگھ، جی پتا اور ہم موجود تھے۔ بڑی تعداد میں نوجوان اور لڑکیوں نے ریمپ پر اپنا جلوہ بکھیرا۔ موسٹ کوالیفائی کی سوئی کڑی بنی۔ اس کے علاوہ بچوں نے چاکلیٹ کھاؤ کمپٹیشن میں جم کر حصہ لیا۔ تقریباً 300 بچوں نے اس مقابلے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

ہیئت سازی مقابلہ کے تحت خواتین نے ریمپ پر کیٹ واک کیا۔ اتوار کے آٹھ فٹ کا تھیم بلیو کلر تھا۔ صبح پروگراموں کی شروعات ٹریز رہنٹ سے ہوئی جس میں بچوں نے مختلف سرافروں کے ذریعہ خزانے کو کھوج نکالا۔ مشکیان ٹائمز میں نیم ایجرس نے جم کر دھمال اور ڈانس کیا۔

راجیو سنہا کی سربراہی میں سے ایف ٹی اے نے ٹاک شیئن کیا۔ کارنیوال میں ٹریفک پولس کے ذریعہ ایک بیداری اسٹال بھی لگایا گیا جس میں ٹریفک پولیس کے افسران اور جوان سبھی کو اصولوں کی جانکاری دی گئی۔

50 لاکھ سے زائد بیش قیمت مورتیوں کی چوری

مدھے پورہ (یو این آئی)

بہار میں مدھے پورہ ضلع کے عالم نگر تھانہ علاقہ واقع ایک قدیم مٹھ سے چودہ نے تین بیش قیمتی مورتیاں چوری کر لی ہیں۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ بھاکی پور مٹھ سے بیش قیمتی رام، لکشمن اور سیتا کی قدیم مورتیاں چرا لی ہیں۔

اس سلسلے میں پرکاش مہتا سمیت دیگر گاؤں والوں نے متعلقہ تھانہ میں مٹھ کے مہنت سکل دیو مہتا اور ان کے دو بھائی رام سوروپ مہتا اور رام لکھن داس کے خلاف مورتیوں کو چوری کر کے بیچ دینے کا الزام عائد کرتے ہوئے ایف آئی درج کرائی ہے۔

موٹر سائیکل سمیت 2 لاکھ روپے کی لوٹ

حاجی پور (یو این آئی)

بہار میں ویشالی ضلع کے جندا ہا تھانہ علاقہ کے جندا ہا بازار میں بدمعاشوں نے کرانہ کا دکاندار کو قتل کر کے تین دکانوں سے دو لاکھ روپے لوٹ لئے۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ ایک موٹر سائیکل پر سوار دو بدمعاشوں نے کل رات جندا ہا بازار میں تین دکانوں میں لوٹ کے واقعہ کو انجام دیا۔

مخالفت کرنے پر بدمعاشوں نے دو دکانداروں کو گولی مار کر زخمی کر دیا اور ڈیڑھ لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ زخمی کو علاج کے لئے حاجی پور صدر اسپتال میں لے جایا جا رہا تھا، تبھی راستے میں اس کی موت ہو گئی۔

اس سلسلے میں ایف آئی آر درج کر پولیس بدمعاشوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے ماری کر رہی ہے۔ لاش پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دی گئی ہے۔ وہیں ویشالی ضلع کے مہوا تھانہ علاقہ کے کھوجی اتنا پالی کے نزدیک بدمعاشوں نے کل رات دکاندار سے پچاس ہزار روپے اور موٹر سائیکل لوٹ کر فرار ہو گئے۔

پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ جنرل اسٹور کا دکاندار کمیش دھوری کل رات مہوا بازار واقع اپنی دکان بند کر کے موٹر سائیکل سے کھوجی کو جا رہا تھا؟ اس واقع اپنے گھر لوٹ رہا تھا۔ تبھی کھوجی اتنا پالی کے نزدیک دو موٹر سائیکل سوار چار بدمعاشوں نے اسلحہ کا خوف دکھا کر اسے اپنے قبضے میں لے لیا۔

اس کے بعد بدمعاش دکاندار کے پاس سے تھیلے میں رکھے پچاس ہزار روپے اور موٹر سائیکل لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس سلسلے میں متعلقہ تھانہ میں ایف آئی آر درج کر کے معاملے کی تفتیش کی جا رہی ہے۔

آشا کارکنان کی صدر اسپتال کی او پی ڈی میں تالا بندی

چھپرا (ایجنسیاں)

آشا سنیکت سنگھرش کمیٹی اعلان پر آشا کارکنوں نے بیر کے روز چھپرا صدر اسپتال کی او پی ڈی میں تالا بندی کر صحت طبی خدمات کو روک دیا۔ مستقل نیکاری کے کمرے میں بھی تالا لگا دیا جس سے نیکاری کا کام رک جانے سے لوگوں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کی وجہ سے مریضوں کو خالی ہاتھ واپس لوٹنا پڑا۔

ایک ماہ سے جاری ہڑتال کے دوران شہر تھانہ اور بھگوان مارکیٹ تھانہ کی پولیس بھی اسپتال پہنچی اور ہڑتال کرنے والی آشا کارکنوں کو پرامن کرانے کی کوشش کی، آشا کارکنوں اس کے لئے راضی نہیں ہوئیں۔ اس کی وجہ سے اسپتال کا کام کاج رکا رہا۔

واضح ہو کہ 1 دسمبر سی آشا کارکن 12 نکاتی مطالبات کی حمایت میں ہڑتال پر ہیں۔ آشا کارکن اپنے احتجاج کے دوران اب تک وزیر اعلیٰ اور وزیر صحت کا پتا نظر آشش کر چکی ہیں۔ ساتھ ہی ڈویژنل آفس کا بھی گھیراؤ بھی کر چکی ہیں۔ ضلع سکریٹری کانتی سنگھ اور صدر دیپا دھیسائے نے بتایا کہ 2 جنوری سے زنجلی کے واڑ کا کام بھی متاثر کیا جائے گا۔

7 جنوری کو کلکٹریٹ کا گھیراؤ کیا جائے گا۔ ہڑتال میں کافی تعداد میں آشا کارکن شامل ہوئیں۔ ضلع ہیڈ کوارٹر کے علاوہ مختلف بلاکوں میں بھی احتجاج کر رہی آشا کارکنوں کے ذریعہ کمیونٹی ہیلتھ سینٹر، پرائمری ہیلتھ مراکز اور ریفرل اسپتالوں میں تالا بندی کر کام کاج ٹھپ کئے جانے کی خبر ہے۔

کو بارش کی کمی کے سبب ڈیزل معاوضہ کے لئے کسانوں کا رجسٹریشن

بہار شریف (مزمل)

زرعی سال 2018.19 کم بارش کی وجہ سے خریف فصل کے لئے ریاستی حکومت کے ذریعہ ڈیزل معاوضہ کا فائدہ کسانوں کو دیا جا رہا ہے، نالندہ ضلع میں ڈیزل معاوضہ کے لئے 137075 لاکھ کسانوں کا رجسٹریشن کرایا گیا ہے جن کے ذریعہ مختلف موقعوں پر کرائے گئے۔

آبپاشی کے لئے کل 144835 لاکھ عرض داشت دیا گیا ہے یہ جانکاری محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کے ضلع افسر نے دی انہوں نے کہا کہ کبھی حاصل عرض داشت کی جانچ کرانے کے بعد ضلع زرعی افسر نالندہ کے ذریعہ ایک لاکھ 28 ہزار 202 عرض داشت کو منظور کیا گیا ہے اور قریب 17.76 کروڑ روپے کا ڈیزل معاوضہ رقم کی منظوری دی گئی ہے۔

ضلع کلکٹر کے ذریعہ لگاتار علاقے کا دورہ کر کے مختلف بلاکوں میں خود اس کی جانکاری لے رہے ہیں ساتھ ہی بلاکوں کے سبھیر افسران کے ذریعہ بھی لگاتار اس کا جائزہ لیا جا رہا ہے جس وجہ سے دعے گئے عرض داشت کی جانچ فوری کی گئی اور جانچ کے بعد اسے منظوری دی گئی۔

آنگن واڑی کے کارکنان کا سی ڈی پی او آفس پر دھرنا وزیر کرشن نندن ورما کا پتلہ نذر آتش

بہار شریف (پی این این)

اپنی مختلف مانگوں کو لیکر ریاستی آنگن باڑی سنگھرش سمیتی کے اعلان پر خاندا ؤں نے سی ڈی پی او آفس میں تالا بندی، دھرنا دیئے ہوئے وزیر کرشن نندن ورما کا پتلہ نظر آتش کیا، آنگن باڑی خادماؤں نے اسلام پور کے برہان نگر، درگا مندو و شہر کے مختلف مقاموں سے ہوتا ہوا جلوس سی ڈی پی او آفس پہنچا۔

اس دوران خادماؤں نے سی ڈی پی او آفس میں تالا بندی کرنے کے بعد وزیر کرشن نندن ورما کا پتلہ نظر آتش کر لیا۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ اطلاع کی بنیاد پر وشنو دیو یادو کے کھیری گاؤں واقع گھر میں کل رات چھاپے ماری کی گئی۔ اس دوران وشنو کو گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ گرفتار نکسلی کی پولیس کو متعدد معاملات میں تلاش تھی۔ پولیس اس سے تفتیش کر رہی ہے۔

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
www.sachkiawaz.com

ماں جنگ جیت گئی، مگر بچہ بازی ہار گیا

واشنگٹن (پی این این)

صدر ٹرمپ کی جانب سے چند مسلم اکثریتی ممالک کے باشندوں پر امریکا میں داخلے پر پابندی عائد کی تھی، جس کی وجہ سے دو سالہ بچہ اپنی ماں سے جدا ہوگیا تھا۔ یہ بچہ امریکا میں ایک اسپتال میں مصنوعی تنفس کے ذریعے زندہ رکھا گیا تھا، تاہم والدہ ہفتے کے روز امریکا پہنچیں جب کہ اس بچے کی الاف سپورٹ ہفتے کے روز ختم کی جا چکی تھی۔

اس بچے کے والد علی حسن نے ایک آبزاد اور مردوں میں اپنے بچے کی منفی کی لاش کیلی فورنیا کی سینٹرل ویلی کے ایک مسلم قبرستان میں دفن کی۔ اس ہائیس سالہ باپ کا اس موقع پر کہنا تھا، ''میں امریکی شہری ہوں۔ میرا بچہ امریکی شہری تھا۔'' ان کا مزید کہنا تھا، ''مسلمانوں پر گزشتہ ایک برس سے عائد پابندیوں نے میری بیوی کی امریکا میں داخلے سے روکے رکھا۔ یا تو میں اپنے بچے کی صحت کی فکر کرتا، یا میں اپنے خاندان کا طاب کرتا، میرے پاس راستہ ایک ہی تھا۔ ہم نے صدفیے میں ہیں۔ مگر ہم جانتے ہیں کہ میرے بچے کی موت ضائع نہیں جائے گی۔''

اس بچے کی ماں نے بچے کی موت کا سوگ گھر پر منایا۔ واضح رہے کہ مصنوعی تنفس پر زندہ دو سالہ عبداللہ حسن ہفتے کے روز اولیکلینڈ کے یوسی ایس ایف بنی آف چلڈرن ہسپتال میں انتقال کرگیا تھا۔ اس بچے کے والد علی حسن یمن سے ہجرت کر کے امریکا گئے تھے اور علی حسن نے اپنا لڑکپن امریکا ہی میں گزارا۔ سن 2016ء میں یمن جانے والے علی حسن کو وہاں شائبہ صالح سے عشق ہوگیا اور اسی سال ان کی شادی ہوگئی۔

صالح کے تعلق یوں کہ یمن کے ساتھ تھا، اس لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے یمنی شہریوں پر امریکا میں داخلے کی پابندی عائد ہونے کے بعد یہ خاتون یمن میں پھنس گئیں، جب کہ یہ خاندان اس دوران قاہرہ میں رہتا رہا۔ بچے کی صحت بگڑنے پر علی حسن اپنے بچے کو امریکا واپس لانے ،تاکہ اس کا بہتر علاج ہوسکے، تاہم اس بچے کی والدہ امریکا نہ پہنچ پائیں۔ یہ جوڑا ان پابندیوں کے خلاف قانونی جنگ لڑتا رہا اور بالآخر عدالتی کامیابی کے بعد امریکا میں داخلے کی قانونی اجازت مل گئی۔

روس میں گیس دھماکہ، 2 افراد ہلاک

ماسکو (اسپوتنک)

روسی شہر میگنیٹو گورسک کے علاقے میں مشتبہ گیس دھماکہ ہونے سے ایک اپارٹمنٹ کا ایک حصہ منہدم ہوگیا جس میں کم از کم دو افراد ہلاک ہوگئے ۔ایمرجنسی سروس کی وزارت کے ترجمان نے بتایا'' ملبے سے 10 لوگوں کو نکالا گیا ہے ،جن میں دو کی موت ہوچکی ہے اور باقی سب محفوظ ہیں ۔'' یہ دھماکہ اتوار کی دوپہر رات تقریباً ایک بجے ہوا۔اس اپارٹمنٹ سے 16 لوگوں کو بحفاظت باہر نکالا گیا ہے اور ایک شخص کو اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

وسطی میکسیکو میں بس حادثہ، 8 افراد ہلاک

میکسیکو سٹی (یو این آئی)

وسطی میکسیکو کے کوانا واتوریاست میں اتوار کو ایک بس کے گہری کھائی میں گر جانے سے کم سے کم آٹھ لوگوں کی موت ہوگئی اور 48 دیگر زخمی ہوگئے ۔پولیس ذرائع نے بتایا'' کہ یہ حادثہ لیگون شہر کے پاس ہوا اور اس میں آٹھ لوگوں کی موت ہوئی ہے اور 48 زخمیوں میں کئی کی حالت سنگین ہے ۔ان میں ایک حاملہ خاتون اور نو ماہ کا بچہ بھی شامل ہے ۔حادثے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔



ترکی شام میں صبر تحمل سے کام لے ذمہ داری سے کرے کارروائی: مرکیل

برلن (ڈنہوا)

جرمنی کی چانسلر انگیلا میرکل نے ترکی کے صدر رجب طیب اردوغان سے کہا ہے کہ امریکہ کے شام سے اپنی فوج واپس ہٹانے کے فیصلہ کے بعد ترکی شام میں صبر تحمل برتے اور ذمہ داری سے کارروائی کرے ۔جرمن چانسلر کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق دونوں لیڈروں کی اتوار کو ہوئی بات چیت کا اہم موضوع شام تھا۔

فون پر ہوئی بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے شام میں تصادم کو ختم کرنے کے لیے اقوام متحدہ کی قیادت میں سیاسی عمل کی اہمیت پر زور دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ شدت پسند تنظیم داعش کو شام میں شکست دیدی گئی ہے لیکن اس کے باوجود یہ خطرہ برقرار ہے اور اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔محترمہ میرکل نے شام میں ترکی کے رول خاص طور سے شامی پناہ گزینوں کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ ترکی شام میں صبر و تحمل اور ذمہ داری کے ساتھ کارروائی کرے گا۔ واضح رہے کہ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 19 دسمبر کو داعش کے خلاف جیت کا دعوی کرتے ہوئے شام سے فوجیوں کو واپس بلانے کا اعلان کیا تھا۔

مرکیل 8 سال سے دنیا کی طاقت ور خاتون

برلن (اے پی وایس)

جرمن چانسلر انجیلا میرکل نے مسلسل 8 سال سے دنیا کی طاقت ور ترین خاتون کا اعزاز برقرار رکھا ہے۔ امریکی بزنس جریدے 'فوربز' نے سال 2018ء کی 100 طاقت ور خواتین کی ایک فہرست شائع کی ہے۔ اس فہرست میں ان خواتین کو شامل کیا گیا ہے جنہوں نے زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ جرمن چانسلر انجیلا میرکل اس فہرست میں پہلے نمبر پر ہیں اور انہوں نے مسلسل 8 سال سے طاقت ور ترین خاتون ہونے کا اعزاز برقرار رکھا ہے۔ دوسرے نمبر پر برطانوی وزیراعظم تھریسا ہے ہیں جو دو سال سے برطانیہ کی وزیراعظم ہیں۔ وہ برطانیہ کے یورپی یونین سے اخراج کے مشکل فیصلے کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کررہی ہیں۔

شام میں کُردوں پر ترکی کا حملہ دہشت گردی بھڑکائے گا : فرنسوا اولاند

پیرس (ایجنسیاں)

فرانس کے سابق صدر فرنسوا اولاند نے شام میں انسداد دہشت گردی کے سلسلے میں کردوں کی جانب سے پیش کی گئی "بڑی قربانی" کی یاد دہانی کراتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر ترکی کے کسی نئے حملے میں کردوں کو نشانہ بنایا گیا تو "دہشت گردی کا شعلہ" بھڑک اٹھے گا۔ پیرس میں شمالی شام میں کردا نتظامیہ کے ترجمان سے ملاقات کے بعد اولاند کا کہنا تھا کہ کردوں نے بین الاقوامی اتحاد اور فرانس کی پسوت سے داعش تنظیم کے خلاف لڑائی میں ایک "بڑا کردار" ادا کیا۔ اولاند کے مطابق دہشت گردی کے انسداد میں شام کے کردوں کی شمولیت کے سبب انہیں انسانی جانوں کے بھاری نقصان کی صورت میں قیمت ادا کرنا پڑی۔

امریکہ نے یورپ میں میزائل تعینات کیے تو روس دیگا جواب: لاوروف

ماسکو (ڈنہوا)

روس کے وزیرخارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ امریکہ اگر یورپ میں انٹرمیڈیٹ رینج نیوکلیئر فورسز پر جڑیں (آئی این ایف ٹریٹی) کے ذریعہ ممنوع قرار دیے گئے میزائل کو تعینات کرے گا تو روس جوابی کارروائی کرے گا۔

مسٹر لاوروف نے اتوار کو کہا،''امریکہ کی کارروائی کی وجہ سے روس عالمی سیاست میں اسے طاقت ور حریف ماننے والوں کے آنکھ کھلی اور وہ کمرے سے باہر چلی گئی۔ ڈوئیرنے کے مطابق انہوں نے یہ کوشش دوبارہ بھی کی تھی۔خواتین کی حقوق کے لیے کام کرنے والی سیاسی جماعت یکجہتی ایلا نے فلپائی صدر کے اس بیان کی مذمت کرتے ہوئے ان سے استعفے کا مطالبہ کیا ہے۔ جماعت کا کہنا ہے کہ صدر ڈوئیرنے نے ریپ کی کوشش کی اعتراف کیا ہے۔

تہتر سالہ ڈوئیرنے اس سے قبل کیتھولک چرچ کو بچوں سے زیادتی کے الزامات پر برا بھلا کہہ چکے ہیں۔ انہوں نے ایک بیان میں چرچ کو' منافق ترین ادارہ' گردانے ہوئے کہا تھا کہ اسکول کے دور میں پادریوں کے سامنے اعتراف کے دوران انہیں اور ان کے ہم جنسوں کو کئی بار نامناسب طور پر چھوا گیا۔

واضح رہے کہ گزشتہ برس جون میں منصب صدارت سنبھالنے والے ڈوئیرنے نے برسراقتدار آتے ہی منشیات کے خلاف جنگ کا اعلان کیا تھا اور تب سے اب تک ہزاروں افراد منشیات سے متعلقہ الزامات کے تحت ہلاک کیے جاچکے ہیں۔

بجاؤ فلپائنی صدر روڈرگیڈوٹیرے کے اس بیان کے بعد کہ انہوں نے نیشن ایج کے زمانے میں اپنی ملازمہ کو چھوا تھا، حقوق نسواں کی تنظیمیں ڈوئیرنے پر ریپ کی کوشش کرنے اور جنسی زیادتی کی حوصلہ افزائی کے الزامات عائد کررہی ہیں۔

فلپائن صدر کا زمانۂ بلوغت میں ملازمہ کو چھونے کا اعتراف

منیلا (پی این این)

فلپائن کے صدر ڈوئیرنے کی جانب سے گا ہے بگا ہے جنسی زیادتی اور بدلوغت کے حوالے سے لطائف اور خواتین پر تبصروں پر انسانی حقوق کی تنظیموں میں غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ ابھی حال ہی میں ایک بیان میں ڈوئیرنے نے تفصیل سے اس اعتراف کو دہرایا جو انہوں نے ہائی اسکول کے دور سے میں ایک پادری کے سامنے کیا تھا کہ کیسے وہ اپنی ملازمہ کے کمرے میں اس وقت داخل ہوئے تھے، جب وہ سو رہی تھی۔ ڈوئیرنے نے گزشتہ ہفتے ایک تقریر کے دوران کہا،''میں کمرے میں داخل ہوا، ملازمہ پر سے کمبل ہٹایا اور اسے نامناسب طور پر چھونے کی کوشش کی لیکن ملازمہ کی

داعش سے وابستہ روسی خواتین کے 30 بچوں کو لیکر طیارہ پہنچا روس

ماسکو (اسپوتنک)

شدت پسند تنظیم داعش میں شامل ہونے کے الزام میں عراق کی جیلوں میں بند روسی خواتین کے 30 بچوں کو لیکر ایک طیارہ اتوار کو بغداد سے ماسکو پہنچا ۔ایئرپورٹ کے ترجمان نے بتایا کہ طیارہ مقامی وقت کے مطابق رات تقریباً ساڑھے آٹھ بجے پہنچا۔

روسی وزارت صحت کے پریس دفتر کی طرف سے جاری بیان کے مطابق بچوں میں 16 لڑکیاں اور 14 لڑکے ہیں جنکی عمریں تین سے 15 سال کے درمیان ہیں۔ انھیں طبی معائنے کے لیے قومی چائلڈ اینجسی لے جایا گیا ہے۔ انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی خیدا ساراتوا نے بتایا کہ عراق کی جیلوں میں بند ہونے کی وجہ سے کئی بچے بیمار ہوگئے اور انھیں طبی اور نفسیاتی مدد کی ضرورت ہے۔

بچوں کے حقوق کے تعلق سے روسی صدر کی ایلکا رانا کزشوا نے کہا کہ بچوں کے رشتہ داروں سے مل کر انھوں نے صحافیوں سے کہا،'' سبھی بچوں کے رشتہ دار روس میں رہتے ہیں لیکن کچھ لوگوں کا پتہ لگانا مشکل ہے ۔ کچھ دادا، دادی، نانا نانی اپنے بچوں کی راہ دیکھ رہے ہیں۔

وہ لوگ ہم لوگوں کو خطوط لکھ رہے ہیں اور ہماری مدد بھی کررہے ہیں ۔ کچھ بچے ایسے ہیں جن کے رشتہ داروں کا پتہ لگانا ابھی باقی ہے اور ہم انکا پتہ لگا کر رہیں گے ۔'' گروپ کے اندازے کے مطابق تقریباً 115 بچے ایسے ہیں جنکی ماں انھیں عراق لے گئی تھیں اور وہ داعش میں شامل ہوگئی تھیں ۔فی الحال یہ خواتین بچوں کے ساتھ وہاں جیلوں میں بند ہیں۔

مختصر مختصر

امریکی شہری جاسوسی کے الزام میں گرفتار

ماسکو (ایجنسیاں)

روس کی داخلی سکیورٹی سروس (ایف ایس بی) نے وداالحکومت ماسکو میں ایک امریکی شہری کو جاسوسی کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے ۔روسی خبر رساں ایجنسیوں نے سوموار کے روز اطلاع دی ہے کہ ایف ایس بی نے 28 دسمبر کو اس شہری امریکی جاسوس کو گرفتار کیا تھا اور اس کے خلاف فوجداری کیس کی تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔

پارک میں شیر کا حملہ خاتون ہلاک

واشنگٹن (پی این این)

امریکا کے ایک پارک میں ایک بائیس سالہ خاتون کو شیر نے حملہ کر کے ہلاک کردیا ہے۔ یہ خاتون اپنے پنجرے سے بھاگ گیا تھا۔ شیر کے حملے میں ہلاک ہونے والی خاتون انگیرینڈرا بلیک امریکی ریاست شمالی کیرولینا کے 'کنزرویٹر سینٹر' میں تربیتی پروگرام میں کام کررہی تھیں۔ اس پارک کی جانب سے جاری بیان کے مطابق، ''یہ اب تک واضح نہیں ہے کہ شیر کس طرح اپنے پنجرے سے فرار ہوا۔ جب شیر کے پنجرے کو صاف کرنے والا عملہ پنجرے کی صفائی کر رہا تھا تو شیر کسی طرح اپنے پنجرے سے باہر آگیا اور فوری طور پر ایک انسان کو حملہ کر کے ہلاک کردیا۔''

شیر کو بے ہوش کرنے کی کوششیں ناکام ثابت ہوئیں تو اسے گولی مار کر ہلاک کردیا گیا۔ پارک کو فی الحال بند کر دیا گیا ہے۔ بلیک کے خاندان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اس نے حال ہی میں انڈیانہ اسٹیٹ یونیورسٹی سے ڈگری حاصل کی تھی۔ اس بیان میں کہا گیا ہے، '' وہ ایک انتہائی خوبصورت خاتون تھی جس نے ابھی اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا۔''

امریکہ میں سائبر حملے سے اخبارات متاثر

واشنگٹن (ایجنسیاں)

امریکہ میں شائع ہونے والے متعدد معتمد ترین اخبارات کے بقیہ کو اشاعت 'سائبر حملے' کی وجہ سے بری طرح متاثر ہوئیں ہیں۔ ٹریبون پبلشنگ گروپ سے تعلق رکھنے والے کئی بڑے بڑے اخبارات کی تقسیم جن میں دی لاس اینجلس ٹائمز، شکاگو ٹریبون اور بالٹی مورمن شامل ہیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ کمپنی کے مطابق ٹیمیں اس مسئلہ کا بھید کھولنے میں لگی تھا اور اس سے وہ اخبارات متاثر ہوئے جو ایک ہی پرنٹنگ پلانٹ سے شائع ہوتے ہیں۔ لاس اینجلس ٹائمز کے مطابق یہ سائبر حملہ ملک کے اندر نہیں بلکہ باہر سے کیا گیا تھا۔ نیویارک ٹائمز اور وال سٹریٹ جنرل کے امریکہ کے مغربی حصے کے شائر سے بھی اس واقع میں متاثر ہوئے کیونکہ یہ بھی اشاعات کے لیے وہی پرنٹنگ پلانٹ استعمال کرتے ہیں۔ اس انجلس ٹائمز پر ہونے والے حملے کی تفصیلات سے واقف ایک شخص نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ حملہ کرنے کا مقصد معلومات چرانا نہیں تھا بلکہ اشاعات کے نظام میں خلل ڈالنا تھا۔ ٹریبون پبلشنگ کے ترجمان بارب کولیس نے اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا کہ وائرس نے اس نظام کو نشانہ بنایا جو اخبارات کی اشاعت سے متعلق ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس کا اثر ہر حصہ پر پڑا ہے لیکن انھوں نے اس بارے میں مزید تفصیل فراہم نہیں کیں۔

چین کے ساتھ تجارت کی بحالی میں اہم پیش رفت: ٹرمپ

واشنگٹن (پی این این)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بیجن کے ساتھ جاری تجارتی اور معاشی کشیدگی کے حل میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک سال سے چین اور امریکا کے درمیان جاری تجارتی محاذ آرائی کو مزید بڑھانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ امریکی صدر نے ہفتے کے روز چینی صدر کی جن پنگ کے ساتھ ہونے والی طویل ٹیلیفونک گفتگو کو مثبت قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں ماہ ارجنٹائن میں چینی صدر کے ساتھ ہونے والی ملاقات میں طے پائے اہم پر بات چیت کی گئی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے "ٹوئٹر" پر ایک ٹویٹ میں لکھا چین کے ساتھ تجارتی امور کی بحالی میں اہم پیش رفت ہو رہی ہے۔ آنے والے وقت میں دونوں ملک تیزی کے ساتھ باہمتمام حل طلب مسائل کے حل کی کوشش کریں گے۔ خیال رہے کہ بیجن اور امریکا کے دوران حالیہ ہفتوں کیدوران تجارتی جنگ شدت اختیار کرگئی تھی۔ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کی مصنوعات پر ٹیکس لگائے جس کے بعد دونوں کی ایک دوسرے کے ہاں مصنوعات کی طلب میں کمی آئی ہے۔

افغانستان میں سیاسی تصفیہ ہونے کا امکان نہ پینٹاگون

واشنگٹن (پی این این)

کئی محاذوں پر چیلنجوں کے باوجود امکان اس بات کا ہے کہ حالیہ تاریخ کا یہ ایسا لمحہ جو جب افغانستان سازگار سیاسی تصفیے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ یہ بات پینٹاگان کی جانب سے اس ہفتے جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہی گئی ہے، جس میں حالیہ فوجی کشیدگی اور سفارتی اقدامات کے اثرات کی جانب دھیان مبذول کرایا گیا ہے ۔سالانہ تجزیے پر مبنی اس رپورٹ میں، جو امریکی کانگریس کو پیش کی جاتی ہے، پینٹاگان نے اس ہفتے افغانستان کی لڑائی کے بارے میں امریکی قانون سازوں کو ایک حالیہ تفصیلی رپورٹ دی ہے۔ رپورٹ میں افغانستان میں حاصل کردہ پیش رفت جون 2018 سے نومبر 2018 کی ششماہی میں درپیش چیلنجوں کی تفصیل پیش کی گئی ہے ۔اس رپورٹ میں افغانستان کو درپیش چیلنجوں میں سیاسی عدم استحکام، قومی سلامتی فورس کی صلاحیتیں اور دیگر علاقائی طاقتوں کی مداخلت سے متعلق جائزہ پیش کیا گیا ہے ۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ "افغانستان کی موجودہ عسکری صورت حال قطعی کا شکار ہے ۔سال 2018 میں اضافی مشیروں اور معاونین کے شامل ہونے سے صورت حال میں استحکام آیا، طالبان کی پیش قدمی کی رفتار میں کمی آئی جنھوں نے 2011 اور 2016ء کے دوران امریکی فوج میں کمی لانے کا فائدہ اٹھایا"۔

سوڈانی صدر کی مظاہرین پر طاقت کے استعمال سے گریز کرنے کی پولیس کو ہدایت

خرطوم (پی این این)

سوڈان کے صدر عمر البشیر نے اقوام متحدہ کی طرف سے پرتشدد احتجاج کے بعد احتجاجی مظاہرین کی ہلاک تحقیقات کے مطالبے کے بعد پولیس کو مظاہرین کے خلاف طاقت کے اندھا دھند استعمال سے روک دیا ہے۔ سوڈانی حکومت نے 19 دسمبر سے جاری پرتشدد احتجاجی مظاہروں کے دوران 19 افراد کے ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے۔ ان میں دو سکیورٹی اہلکار بھی شامل ہیں۔

تاہم انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل' کے مطابق سوڈان میں پرتشدد مظاہروں میں 37 افراد مارے گئے ہیں۔ اتوار کو صدر البشیر نے خرطوم میں ایک اعلیٰ سطحی سکیورٹی اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے پولیس کو حکم دیا کہ وہ مظاہرین کے خلاف طاقت کا استعمال نہ کریں۔ صدر البشیر نے کہا کہ ہم ملک میں بدامنی نہیں چاہتے مگر پولیس کو طاقت کا کم سے کم استعمال کرنا ہوگا۔ خیال رہے کہ سوڈان میں احتجاج کی لہر اس وقت اٹھی تھی جب حکومت نے روٹی کی قیمت 1 سوڈانی پاؤنڈ سے بڑھا کر تین پاؤنڈ کردی تھی۔ اکتوبر 2017 کو امریکا نے سوڈان پر عاید کی گئی پابندیوں میں نرمی کی ہے مگر غیر ملکی کرنسی کی کمی، افراط زر میں اضافے اور دیگر معاشی مسائل کی وجہ سے اردن بدترین معاشی بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ سوڈان میں افراط زر 70 فی صد سے تجاوز کر گیا ہے جب کہ مقامی کرنسی کی قیمت میں بھی مسلسل کمی آرہی ہے۔

ٹرمپ شام سے امریکی فورسز کے انخلا عمل کو سست کرنے پر تیار

واشنگٹن (ایجنسیاں)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ داعش تنظیم کو حتمی شکست سے دوچار کرنے کے لیے ،،، شام میں امریکی فوجیوں کے انخلا کے عمل کو 'سست' کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اس امر کی تصدیق ٹرمپ کے مقرب ایک سینئر لیڈی گراہم نے اتوار کے روز کی۔ اتوار کی صبح گراہم نے ٹرمپ کے فیصلے کے حوالے سے اپنی تشویش کا اظہار کیا تھا۔ تاہم دوپہر میں اب پنی ریپبلکن ٹرمپ کے ساتھ ٹھہرانے پر اکٹھا ہونے کے بعد وہ خاصے "مطمئن" ہو کر وہائٹ ہاؤس سے باہر آئے۔ انہوں نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ "صدر نے اس بات کا عزم ارادہ کیا ہوا ہے کہ جب ہم شام سے کوچ کریں تو داعش تنظیم مکمل طور پر شکست سے دوچار ہو چکی ہو"۔ گراہم نے مزید کہا کہ "صدر اس بات حقیقت کا ادراک رکھتے ہیں کہ ہمیں مشن کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم امور کو دبانے کے ساتھ سست نہ کریں گے"۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے شمالی شام میں تعینات امریکی فوجیوں کو واپس بلانے کا حکم جاری کیا تھا جس کی تعداد دو ہزار کے قریب ہے۔ ان میں زیادہ تعداد اسپیشل فورسز کے اہل کاروں کی ہے جو داعش کے خلاف لڑائی کی اور تنظیم سے واپس لیے جانے والے علاقوں میں مقامی فورسز کو تربیت دینے کی غرض سے موجود ہیں۔ امریکی صدر کے سابق مخالف لینڈسی گراہم جو اب صدر کے مقرب بن چکے ہیں ،،، انہوں نے امریکی نیوز نیٹ ورک 'سی این این' سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا تھا کہ "میں صدر سے مطالبہ کروں گا کہ وہ اپنے جنرلوں سے ملاقات کریں اور اس فیصلے پر عمل درامد کے طریقہ کار پر نظر ثانی کریں یعنی عمل کو سست بنائیں۔ ہمیں اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ یہ امر اچھے طریقے سے انجام دیا جائے اور یہ کہ داعش تنظیم آئندہ نہیں لوٹے گی"۔ گراہم نے ٹرمپ کے فیصلے پر حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے اسے "ایک بڑی غلطی" قرار دیا تھا۔ امریکی سینیٹر کا مزید کہنا تھا کہ "ہم پر لازم ہے کہ اپنے فوجیوں کو واپس رہنے دیں۔ اگر ہم اس وقت نکل آئے تو کردوں کو قتل و غارت کا نشانہ بنایا جائے گا۔

سچ کی آواز
SACH ki AWAZ • सच की आवाज़
نئی دھلی، یکم جنوری 2019 منگل

2018: تینوں خان فلاپ



کم بجٹ سے بننے والی فلمیں حیرت انگیز طور پر باکس آفس پر شاندار بزنس کرنے میں کامیاب رہیں اور ان فلموں کو شائقین اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے بھی بے حد سراہا گیا۔

سال 2018 بالی ووڈ پر حکمرانی کرنے والے تینوں خانز شاہ رخ، سلمان اور عامر خان کے لیے اچھا ثابت نہیں ہوا جب کہ رواں سال ریلیز ہونے والی کم بجٹ کی فلمیں خانز کی فلموں پر بازی لے گئیں۔

سال 2018 میں بالی ووڈ کے سلطان سلمان خان نے اپنی فلم 'ریس 3' کے ساتھ سینما پر دبنگ انٹری دی لیکن شائقین کو متاثر کرنے میں ناکام رہے ۔ فلم 'ریس 3' کا بجٹ تقریباً 150 کروڑ تھا اور فلم نے بجٹ پورا بھی کیا لیکن 'ریس 3' کو نہ صرف شائقین نے ناپسند کیا بلکہ تجزیہ نگاروں کی جانب سے بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔

بالی ووڈ کے پرفیکشنسٹ عامر خان نے بھی اس سال بڑے بجٹ کی فلم 'ٹگ آف ہندوستان' سے ہندی سینما میں تاریخ رقم کرنے کی کوشش کی لیکن حیرت انگیز طور پر ان کی فلم مداحوں کو ایک نہ بھائی اور 'ٹگ آف ہندوستان' باکس آفس پر بری طرح فلاپ ہوگئی۔ فلم کا بجٹ تقریباً 325 کروڑ تھا لیکن فلم نے 150 کروڑ کی کمائی کی۔

سال کے آخر میں بالی ووڈ 'ٹگ شاہ رخ خان اپنی فلم 'زیرو' کے ساتھ آئے لیکن 200 کروڑ کے بجٹ سے بننے والی فلم ریلیز کے ایک ہفتے بعد بھی 100 کروڑ کلب میں شامل نہ ہوسکی لہذا سال 2018 میں شائقین پر بالی ووڈ خانز کا جادو نہ چل سکا۔

دوسری جانب کم بجٹ سے بننے والی فلمیں حیرت انگیز طور پر باکس آفس پر شاندار بزنس کرنے میں کامیاب رہیں اور ان فلموں کو شائقین اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے بھی بے حد سراہا گیا۔

رواں سال 24 کروڑ کے کم بجٹ سے بننے والی فلم 'استری' کو شائقین کی جانب سے زبردست ردعمل ملا راجکمار راؤ اور شردھا کپور کی فلم نے تقریباً 124 کروڑ کا بزنس کیا اور سپر ہٹ قرار پائی۔

رواں سال 30 کروڑ کے بجٹ سے بننے والی فلم 'سوئی دھاگا' اسٹار کاسٹ نہ ہونے کے باوجود شائقین کو سینما تک لانے میں کامیاب ہوگئی۔ فلم نے 148 کروڑ کا بزنس کیا۔

سال 2018 میں اداکار آیوشمان کھرانا 2 کامیاب فلموں کے ساتھ شائقین کو متاثر کرنے میں کامیاب رہے 30 کروڑ کے بجٹ سے بننے والی فلم 'اندھا دھن' میں ان کے ساتھ اداکارہ تبو نے اداکاری کے جوہر دکھائے فلم نے ایک سو ایک کروڑ کی کمائی کی، جب کہ ان کی دوسری فلم 'بدھائی ہو' کو شائقین کی جانب سے بے حد سراہا گیا 29 کروڑ کے بجٹ سے بننے والی فلم نے 135 کروڑ کا بزنس کر کے سب کو حیران کردیا۔

ان تمام فلموں میں کوئی بڑا اسٹار نہیں تھا اور بجٹ بھی کم تھا لیکن یہ فلمیں موضوع اور کہانی کے اعتبار سے منفرد تھیں یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنے بجٹ سے 5 گنا زیادہ کمائی کی۔

فِیس کے معاملے سمجھوتا نہیں کرتیں دیپکا

مشہور اداکارہ دیپکا پاڈوکون کا کہنا ھے کہ وہ فیس کے معاملے میں سمجھوتا نہیں کرتیں۔دیپکا بالی ووڈ کی ان اکا دکا اداکاراؤں میں شمار کی جاتی ھیں جنھیں اداکاروں سے بھی زیادہ فیس ملتی ھے۔انھوں نے فلم' پدماوت' کے لئے اپنے معاون اداکار رنویر سنگھ اور شاھد کپور سے بھی زیادہ فیس لی تھی۔انھوں نے کہا"یہ اس پر منحصر کرتا ھے کہ ایک اداکار کو کتنے پیسے مل رھے ھیں۔سب کو پتا ھے کہ کس کو کتنے پیسے ملتے ھیں اور میں ایسے میں کسی غلط فہمی کی شکار نہیں ھوتی ھوں۔"دیپیکا نے کہا"مجھے بھی اس کا اندازہ ھے کہ میں کتنی قابل ھوں۔مجھے یہ بھی پتا ھے کہ تینوں خان یا رنویر،ورون جیسے نئے اداکاروں کے مقابلے میں کتنی لائق ھوں۔مجھے پتاھے میں کہاں کھڑی ھوں۔مجھے فلم کی پروڈکشن کاسٹ کا بھی پتا رھتا ھے۔اگر کسی بھی فلم میں لاگت کم ھے تو میں پیسے کی طرف زیادہ توجہ نھیں دیتی لیکن اچھے بجٹ میں بنی فلم میں اپنی فیس کم کرنے کے حق میں نھیں رھتی۔اس کے لئے اداکاروں کو اپنی فیس کے ساتھ سمجھوتہ کرنا ھوگا۔اگر کوئی ھدایت کار ایسا کھتا ھے کہ وہ میرے ساتھ فلم میں اس لئے ایسا کرنا چاھتے ھیں کیونکہ فلم میں مرکزی کردارمیں رنبیر کپور ھیں اور انھیں زیادہ فیس دینی ھے تو ایسا نھیں چلے گا، ایسے میں میں سمجھوتہ نھیں کروں گی۔ایسے میں برابر فیس کا مطالبہ کروں گی۔"

کیٹرینہ کا پاکستانی اداکارہ بننے سے انکار

بالی ووڈ کی بارنی ڈول کیٹرینہ کیف نئی آنے والی فلم میں پاکستانی ڈاسر کا کردار ادا کرنے کی وجہ سے فلم کرنے سے انکار کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق معروف کوریوگرافر اور ہدایت کار ریموڈیسوزا کی ڈانس پر مبنی فلم میں پیکل بارنو جوان اداکار وروان دھون کے مدمقابل بالی ووڈ کی حسینہ کیٹرینہ کیف کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاہم اداکارہ نے فلم میں پاکستانی ڈاسر کا کردار ادا کرنے سے صاف انکار کردیا اور فلم میں شامل ہونے سے معذرت کرلی۔ کیٹرینہ کیف کے ترجمان نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ کیٹرینہ ہمیشہ سے ہی بریو فیشن اداکارہ رہی ہیں لیکن انہوں نے ریموڈیسوزا کی اس ڈانس فلم میں شامل ہونے سے معذرت کرلی ہے جس کی وجہ فلم 'بھارت' کا مصروف ترین شیڈول ہے۔ اداکارہ کا اس فلم کو انکار کرنے کی وجہ بھی فلم 'بھارت' کی تاریخیں ہیں جو کہ ریموڈیسوزا کی فلم سے تصادم کررہی ہیں۔ فلم 'بھارت' اور اس ڈانس فلم کے پروڈیوسر جھوشن کمار نے بھی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ کیٹرینہ اس فلم سے باہر ہوگئی ہیں جو کہ ہم سب کا باہمی فیصلہ ہے، دراصل وہ اس وقت میری ہی فلم 'بھارت' میں سلمان خان کے ساتھ شوٹنگ میں مصروف ہیں۔ لیکن دونوں فلموں کی تاریخ یکساں ہونے کی وجہ سے نہیں ہوسکتی ہے یہ فیصلہ کرنا پڑا اگرچہ ہم کیٹرینہ کو اس ڈانس فلم میں شامل کرنا چاہتے تھے ۔ واضح رہے کہ علی عباس ظفر کی بلاکبسٹر فلم میں بننے والی فلم 'بھارت' میں کیٹرینہ کیف سلمان خان کے ساتھ مرکزی کردار ادا کررہی ہیں۔ فلم اگلے سال عید کے موقع پر سینما گھروں کی زینت بنے گی۔

سِمبا



ایک دلچسپ فلم کو کیا چیز درکار ہوتی ہے ؟ ڈانس، ایکشن، کامیڈی، کیچی ون لائنرس، رومانس اور ایک جانباز ڈیشنگ ہیروئن، جو وقت پڑنے پر ایک ساتھ 20-50 لوگوں کو دھول چٹا سکے۔ رنویر سنگھ کی 'سمبا' بھی اسی طرح کی فلم ہے، جس میں یہ ساری چیزیں موجود ہیں۔ فلم کو اگر آپ لطف لینے کے لئے دیکھیں گے، تو انجانے کریں گے مگر اگر آپ دماغ لگانے کی کوشش کریں گے تو آپ کا حوصلہ گرا ہو جائے گا۔

اب بات کرتے ہیں فلم کی کہانی کی کہ کیسے ایک کرپٹ پولیس افسر اپنے ساتھ ہونے والی ٹریجڈی کے بعد ایمان دار پولیس افسر میں تبدیل ہو کر اپنے پرانے باپ، دھونا چاہتا ہے۔ اناتھ سمبا عرف سنگرام بھالے راؤ نے بچپن میں ہی سیکھ لیا تھا کہ پیسے کمانے کے لئے طاقت کی ضرورت ہوتی ہے اور اسی لئے وہ پولیس افسر بننے کا راستہ چنتا ہے ۔ نائٹ اسکول میں پڑھ لکھ کر وہ ایک ایسا پولیس والا بن جاتا ہے، جو بے ایمانی بھی پوری ایمان داری سے کرتا ہے ۔ ڈیوٹی نبھاتے ہوئے اس کا ایک ہی ایجنڈا ہوتا ہے کہ وہ جائز ۔ ناجائز طریقے سے پیسے حاصل کر سکے ۔ اسی سوچ اس کا خاندان گوا میں کر دیا جاتا ہے ۔ سمبا خوش ہے کہ اس کو اس پوسٹنگ سے خوب پیسے کمانے کا موقع ملے گا مگر وہ نہیں جانتا کہ یہاں آکر اس کی زندگی بدلنے والی ہے ۔

یہاں اسے زندگی کا پیار شگن (سارا علی خان) ملتی ہے، جو سمبا کی طرح اناتھ ہے اور کیٹرنگ کا کام کرتی ہے ۔ یہاں اسے آرتی جیسی منہ بولی بہن، خوددار ایمان دار کانسٹیبل موہبت (آشوتوش رانا) ، سنتوش تاوڑے (سدھارتھ جادھو) جیسا ساتھی ملتا ہے، جو اسے خاندان کے ہونے کا احساس کراتا ہے ۔ اسی کے ساتھ اس سامنا وہاں کے جانے مانے ڈان دھروا راٹھ (سونو سود) سے ہوتا ہے، جو بے تو ایک ٹیلی میں مگر سبھی طرح کے غیر قانونی دھندے کرتا ہے ۔ ہر جگہ سمبا کو اس سے کوئی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ وہ سمبا کا منہ پیسوں سے بند کر دیتا ہے پھر ایک دن دھروا کے دو بھائی نہ صرف بے رحمی سے سمبا کی منہ بولی بہن آکرتی کی عصمت دری کرتے ہیں بلکہ اس کو جان سے مار دیتے ہیں کیونکہ آکرتی ان کے کالے کارناموں کی گواہ بن چکی تھی ۔ اور اسی کے ساتھ سمبا کا ضمیر اسٹامیشن ہوتا ہے اور وہ نہ صرف آکرتی کے قاتلوں کو سزا دلانے کا فیصلہ کرتا ہے بلکہ ایمان داری کے راستے پر چلنے کی قسم کھا لیتا ہے کیونکہ اس ڈی سی پی باجی راؤ سنگھم کی ڈرامائی انٹری جیسے کئی موڑ آتے ہیں ۔ کیا سمبا بدلہ لے پائے گا اور کیا وہ سچائی کے راستے پر آگے بڑھ پائے گا؟ یہ جاننے کے لئے آپ کو فلم دیکھنی ہوگی ۔

روہت شیٹی کی یہ فلم یوں تو 'سنگھم ' کی اگین آف ہے، مگر آپ کو بتاتے چلیں کہ یہ چینگھم بمبئی کی ہندی ریمیک ہے ۔ روہت نے اسے مرے دار بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے ۔ فلم کا پہلا ہاف کافرائیڈ کی طرح معلوم ہوتا ہے ، جہاں کامیڈی کی بکھری ڈوز ہے ۔ اور جو رین لائف انداز میں رنویر کی انٹری سے مگر دوسرے ہاف میں کچھ وقت کے لئے کہانی اپنے ٹریک سے پھسل کر عصمت دری کے ٹریک پر آجاتی ہے ، جو سمبا کے کیس سے جوڑ کر روہت نے میلوڈرامیٹک اور پرچی بنا دیا ہے ، مگر پھر ہیرو ، ہیروئن اپنے خاص انداز میں آکر فلم کو پھر اپنے ٹریک پر لے آتے ہیں ۔ روہت کھٹے کھٹے کر دینے والے ایکشن سین روہت شیٹی کی فلم کی طاقت ہوتے ہیں ، جو یہاں بھی فلم کو مضبوطی دیتے ہیں ۔ فرہاد کی کے ڈی ایکشنز پوری طرح فلم میں باندھ رکھنے کا کام کرتے ہیں ۔ ایکشن سین اور فلم کا کلائمیکس دمدار ہے جو اگلے سٹاری سر پرائز انٹری کے بعد سمبا کے سیکول کا واضح اشارہ دیتا ہے ۔

رنویر سنگھ کو فلم کی جان کہا جائے تو غلط نہ ہوگا ۔ ان کی چال ڈھال ، رنگ ، ڈائیلاگ کی ادائیگی اور ایکشن کا انداز ناظرین کو سیٹیاں بجانے کو مجبور کرتا ہے ۔ سارا علی خان کی جوڑی رنویر کے ساتھ بہت اچھی لگی ہے ، مگر انہیں پردے پر زیادہ دکھائی دینے کا موقع نہیں ملا دھروا راٹھ کے کردار کو سونو سود نے بہت ہی کمال کے انداز میں نبھایا ہے ۔ ان کے جیسا ولین رنویر جیسے ہیرو کو خوب ٹکر دیتا نظر آیا ہے ۔ ایمان دار پولیس افسر کے رول میں آشوتوش رانا نے بہت یادگار پرفارمینس دی ہے ۔

فلم کے دو گانے ' آنکھ مارے ' اور ' تیرے بن ' گانے خوب پسند کئے جا رہے ہیں ' آلا رے آلا ' گانا بھی لوگوں کو اچھا لگا ہے ۔

وحیدہ رحمان کی سرگزشت

چھٹی قسط

ماں خود کبھی اسکول نہیں گئی تھیں، ہم بہنوں نے ان سے اردو لکھنا پڑھنا سیکھنے میں زیادہ دلچسپی لی، ہم ان سے پڑھنے سے کتراتے تھے، اس لئے زیادہ وقت سیکھ سکے لیکن بہرحال جتنی بھی آتی ہے، والدہ کی وجہ سے آتی ہے ۔ والد کے تبادلے چونکہ پورے ساؤتھ میں ہوتے رہتے تھے ، اس لئے مجھے تامل اور تیلگو زبانیں بھی آگئیں لیکن ان میں بھی بہت ماہر نہیں ہوں ، بس گزارے لائق بول لیتی ہوں ۔

والد کی زندگی میں ہمارے گھر کا ماحول بہت خوشگوار تھا، ہم اکثر پکنک پر بھی جاتے تھے ، مگر میں دلوتیں بھی ہوتی تھیں ۔ ہم میلے ٹھیلے بھی دیکھنے جاتے تھے ۔ بچپن میں مجھے ناچ بہت اچھے لگتے تھے ۔ میں نے کئی بار والد سے فرمائش کی کہ وہ مجھے ایک ناچ کی کوئی پالتو جانور نہیں تھا اور عام لوگوں کے لئے اسے رکھنا ممکن نہیں تھا ۔ کبھی کبھار ہم فلم دیکھنے بھی جاتے تھے ، اردو فلمیں ریلیز ہونے کے تین چار ماہ بعد ساؤتھ میں پہنچتی تھیں ، مجھے یاد ہے پہلی فلم میں نے ''زینت'' دیکھی تھی ، اور جہاں اس کی ہیروئن اور یعقوب ہیرو تھے ۔ میں غالباً اس وقت آٹھ سال کی تھی ، فلم میں اگر ہیرو کی ہیروئن مر جاتی تھی تو میں زور زور سے رونا شروع کر دیتی تھی ، اور والدین کو میری وجہ سے خاصی شرمندگی ہوتی تھی ۔ وہ مجھے سمجھاتے کہ فلم میں مرنے والے سچ مچ نہیں مرتے ہیں ۔

''بہرسات'' اور ''داستان'' میں نے غالباً دس سال کی عمر میں دیکھیں، اسی زمانے میں دیوآنند اور مدھوبالا کی بھی ایک فلم دیکھی جس کا نام میں بھول گئی تھی ، لیکن اس کا یہ گانا مجھے آج تک یاد ہے ''محفل میں مل تجھی شمع پروانے کے لئے ۔۔'' مجھے حال ہی میں کسی نے یاد دلایا کہ یہ فلم ''نرالا'' تھی جو غالباً 1950 میں ریلیز ہوئی تھی ، اپنی دیکھی ہوئی انگریزی فلموں میں سے مجھے صرف Gone with the wind یاد رہ گئی ہے ۔ مجھے اس کی ہیروئن ویولن لی بہت اچھی لگی تھی ۔ اس کے علاوہ ہولی ووڈ کی اداکاراؤں میں انگرڈ برگ مین مجھے بہت پسند تھی ۔

ہم چار بہنیں تھیں، سب سے بڑی زاہدہ تھیں جنہیں ہم ''بی آپا'' کہتے تھے ان سے چھوٹی شاہدہ تھیں جو ''شاہ آپا'' کہلاتی تھیں ، پھر سعیدہ تھیں ، ان کے بعد میں تھی ۔ ہم سب بہنوں کے نام ہم قافیہ تھے ، کبھی کبھار کوئی صاحب اپنی دانست میں والد سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہتے ''رحمان !اوپر والے نے تمہیں چار بیٹیاں دے دیں ، بیٹا ایک بھی نہیں دیا۔''

''یہ بھی اس کی رحمت ہے ، میں نے کبھی بیٹے کی کمی محسوس نہیں کی ۔ میری بیٹیاں میرے چار انمول ہیرے ہیں ''، والد جواب دیتے ۔

کبھی کبھی اسکول میں کوئی لڑکی بھی ترس کھانے والے انداز میں ہم سے کہتی ''ارے ۔۔۔ تمہارا کوئی بھائی نہیں ہے ؟'' مجھے اس بات پر ۔۔۔ یا یوں سمجھیے کہ بات کرنے والی کے انداز پر بڑا غصہ آتا اور عام طور پر میں اس کا کوئی سخت جواب دیتی ، مجھے نہیں معلوم تھا کہ اولاد نرینہ سے محرومی کو بہت بڑی مایوسی سمجھا جاتا ہے ۔

فلم میں اگر ہیروئن مرجاتی تو میں رونا شروع کردیتی تھی

میں نے اپنے والد سے کہا تھا "ڈیڈی!آپ دیکھئے گا ،ایک روز ملک کے سارے اخباروں میں میری تصویریں چھپا کریں گی اور میں ایک بڑا سا فارم ہاؤس بھی خریدوں گی ۔

مجھے نہیں معلوم تھا کہ میری تصویریں کیوں سارے اخباروں رسالوں میں چھپیں گی ، اور میں کس طرح فارم ہاؤس خریدوں گی ، لیکن اوپر والے نے میری زبان سے نکلی ہوئی یہ دونوں باتیں یا آرزوئیں پوری کردیں ، ویسے دس سال کی عمر میں لاشعوری سے انداز میں مجھے یہ احساس ہونے لگا کہ میں کچھ بنوں گی اور مجھے زندگی میں کسی نہ کسی حوالے سے اہمیت یا شہرت حاصل ہوگی لیکن دوسری طرف ایک اور متضاد احساس بھی ذہن کے کسی تاریک گوشے سے سر اٹھاتا رہتا ، ایک کانٹا سا میرے محسوسات میں چبھتا رہتا ، وہ احساس مایوسی کا تھا ، میں اکثر یہ بار رہتی ہوئے کی مریض تو میں تھی ہی ، لیکن ویسے بھی آئے دن مجھے کچھ نہ کچھ ہو جاتا ۔ شکر ہے کہ میرے والد نے بھی اس چیز کو محرومی نہیں سمجھا ۔ شاید ایک بار میں نے ایسی ہی کسی بات کے زیر اثر اپنے والد سے کہا تھا ''ڈیڈی! آپ دیکھئے گا ، ایک روز ملک کے سارے اخباروں میں میری تصویریں چھپا کریں گی اور میں ایک بڑا سا فارم ہاؤس بھی خریدوں گی ۔

میرے والد کا تبادلہ جب بھی کسی دوسرے شہر ہوتا تو سب سے پہلے وہ وہاں کوئی اچھا ڈاکٹر تلاش کرتے ۔ انہیں معلوم تھا کہ ویسے تو یہی ، تو تبدیلی آب و ہوا کی وجہ سے میں ضرور بیمار ہو جاؤں گی ، کبھی کبھی میں مایوسی سے سوچتی رہتی تھی ، میں زندہ بھی رہوں گی یا نہیں ، کچھ بڑی عمر تک پہنچ بھی پاؤں گی یا نہیں ؟ کہیں کم عمری میں ہی اس دنیا سے رخصت تو نہیں ہو جاؤں گی ؟ میرے بیمار رہنے کی وجہ سے میری تعلیم بھی متاثر ہوتی رہی ۔

میں جب نو سال کی تھی تو ہم لوگ آندھرا پردیش کے ایک شہر راجہ مندری میں رہ رہے تھے ، وہاں اکثر ثقافتی تقریبات منعقد ہوتی رہتی تھیں ، جن میں ہمیں بھی جانے کا اتفاق ہوتا تھا ، وہاں ہمیں ایک ایسا رہنے والے وقت کی مشہور کلاسیکل ڈانسر کمالا لکشمن کی پرفارمنس دیکھنے کا موقع ملا ۔ وہ واقعی کمال کی فنکارہ تھیں ، چھوٹی عمر میں انسان کو کلاسیکل فنون کی کچھ زیادہ سمجھ نہیں ہوتی ، اس کے باوجود میں ان کا ڈانس دیکھ کر سحر زدہ ہوگئی ۔

(جاری)

"آزادی کا ایک کرنے کے لیے سچ ایک قدم ہی آگے بڑھنا ہے"
سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज
Published from New Delhi
@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily
www.sachkiawaz.com

آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ

ہندوستان بدستور نمبر 1 پوزیشن پر قابض

بمراہ نے لگائی 12 مقام کی زبردست چھلانگ، 2018 کا اختتام نمبر ایک کے طور پر کریں گے کنگ کوہلی

دہلی (ایجنسیاں)

ہندوستانی کرکٹ ٹیم انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی تازہ ترین ٹیسٹ ٹیم رینکنگ میں بدستور پہلے نمبر پر برامجمان ہے، نیوزی لینڈ نے ایک درجہ ترقی کے ساتھ جنوبی افریقہ سے تیسری پوزیشن چھین لی۔ اقوار کو آئی سی سی نے تازہ ترین ٹیسٹ ٹیم رینکنگ جاری کردی، جس کے تحت ہندوستانی ٹیم 116 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ بدستور سرفہرست ہے۔

انگلش ٹیم 108 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہے۔ نیوزی لینڈ نے سری لنکا کو آخری ٹیسٹ میچ میں شکست دے کر ایک درجہ ترقی پا کر جنوبی افریقہ کو تیسری پوزیشن سے محروم کردیا۔ جنوبی افریقی ٹیم پاکستان کے خلاف پہلا ٹیسٹ جیتنے کے باوجود تیسری پوزیشن کا فائدہ نہ اٹھا سکی اور تنزلی کے بعد چوتھے نمبر پر چلی گئی۔

آسٹریلوی ٹیم پانچویں نمبر پر برقرار ہے، جبکہ پاکستانی ٹیم پر ویسٹ کے ہاتھوں پہلے ٹیسٹ میں شکست کے باوجود ایک درجہ ترقی پا کر دوبارہ چھٹے نمبر پر آگئی۔ سری لنکائی ٹیم ایک درجہ تنزلی کے بعد ساتویں نمبر پر چلی گئی، ویسٹ انڈین ٹیم آٹھویں نمبر پر موجود ہے۔ کرائسٹ چرچ میں نیوزی لینڈ نے سری لنکا کو ہرا کر مسلسل چوتھی سیریز اپنے نام کی اور رینکنگ میں تیسری پوزیشن بھی حاصل کرلی۔ واضح رہے کہ آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں پاکستان ابھی تک ساتویں نمبر پر ہے۔

ٹیم انڈیا کے تیز گیند باز جسپریت بمراہ نے ملبورن میں آسٹریلیا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں کل نو وکٹ کی ان کی تیز فاتح کارکردگی کی بدولت بیٹر کو چاری تازہ ٹیسٹ رینکنگ میں 12 مقام کی لمبی چھلانگ لگا کر 16 ویں مقام کی اپنی بہترین درجہ بندی حاصل کرلی ہے۔ بمراہ نے پہلی اننگز میں چھ اور دوسری اننگز میں تین وکٹ حاصل کئے اور میچ میں نو وکٹ کی بدولت میں آف دی میچ بنے۔ اس کارکردگی سے بمراہ 28 ویں مقام سے 16 ویں مقام پر پہنچ گئے ہیں اور 708 پوائنٹس کی بہترین درجہ بندی حاصل کرلی ہے۔ ہندوستانی کپتان وراٹ کوہلی نے تیسرے ٹیسٹ کے بعد بمراہ کو دنیا کا بہترین فاسٹ بولر بتایا تھا۔

بیٹنگ رینکنگ میں ہندوستانی کپتان وراٹ کوہلی اپنے سرفہرست مقام پر بنے ہوئے ہیں تاہم دوسری اننگز میں صفر پر آؤٹ ہونے کی وجہ سے ان کی درجہ بندی میں تین پوائنٹس کی کمی ہوئی ہے اور وہ 934 پوائنٹس سے 931 پوائنٹس پر گھسک گئے ہیں۔ چیتیشور پجارا اپنے چوتھے مقام پر بنے ہوئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کے کین ولیم دوسرے اور آسٹریلیا کے اسٹیون اسمتھ تیسرے مقام پر ہیں۔ نائب کپتان اجنکیا رہانے 15 ویں سے 48 ویں نمبر پر گھسک گئے ہیں جبکہ ہنومان وکٹ کیپر رشبھ پنت 10 مقام کی بہتری کے ساتھ 38 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔

کمزور نے ملبورن ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں اپنی نصف سنچری کی بدولت ٹیسٹ بلے بازوں میں 13 مقامات کی چھلانگ لگا کر 91 واں مقام حاصل کیا ہے، دو میں نریوں بہترسات مقام آگے کی بڑھتے ہوئے 56 ویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ ہندوستانی لیفٹ آرم اسپنر رویندر جدیجہ ایک جگہ کھسک کر 9 پچھڑیں اور آخری ویسٹ سے ہم سے باہر چل رہے آف اسپنر روی چندرن دو مقام گر کر آٹھویں نمبر پر کھسک ہیں۔ تیز گیند باز محمد شمی چھ دو مقام گر کر 23 ویں اور ایشانت شرما ایک جگہ گر کر 27 ویں مقام پر گھسک گئے۔

ملبورن ٹیسٹ میں 9 وکٹیں لینے والے پیسر کمزو نے بھی رینکنگ میں تیسری پوزیشن اپنے نام کرلی ہے۔ سری لنکا کے خلاف 423 رنز کی بڑی جیت میں مرکزی کردار ادا کرنے والے کیوی فاسٹ بالر رچرڈ ہیڈلی نے 7 ٹیسٹ میاں چھلانگ کر 7 ویں پوزیشن اپنے نام کرلی ہے۔ پاکستان کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں مجموعی طور پر 11 وکٹیں لینے والے ڈین ایلگر نے ٹیسٹ رینکنگ میں 53 ویں سے 36 ویں پوزیشن پر چھلانگ لگائی ہے۔ لیگ اسپنر ساشا 2 درجے ترقی کے ساتھ 10 ویں سے 12 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں، محمد عامر 34 ویں اور حسن علی آخر ہے تی 73 ویں پوزیشن اپنے نام کرلی ہے۔

بلے بازوں کی فہرست میں نیوزی لینڈ کے ہنری نکولس نے سری لنکا کے خلاف 162 رنز ناٹ آؤٹ کی اننگز کھیل کر کیریئر کی بہترین 7 ویں پوزیشن اپنے نام کرلی ہے۔ کیوی اوپنر تام لاتھم 22 ویں سے 14 ویں پوزیشن، کوئنٹن ڈی کوک 30 ویں سے 25 ویں پوزیشن، بابر اعظم 38 ویں سے 29 ویں پوزیشن، رشبھ پنت 48 ویں سے 38 ویں پوزیشن اور روہت شرما 55 ویں سے 44 ویں پوزیشن ترقی پانے والے دیگر بلے باز رہے۔ امام الحق 85 ویں اور شان مسعود 87 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ آل راؤنڈرز کی فہرست میں روبندر جدیجہ دوسری پوزیشن سے محروم ہوگئے ہیں اور ان کی جگہ ویسٹ انڈیز کے جیسن ہولڈر نے سنبھال لی ہے۔ آسٹریلیا کے پیٹ کمنز کھی 7 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔

ہندوستانی کپتان وراٹ کوہلی 2018 کا اختتام ٹیسٹ اور ون ڈے رینکنگ میں نمبر ایک بلے باز کے طور پر کریں گے۔ وراٹ نے اس سال اگست میں آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ کو پچھاڑ کر ٹیسٹ کی درجہ بندی میں پہلا مقام حاصل کیا تھا اور وہ 135 دنوں سے اس جگہ پر بنے ہوئے ہیں۔ وراٹ سال کے آخر میں ٹیسٹ رینکنگ میں 931 پوائنٹس اور ون ڈے میں 899 پوائنٹس کے ساتھ سب سے اوپر بنے رہے۔

ہندوستانی کپتان ٹیسٹ رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن سے 34 پوائنٹ کی برتری بنائے ہوئے ہیں۔ اس سال وراٹ نے اپنے کیریئر میں سب سے زیادہ 937 رینکنگ پوائنٹس حاصل کئے تھے اور یہ ایک ہندوستانی بلے باز کی طرف سے حاصل کئے گئے سب سے زیادہ رینکنگ پوائنٹس تھے۔ وراٹ کی 937 درجہ بندی آل ٹائم بہترین درجہ بندی میں یہ 11 ویں بہترین درجہ بندی تھی۔ بہترین درجہ بندی کے معاملے میں وراٹ کے سابق ہندوستانی کپتان سنیل گواسکر کو پیچھے چھوڑا ہے جن کی 916 کی بہترین درجہ بندی تھی۔

ہندوستانی کپتان نے اس سال 13 ٹسٹ میچوں میں 55.08 کے اوسط سے 1322 رن بنائے جس میں پانچ سنچریاں اور پانچ نصف سنچری شامل ہیں۔ وراٹ نے اس سال سب سے زیادہ ٹیسٹ رنز بنائے۔ وراٹ نے ون ڈے کرکٹ میں 14 میچوں میں 133.55 کی اوسط سے 1202 رنز بنائے جس میں چھ سنچریاں اور تین نصف سنچری شامل ہیں۔ اس سال کے اپنی زبردست کارکردگی کی بدولت وراٹ اپنی ٹیسٹ سنچریوں کی تعداد 25 اور ون ڈے سنچریوں کی تعداد 38 پہنچا چکے ہیں۔ یہ بھی دلچسپ رہا کہ ٹوئنٹی 20۔ میں بھی ایک ہندوستانی بلے باز نے 2018 میں سب سے زیادہ رن بنائے۔ شکھر دھون 18 میچوں میں 689 کے اسکور کے ساتھ اس فارمیٹ میں سب سے زیادہ رن بنانے والے بلے باز رہے۔ اس طرح تینوں فارمیٹ میں 2018 میں سب سے زیادہ رن ہندوستانی بلے بازوں کے نام رہے۔

روہت نہیں کھیلیں گے سڈنی ٹیسٹ

نئی دھلی (ایجنسیاں)

ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بلے باز روہت شرما باہر ہی رہیں گے جس اور وہ اب آسٹریلیا کے خلاف تین جنوری سے سڈنی میں ہونے والے چوتھے اور آخری ٹیسٹ میں کھیلنے نہیں اتریں گے۔ روہت کی بیوی نے اتوار کو بیٹی کو جنم دیا ہے اور روہت اپنی زندگی کی نئی خوشی منانے کے لئے آسٹریلیا سے ممبئی لوٹیں گے۔ ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے روہت کو زندگی کی اس خوشی کی شروعات کے لئے مبارک باد دی ہے۔ بی سی سی آئی نے بتایا کہ روہت اب چوتھے ٹیسٹ سے باہر اور آخر جنوری کو ون ڈے ٹیم کے ساتھ جڑیں گے۔ روہت محمد اور اوور کی ٹیم کے اب کپتان ہیں۔ بی سی سی آئی نے چوتھے ٹیسٹ کے لئے روہت کی جگہ کسی کھلاڑی کا اعلان نہیں کیا ہے۔ روہت آخر جنوری کو ٹیم کے ساتھ جڑیں گے جب ٹیم 12 فروری سے شروع ہونے والی ون ڈے سیریز کی تیاری کرے گی۔ بلاسٹک ٹیسٹ میں آسٹریلیا کو شکست دینے کے تھوڑی دیر بعد روہت کو اپنے باپ بننے کی خبر ملی۔ یہ کیفی بھی روہت شرما اور ریتکا کی پہلی اولاد ہے۔ 3 جنوری سے سڈنی میں شروع ہو رہے چوتھے اور آخری ٹیسٹ میچ میں روہت کی جگہ آل راؤنڈر ہردک پانڈیا کو شامل کیا جا سکتا ہے۔ تیسرے ٹیسٹ میں روہت نے ہندوستان کی پہلی اننگز میں ناقابل شکست نصف سنچری بنائی تھی۔

فلاور نے بھی ڈریسنگ روم کے ماحول پر اٹھایا سوال

کیپ ٹاؤن/ سنچورین (ایجنسیاں)

پاکستان کے بیٹنگ کوچ گرانٹ فلاور نے بھی ڈریسنگ روم کے ماحول پر سوال اٹھایا، وہ کہتے ہیں کہ جب ہم اس وقت کرین کپتس کے ڈریسنگ روم کی صورتحال میں ہے۔ اس سے کہیں زیادہ بہتر نظر ہمیں نہ دیکھی ہے، اس وقت ایک دوٹیم بلکہ چند پلیئرز کی پوزیشن خطرے میں ہے، ہمیں نہیں معلوم کہ اندر کی خبریں کس نے افشا کی ہیں مگر ہمیں خود کو آئینے میں دیکھنے کی ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے ' کرک انفو' سے بات چیت کے دوران کیا۔ یاد رہے کہ جنوبی افریقہ کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں شکست کے بعد کوچ کی آخر فہرست کے کھلاڑیوں سے ڈاٹ ڈیٹ کی تھی، جس پر کھلاڑی کافی ناخوش بھی ہیں۔

اس حوالے سے گرانٹ فلاور کہتے ہیں کہ اس وقت ڈریسنگ روم کا ماحول بہترین نہیں ہے، بازے والی زیادہ ہمیں کا ماحول اچھا نہیں تھا، کوئی بھی شکست چند نہیں کرتا، ٹیم سلیکشن میں ہر انوکی فلمل خلل نہیں ہے مگر کھلاڑیوں کی جگہ خطرے میں ہے، یہ صرف ایک دو سیشنز کی بات نہیں بلکہ آپ چند پلیئرز اپنی افاقت کھو چکے ہیں، گرانٹ فلاور کا کہنا تھا کہ ہم نہیں جانتے کہ اندر کی خبر کس نے افشا کی مگر ہمیں آپنے میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔

ویسے بھی فلاور دو کے ہنر ہیں اور آپ کو ایک دوسرے پر اعتماد کرتے ہوئے فٹبالی کی طرح پاس آنا ہوتا ہے۔ جس آخر تک پلیئرز سے کچھ ثبت اقاتات کے نگران میں کچھ چاہئی تھی، میں سمجھتا ہوں کہ کھلاڑیوں کو کچھ تجب ہوا مگر انھوں نے کہی آخر کی باتیں دھیان سے سنیں، ہر کوئی جانتا ہے کہ وہ بعض اوقات کھلاڑی سے تلخ لہجے میں بات کرتے ہیں، وہ ایسا کرنے والے پہلے یا آخری کوچ نہیں ہیں، اگر کھلاڑی مضبوط شخصیت کے مالک ہیں تو وہ نہ صرف باؤنس بیک کریں گے بلکہ ان باتوں کو ایک چیلنج کے طور پر لیں گے۔

فلاور نے اکیم ظفری کی جانب سے ڈین ایلگر کے تلخ کو خرا امپائر کی جانب سے مسترد کرنے پر کہا کہ میرے خیال میں یہ ایک غلط فیصلہ تھا، فیلڈ امپائر جب ٹیلیویژن آؤٹ قرار دے چکا تھا تو ناقوی شواہد پر اس کو برقرار رکھنے کی ضرورت تھی۔

ٹیم کی شاندار کارکردگی رہے گی جاری: کھنہ

نئی دھلی (یو این آئی)

ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) کے قائم مقام صدری کے کھنہ نے ٹیم انڈیا کے 2018 کی شاندار کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے یقین کیا کہ ٹیم اپنی شاندار کارکردگی کے اس سلسلے کو 2019 میں بھی برقرار رکھے گی۔ کھنہ نے کہا انڈیا کو میلبورن میں آسٹریلیا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں فی شاندار جیت اور سیریز میں 2-1 کی برتری بنانے کے لئے مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ٹیم کے نئے سال میں سڈنی میں ہونے والے چوتھے ٹیسٹ میں بھی بہترین کارکردگی کرے گی اور آسٹریلیا میں پہلی بار سیریز اپنے نام کرے گی۔

انہوں نے ٹیم انڈیا کی 2018 کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان نے سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز جیت کر مسلسل سب سے زیادہ سیریز جیتنے کے انگلینڈ اور آسٹریلیا کے ریکارڈ کی برابری کی اور ہندوستان ٹیسٹ رینکنگ میں نمبر ون بنا۔ کھنہ نے کہا کہ ہندوستان نے اس دوران ون ڈے کرکٹ میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور دبئی میں بنگلہ دیش کو شکست دے کر ایشیا کپ جیت ہندوستان نے کولمبو میں بنگلہ دیش کو شکست دے کر ٹوئنٹی 20۔ سیریز جیتی۔

یوراج ناکام، ہمندیپ نے پنجاب کو دلائی برتری

موہالی (یو این آئی)

اسٹار بلے باز یوراج سنگھ تو 6 رن پر آؤٹ ہوگئے لیکن کپتان مندیپ سنگھ نے 89 رن کی شاندار اننگز کھیل کر جاٹ کو کیرل کے خلاف رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ بی کے دوسرے دن پنجاب کو پہلی اننگز میں برتری دلا دی۔ پنجاب نے اپنی پہلی اننگز میں 217 رن بنائے۔ کیرل کی ٹیم پہلی اننگز میں 121 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ پنجاب نے دوسرے دن کے اختتام پر 135 رن سے آگے کھیلنا شروع کیا۔

کپتان مندیپ 41 رن سے آگے کھیلتے ہوئے 182 گیندوں میں چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 89 رن بنائے۔ جیوجوت سنگھ 69 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ یوراج 19 گیندوں میں 6 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ کیرالہ کی جانب سے سندیپ وارئیر نے 85 رن پر چار وکٹ لئے۔ کیرل نے اپنی دوسری اننگز میں تین وکٹ پر 127 رن بنا لئے ہیں اور اس کے پاس 31 رنز کی برتری ہوگئی ہے۔ محمد ظہیر الدین 76 رن بنا کر کریز پر ہیں۔

تین روزہ تائیکوانڈو چمپئن شپ اختتام پذیر

جموں (یو این آئی)

تائیکوانڈو فیڈریشن آف انڈیا اور انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کی سرپرستی میں جموں ایلڈ سٹیڈیم تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ تین روزہ فیڈریشن کپ تائیکوانڈو چمپئن شپ 2018 بدھ کے روز جموں میں اختتام پذیر ہوئی۔ سیکریٹری جوگیندر سنگھ رانا سپورٹس سرمد حفیظ نے میڈل جیتنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے پوائنٹس ٹیبلز کی پیش کش کی۔ انہوں نے انٹرنیشنل ڈی پلیک سکول تیجان کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اس موقعہ پر مشن ڈائریکٹر رول ایو ایڈمنسٹریشن عہدیدار شرمد اور مہمان ذی وقار کی حیثیت سے موجود تھے۔ سیکریٹری موصوف نے کہا کہ یہ ایونٹ ملک بھر کے کھلاڑیوں کو مختلف قومی اور بین الاقوامی چمپئن شپوں جیسے انڈین چمپئن شپ، G1-G2 اولمپک رینکنگ چمپئن شپ کے خاطر تیار کرنے کے لئے منعقد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا ایونٹ منعقد کیا گیا جس میں ملک کی 12 معروف ٹیموں کے منتخب پہلی بوم دیہہ پر ٹیمیں میں حصہ لیا گیا۔

کھلاڑیوں کے علاوہ ایونٹ میں کئی سطح کی کئی دیگر مہمانوں نے بھی حصہ لیا۔ سرمد حفیظ نے مقابلین پر زور دیا کہ وہ اس حکم کے زیادہ سے زیادہ پرگراموں کا انعقاد کریں تاکہ اور بھی کھلاڑی ان میں حصہ لے سکیں۔

مختصر مختصر

آئندہ بھی اچھی کارکردگی کریں گے پہلوان: ستپال

نئی دھلی (پی این آئی)

پدم بھوشن سے سرفراز اور دروان اولمپک اپوارڈ یافتہ پہلوان ستپال نے کہا ہے کہ ہندوستانی پہلوان نے سال میں اچھی کارکردگی کریں گے جو 2020 اولمپک کھیلوں کے لحاظ سے اہم سال ہے۔ اولمپک میڈلسٹ پہلوانوں سشیل کمار اور یوگیشور دت کے کھود ستپال نے ہندوستانی پہلوانوں کو 2019 کے لئے اپنی نیک خواہشات دیتے ہوئے کہا کہ اس سال ہندوستانی پہلوانوں کا مظاہرہ قابل ستائش رہا تھا۔ سینئر کے ساتھ ساتھ جونیئر پہلوانوں نے بھی اپنی چھاپ چھوڑی تھی اور مستقبل کے لئے امید بنگائی ہے۔ ستپال نے کہا کہ 2019 ہندوستانی کشتی کے لئے وفی اہم سال ہے کیونکہ اس سال نوجوان اولمپک کے لئے کوالیفائی کرنے کے موقع رہے گا اور زیادہ سے زیادہ پہلوانوں کو اولمپک کے لئے کوالیفائی کرنا چاہئے۔ پدم بھوشن سے سرفراز ستپال نے کہا کہ کشتی میں اولمپکس میں ہندوستانی پہلوانوں نے مسلسل تمغے جیتے ہیں اور امید ہے کہ ڈیڈ اولمپکس میں بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

پنیت کی ٹرپل سنچری

بھوپنیشور (یو این آئی)

وکٹ کیپر بلیٹ بشٹ (ناٹ آؤٹ 301) نے اس رنجی سیزن کی پہلی ٹرپل سنچری بناتے ہوئے بنگالیہ کو سکم کے خلاف رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ بی کے دوسرے دن پیر کو تین وکٹ پر 555 رنز کی مضبوط پوزیشن میں پہنچا دیا۔ دہلی کے کھلاڑی پنیت نے اس سیزن کی پہلی ٹرپل سنچری بنانے کا اعزاز حاصل کیا۔ پنیت نے 293 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 301 رن کی اننگ میں 48 کے اوپر ایک چوکا لگایا۔ پنیت کا اس سے پہلے ناقابل شکست 223 رنز کا بہترین اسکور تھا۔ اوپنر راج ہنوا نے 321 گیندوں میں 25 چوکوں کی مدد سے 175 رن بنائے۔ رونوں نے تیسرے وکٹ کے لئے 433 رن کی شراکت کی جو کیرل کے خلاف پانچ اب 336 رنز کی برتری ہوگئی ہے۔ سکم نے پہلی اننگز میں 219 رن بنائے تھے۔

وراٹ کو آئی سی سی ونڈے اور ہرن پریت کوٹی 20 ٹیم کی قیادت

دہنی (ایجنسیاں)

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے سال 2018 کی بہترین ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی 20 ٹیموں کا اعلان کیا ہے جس میں ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان وراٹ کوہلی کو ون ڈے ٹیم کی قیادت کی ذمہ داری دی گئی ہے، جبکہ خواتین کے زمرے میں ہرمن پریت کو کوٹی 20 ٹیم کا کپتان بنایا گیا ہے۔

ہندوستان کی جانب سے ان ٹیموں میں وراٹ کوہلی، روہت شرما، شکھر دھون، کلدیپ یادو، جسپریت بمراہ، سمرتی مدھانا، ہرمن پریت کور اور رشبھ پنت کو شامل کیا گیا ہے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے سال 2018 کی بہترین ون ڈے ٹیم میں ہندوستان کے پانچ کھلاڑیوں کو شامل کیا ہے جس میں وراٹ کوہلی کو کپتان بنایا گیا ہے جبکہ ٹیم میں پاکستان، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کا کوئی کرکٹر شامل نہیں ہے۔

خاتون ون ڈے ٹیم میں سمرتی مدھانا اور رشبھ پنت کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پاکستانی کرکٹر کپتان میرو کو آئی سی سی کی خاتون ون ڈے آف ڈی والی ٹیموں میں شامل کر لیا گیا ہے، فاسٹ بولر محمد عباس ٹیسٹ اور وہاب ریاض ٹی ٹوئنٹی ٹیم آف دی ایئر کا حصہ بن گئے ہیں۔ آئی سی سی نے

دوسری جانب سال 2018 کی ٹیسٹ ٹیم میں پاکستان کے فاسٹ بولر محمد عباس کو شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے سال بھر میں 7 ٹیسٹ میچوں میں 38 وکٹیں حاصل کیں ٹیسٹ ٹیم میں اس کا کپتان نوزی لینڈ کے کپتان کین ولیمسن کو بنایا گیا ہے۔ ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کپتان خاتون ٹی 20 کی کپتانی ہرمن پریت کور کو سپرد کی ہے، ان کے علاوہ ٹیم میں سمرتی مدھانا اور رشبھ پنت بھی ہیں۔ ون ڈے ٹیم آف دی ایئر میں پاکستان کی ساتھی کپتان شامیہ کو شامل کیا گیا ہے۔ انہیں کرکٹ آسٹریلیا کی جانب سے سال کی بہترین ون ڈے ٹیم میں بھی شامل کیا ہے۔ وہ اس سے قبل دنیا کی بہترین بولر کا اعزاز بھی اپنے نام کر چکی ہیں۔

ایوان فتح کو مقرر کیا گیا ہے۔ جبرت انگلینڈ طور پر ٹی ٹوئنٹی کے نمبر ون بلے باز اعظم کا نام بھی سال کی بہترین ٹیم میں شامل نہیں ہے، تاہم اس ٹیم میں پاکستان کی ثمانہ کی فاسٹ بولر وہاب ریاض کو رکھا گیا ہے۔

سال 2018 کی ٹیسٹ ٹیم میں پاکستان کے فاسٹ بولر محمد عباس کو شامل کیا گیا ہے، جنہوں نے سال بھر میں سات ٹیسٹ میچوں میں 38 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹیسٹ ٹیم کا کپتان کین ولیمسن کو مقرر کیا گیا ہے۔

مردوں کی ٹیسٹ ٹیم:

نام: اظہر علی، دیمتھ کرونا رتنے، کین ولیمسن، وراٹ کوہلی، اے بی ڈی ویلیرز، جوز بٹلر، حسن ہولڈر، پیٹ کمز، ہاشم یون، محمد عباس، جسپریت بمراہ۔

مردوں کی ون ڈے ٹیم:

روہت شرما، شکھر دھون، وراٹ کوہلی، جو روٹ، جوز بٹلر، شکیب الحسن، تھسارا پیرا، راشد خان، کلدیپ یادو، بمکیو رابادا، جسپریت بمراہ۔

مردوں کی ٹی 20 ٹیم:

آرون فنچ، شکھر دھون، کولن منرو، رشبھ پنت، جلمین میکس ویل، آندرے رسل، ڈیوین براوو، سمیل ترائیس، راشد خان، جوفرا آرچر، بی اسٹیک۔

آئی سی سی خاتون ون ڈے ٹیم:

اسمرتی مدھانا، جمی ویمونٹ، سوزی بیٹس (کپتان)، ڈیوین ڈیٹرک، سوفی ڈیوائین، ایلسا بیلی (وکٹ کیپر)، میریزین کیپ، ڈینڈرا ڈاٹن، ثمیر (پاکستان)، سوفی ایکلسٹون، رچیل ہیو۔

آئی سی سی خاتون ٹی 20 ٹیم:

اسمرتی مدھانا، ایلسا بیلی (وکٹ کیپر)، سوزی بیٹس (نیوزی لینڈ)، ہرمن پریت کور (کپتان)، ہیلی میتھیوز، ایلیسا پیری (آسٹریلیا)، اینٹھی گورڈن (آسٹریلیا)، پرکاسیپک (نیوزی لینڈ)، میگن شٹ (آسٹریلیا)، روبنا مدھا (بنگلہ دیش)، رچیل ہیو۔

مشرف مرتضیٰ انتخابات میں کامیاب

ڈھاکہ (ایجنسیاں)

بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیم کے کپتان مشرف مرتضیٰ نے عام انتخابات میں اکثریتی ووٹوں سے کامیابی حاصل کی ہے۔ وہ عوامی لیگ کے ٹکٹ پر نرئیل-ویمبیٹ سے انتخابی میدان میں اترے تھے۔ انہوں نے اپنے قریب ترین حریف کو 2 لاکھ 66 ہزار سے زائد ووٹوں سے شکست دی۔ رپورٹ کے مطابق، مرتضیٰ کو 274-418 ووٹ ملے جبکہ دوسرے نمبر پر رہنے والے اپوزیشن امیدوار جاتیا اوکیا پارٹی کے امیدوار کو صرف 8006 ووٹ ملے۔ اس طرح مرتضیٰ نے قریب 96 بھدوٹ اپنے نام کرلئے۔ الیکشن جیتنے کے بعد مرتضیٰ ممبر پارلیمنٹ بنے والے بنگلہ دیش کے دوسرے کرکٹر کپتان ہوگئے ہیں۔ اس سے پہلے سابق کرکٹر کپتان ٹیم الرحمٰن رنجیتے بھی ممبر پارلیمنٹ بن چکے ہیں، اگرچہ مرتضیٰ کرکٹ کھیلتے ہوئے الیکشن جیتنے والے پہلے کپتان ہیں۔

یوپی نے ہریانہ کو ہرا دیا

روہتک (یو این آئی)

گیند بازوں کے لئے مددگار روہتک کے منی لال کرکٹ اسٹیڈیم کی پچ پر اتر پردیش نے ہریانہ کو رنجی ٹرافی ایلیٹ گروپ سی کی پچ کے دوسرے ہی دن 8 وکٹ پر کچھ وکٹ سے ہرا دیا اور پچھ پوائنٹس حاصل کر لئے۔ ہریانہ کی پہلی اننگز میں 43 اور دوسری 110 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی جبکہ اتر پردیش کی اننگز 133 رنز پر ختم ہوئی۔ ہریانہ نے دوسری اننگز میں بغیر کوئی وکٹ کھوئے 10 رن سے آگے کھیلنا شروع کیا اور اس کی دوسری اننگز 129 پر ہٹ گئی۔ ہریانہ کی جانب سے اوپنر انکت کمار نے سب سے زیادہ 51 رنز بنائے اور 26 رن بنائے۔

پریت نے ریپٹرس کو دلائی سیزن کی پہلی جیت

پٹنہ (یو این آئی)

تجربہ کار بنگلہ دیشی کھلاڑی پی سالی پریت نے یہاں چھترپتی شیواجی اسپورٹس کمپلیکس اسٹیڈیم میں فیصلہ کن پچ میں ہندوستان کے اٹھرتے ہوئے اسٹار کنگلے سین کو ہراتے ہوئے بنگلور ریپٹرس کو دو ڈاؤن پر میچ بیننگ لیگ (بی ڈی ایل) کے چوتھے سیزن کے مقابلے میں میزبان پٹنہ 7 ایس پی دیپچ جیت دلائی۔ ریپٹرس نے اقوامی رات پر مقابلہ 4-3 سے جیتا۔ یہ اس سیزن میں ان کی پہلی جیت ہے۔ اسے اپنے پچھلے مقابلے میں اپنے گھر میں اتھارا بادا ایسٹرن ڈی سٹرز کے ہاتھوں 3-4 سے شکست دی تھی۔

پٹنہ چار میچوں میں تیسری شکست ہے۔ اس نے بنگلہ دیشی کھیر میں مجنی کو ہراتے ہوئے اس سیزن میں اپنا جیت کا اکاؤنٹ کھلا تھا۔ ریپٹرس کی جیت میں اس کے کپتان اور اسٹار کھلاڑی کنڈ کچی سری کانت کا اہم کردار رہا۔ اپنے آئی کمن کھلاڑی کیرو لیلا مارین کے زخمی ہونے کے بعد سری کانت نے اپنے ٹرمپ پتے کھیلتے ہوئے رام کھراج کے ہوئے اسکور اپنی ٹیم کے لئے جیت میں 2-3 کر دیا۔

اس کے بعد اگر ریپٹرس کو مکسڈ ڈبلز مقابلے میں شکست دی اور اسکور 3-3 ہو گیا۔ فیصلہ کن مقابلہ کنگلے اور پریت کے درمیان کھیلا جاتا تھا، جسے جیت کر پریت نے اپنی ٹیم کو 3-4 سے جیت دلا دی۔ ان کا پہلا مقابلہ مردوں کے ڈبلز جاتا جس میں رچارڈس کے محمد احسان اور سٹھیو وان نے پنے کے دادا دیپر اپوانوف اور چراغ شیٹی کو 12-15، 11-15 سے ہرا تے ہوئے اپنی ٹیم کا اکاؤنٹ کھول دیا۔

کیا آپ پریشان ہیں!
آل انڈیا کھلا چیلنج
3 گھنٹوں میں 100% حل
تنتر منتر کے سمرات
گھریلو تنازع، شوہر-بیوی میں ان بن
شادی میں رکاوٹ، سوتن
دوشن سے چھٹکارا
دوا نہ لگتا، کریئر میں
رکاوٹ، لو میرج
بابا ظفر خان
میرے کام کو کوشش والے کو منہ مانگا انعام!
اگر کسی کا شوہر بات نہیں سنتی کسی بوسرے کو
گرفت میں ہو تو ہمیں ضرور فون کریں۔
کام نہ ہونے پر پیسہ واپس
بیمار اور کاروبار میں
چوٹ کھائے فوراً فون کریں۔
9560540829